www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 بدھ 04 صفر 1447ھ 30 جولائی 2025ء صفحات 08 شمارہ 25

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL:081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

غیر فعال ہسپتالوں کی فعالیت، خالی آسامیوں پر بھرتیاں، نئے تھانوں کا قیام، کسانوں کو زرعی ٹریکٹرز کی فراہمی

صوبائی کابینہ نے اہم فیصلوں کی منظوری دیدی

محکمہ صحت کے غیر فعال اسپتال پاک آرمی کی معاونت سے فعال کیے جائینگے، حکومت کسانوں کو پچاس فیصد سبسڈی پر زرعی ٹریکٹر فراہم کریگی، تمام محکموں بشمول محکمہ اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز میں نئی بھرتیاں ہونگی

سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں محکمہ زراعت کے ٹرینڈ کراپ رپورٹرز کو 6 سے گریڈ 11 میں اپ گریڈ کرنے کی بھی توثیق، اسلحہ لائسنس رولز میں ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے مفت استثنیٰ کا خاتمہ کر دیا گیا

وفاقی حکومت کی درخواست پر نجی میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کو لیز پر دی گئی 20 ایکڑ اراضی واپس، حقوق نسواں کے فروغ کیلئے بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹ آف ویمن کی چیئرپرسن کے طور پر کرن بلوچ کی تقرری

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے مجوزہ رولز اور صحافیوں کی فلاح و بہبود سے متعلق جرنلسٹس ویلفیئر ترمیمی رولز بھی منظور، مانگی ڈیم کے لیے اضافی سیکیورٹی، رکھنی اور بارکھان میں سی ٹی ڈی تھانوں کے قیام کی منظوری

تمام فیصلے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اس ویژن کی عکاسی کرتے ہیں جو ایک بااختیار، محفوظ، ترقی یافتہ اور عوام دوست بلوچستان کے قیام پر مرکوز ہیں، اجلاس کے بعد ترجمان حکومت شاہد رند کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (خ ن + سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس منگل کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبے کی مجموعی ترقی، موثر حکمرانی، عوامی بہبود اور سیکیورٹی سے متعلق متعدد فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے فیصلوں سے متعلق ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے پریس کانفرنس میں میڈیا کو تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کابینہ نے صوبے کے پچھ علاقوں میں محکمہ صحت کے غیر فعال اسپتالوں کو پاک آرمی کی معاونت سے فعال کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ شہریوں کو بنیادی طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں کابینہ نے زرعی شعبے کی بہتری کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے کسانوں کو پچاس...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر نے بھارت پر 25 فیصد ٹیکس لگانے کی دھمکی دیدی

بھارت نے اگر تجارتی معاہدہ نہ کیا تو اسے 25 فیصد ٹیرف دینا پڑیگا، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت پر 25 فیصد ٹیکس لگانے کی دھمکی دے دی، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ بھارت نے اگر تجارتی معاہدہ نہ کیا تو اسے 25 فیصد ٹیرف دینا پڑے گا، ٹرمپ نے کہا کہ بھارت ایک اچھا دوست رہا ہے، لیکن اس...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند صوبائی کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

قاسم اور سلیمان کو منع کر دیا، احتجاج کیلئے پاکستان نہیں آئینگے، عمران خان

آپ کے بیٹے امریکہ سے واپس جاچکے، 5 اگست تحریک کی تاریخ ہے کیا احتجاج میں شرکت کریں گے، صحافی کا سوال

بچے کسی تحریک میں شریک ہوں گے اور نہ ہی کسی احتجاجی تحریک کی قیادت کریں گے، بانی پی ٹی آئی کا صحافی کو جواب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے واضح کیا ہے کہ میرے بیٹے احتجاج کیلئے پاکستان نہیں آئیں گے، اڈیالہ جیل میں مقدمات کی سماعت کے موقع پر صحافی نے سوال کیا آپ کے بیٹے امریکہ سے واپس جاچکے، 5 اگست آپ کی تحریک کی تاریخ ہے کیا احتجاج میں...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان نے بھارت سے تاریخی جنگ جیتی، پوری دنیا اس کی معترف ہے، وزیراعظم

پاکستان اور چین ترقی کی نئی راہوں پر گامزن، پاک امریکہ تعلقات بھی نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں، شہباز شریف

امریکی صدر جب جنگ رکوانے کی بات کرتے ہیں مودی کا زخم تازہ ہو جاتا ہے، معیشت درست سمت میں گامزن ہو چکی

ریلوے کی شاندار بحالی پر وزیر ریلوے حنیف عباسی کی پذیرائی کریں گے، پاک بزنس ایکسپریس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین ترقی کی راہوں پر گامزن ہیں جبکہ پاک امریکہ تعلقات بھی نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں، پاکستان نے بھارت سے تاریخی جنگ جیتی، دنیا اس کی معترف ہے، عسکری فتح...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ نو تعمیر شدہ سریاب جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں

بھارتی فوج کے ہاتھ پاؤں باندھ کر پاکستان پر حملے کیلئے بھیجا گیا، میں نے رافیل پنجاب میں خود گرا دیکھا، بھارتی رکن اسمبلی نے لوک سبھا میں تصاویر پیش کر دیں

مودی تسلیم کریں بھارت کو نقصان پہنچا، جنگ بندی ٹرمپ نے کرائی

بھارتی لوک سبھا میں اپوزیشن نے مودی سرکار کو آڑے ہاتھوں لے لیا

اگر اندرا گاندھی کی طرح ہمت ہے تو کہیں کہ ٹرمپ نے جھوٹ بولا ہے، مودی کہیں کہ بھارت نے جنگ بندی نہیں کی اور بھارت کے کوئی طیارے نہیں گرے، راہول گاندھی

آپریشن مہادیو کل ہی کیوں ہوا؟ دہشت گرد پارلیمنٹ کے سیشن کے دوران ہی کیوں مارے گئے؟ ہمارے بہترین ایئر کرافٹ کی لیموں مرچ لگا کر پوجا کی گئی وہ کتنا اڑے تھے؟ اکھلیش یادیو

عوام کی حفاظت کی ذمہ داری کس کی ہے؟ پہلگام حملہ کے پیچھے انٹیلی جنس کی ناکامی ہے، وزیر دفاع نے ایک گھنٹہ بولتے ہوئے تاریخ پر لیکچر دیا یہ نہیں بتایا کہ پہلگام حملہ کیسے ہوا، پریانکا گاندھی

پنجاب میں بسیانہ ایئر فورس اسٹیشن کے پاس ایک لڑاکا طیارے کا ٹیل گرا، یہ ٹیل رافیل طیارے کا تھا جس پر BS-001 لکھا ہوا تھا، حادثے میں ایک شخص ہلاک جبکہ 9 افراد زخمی ہوئے، امریندر سنگھ

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) لوک سبھا کے رکن امریندر سنگھ راجا نے پاک بھارت جنگ کے دوران رافیل گرانے کی تصدیق کر دی۔ امریندر سنگھ راجا کا کہنا تھا کہ پنجاب میں بسیانہ ایئر فورس اسٹیشن کے پاس ایک لڑاکا طیارے کا ٹیل گرا، یہ ٹیل رافیل...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

بدعنوانی کے مرتکب افراد کیساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی، چیف جسٹس

وکلا اپنی صفوں سے کالی بھیڑوں کا خاتمہ کریں، مقدمات کو اچھی طرح سے جانچ پڑتال کرنے کے بعد قانون کے مطابق بروقت نمٹایا جائے

سائلین کو انصاف کی فراہمی میں کوئی دشواری پیش نہ آئے، غیر ضروری سٹے دینے اور مقدمات کے غیر ضروری التواء سے گریز کیا جانا چاہیے

غلط کو غلط کہنا سیکھیں، جسٹس روزی خان بڑیچ کا نو تعمیر شدہ سریاب جوڈیشل کمپلیکس کے افتتاح کے موقع پر ججز اور وکلاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ نے نو تعمیر شدہ سریاب جوڈیشل کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر عدالت عالیہ بلوچستان کے سینئر ترین جج محمد کامران خان ملاخیل و دیگر ججز، رجسٹرار ہائی کورٹ آف بلوچستان عبد الحلیم ابڑو، ڈسٹرکٹ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

مودی حکومت کو ایک اور جھٹکا، ڈونلڈ ٹرمپ کا خالصتان تحریک کے رہنما کو خط

اپنے شہریوں کے حقوق، سلامتی کیلئے لڑنا کبھی نہیں چھوڑوں گا، امریکہ محفوظ ہوگا تب ہی دنیا بھی محفوظ ہوگی، امریکی صدر

بین الاقوامی سطح پر خالصتان تحریک کو کچلنے کی تمام بھارتی کوششیں ناکام، ٹرمپ کا گرو چونت سنگھ کو خط واضح ثبوت

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ سمیت کئی بین الاقوامی اداروں کی جانب سے بھارت کے موقف کو مکمل طور پر تسلیم نہ کیے جانے پر بین الاقوامی سطح پر خالصتان تحریک...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیلی فورسز کی وحشیانہ کارروائیاں جاری، 89 فلسطینی شہید

اسرائیلی فورسز نے 41 افراد کو امداد کی تقسیم کے دوران گولیاں مار کر شہید کیا

صیہونی جارحیت کے دوران شہید ہونے والوں کی تعداد انسٹھ ہزار نو سو اکسں ہوگئی

غزہ (م ڈ) لڑائی میں وقفے اور امداد کی بحالی کے باوجود غزہ میں فلسطینیوں کا قتل عام نہ رک سکا، چوبیس گھنٹے میں مزید 89 فلسطینی شہید ہوگئے۔ اسرائیلی فورسز نے 41 افراد کو امداد کی تقسیم کے دوران گولیاں مار کر شہید کیا، 14 افراد غذائی قلت سے جان کی بازی ہار گئے، شہدا کی تعداد انسٹھ ہزار نو سو اکسں ہوگئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ کی صورتحال نہ بدلی تو فلسطین کو ریاست تسلیم کر لیں گے، برطانیہ کا اعلان

اسرائیل امداد کی ترسیل میں رکاوٹ نہ بنے اور پائیدار امن کے لیے سنجیدگی دکھائے، سر کیئر اسٹارمر

لندن (م ڈ) برطانیہ مشروط طور پر فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے پر راضی، برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر کا کابینہ کے ہنگامی اجلاس کے بعد گفتگو کرتے ہوئے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں، فلسطین کو اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت دی جانی چاہیے، اسحاق ڈار

بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا تیار ہیں، سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر ختم نہیں کر سکتا، تین دریاؤں پر ہمارا حق ہے

فلسطینی سرزمین پر اسرائیلی قبضہ فوری ختم ہونا چاہیے، اسرائیل اور فلسطین کیلئے دو ریاستی حل سے متعلق کانفرنس سے خطاب اور پریس کانفرنس

نیویارک (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں، وقت آگیا ہے فلسطینی ریاست کو اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت دی جائے، پاکستان دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے، فلسطینی سرزمین پر اسرائیلی قبضہ فوری...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی سستی ہونے کا امکان

بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے 53 ارب 39 کروڑ 30 لاکھ کے ریلیف کیلئے درخواست دائر کر دی

کراچی (بیورو رپورٹ) کیپسٹی چارجز میں کمی کے باعث بجلی کی قیمتوں میں مزید کمی کی راہ ہموار، ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی سستی ہونے کا امکان ہے، بجلی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا الیکٹرک بائیکس 2 سال کی اقساط پر دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرول، ڈیزل کی بجائے الیکٹرک گاڑیوں اور بائیکس کو فروغ دینے کیلئے وفاقی حکومت نے ایک لاکھ 16 ہزار الیکٹرک بائیکس 2 سالوں کی اقساط پر دینے کا فیصلہ کر لیا، ذرائع...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

نئی دہلی، بھارتی رکن اسمبلی امریندر سنگھ لوک سبھا میں پاکستان کی جانب سے گرائے جانے والے رافیل کی تصاویر دکھا رہے ہیں

بلوچستان کی 123 حساس یونین کونسلوں میں انسداد پولیو ٹیکہ جات مہم جاری

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سمیت بلوچستان کی 123 حساس یونین کونسلوں میں انسداد پولیو ٹیکہ جات مہم دوسری روز بھی جاری رہی پولیو ایمرجنسی سینٹر کے مطابق میڈیکل ٹیموں نے گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ذوالفقار بھٹو جونیئر کا بہن فاطمہ کے ہمراہ نئی پارٹی بنانے کا اعلان

پیپلز پارٹی اسٹیبلشمنٹ کیلئے کام کر رہی ہے، ساتھ کبھی کام نہیں کریں گے، ذوالفقار بھٹو جونیئر

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے پوتے ذوالفقار علی بھٹو جونیئر نے کہا ہے کہ مجھے اسٹیبلشمنٹ کی کوئی سپورٹ نہیں، میں خود اپنے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

دیوار پر لکھا نظر آرہا تھا پی ٹی آئی کے لوگوں کو نااہل کیا جائیگا، بیرسٹر گوہر

جمہوریت میں اپوزیشن کا کردار ختم ہو تو وہ شہنشاہت ہے، عدالتیں مرضی کا وکیل کرنے کا وقت نہیں دے رہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

بانی پی ٹی آئی کے بچوں سے براہ راست رابطہ نہیں ہوتا، اپنے والد کیلئے آنا بیٹوں کا حق ہے، آئے تو بھرپور استقبال کرینگے، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ جمہوریت میں اپوزیشن کا کردار ختم ہو تو وہ شہنشاہت ہے، دیوار پر لکھا نظر آرہا تھا پی ٹی آئی کے لوگوں کو نااہل کیا جائے گا صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا عدالتیں مرضی کا وکیل کرنے کا وقت نہیں دے رہیں، کہا کیس کو ختم کرتا ہے، آئینی حق ہے کہ کیس مرضی کا وکیل لڑے، فیصل آباد میں جج صاحب نے کہا گیا وکیل کرنا ہے انہوں نے اسٹیٹ کونسل...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی ضمانت درخواستوں پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

بانی پی ٹی آئی کی ضمانت اپیلوں پر سماعت کرنیوالا سپریم کورٹ کا بنچ تبدیل کر دیا گیا

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی نیا بنچ تشکیل، سماعت 12 اگست کو ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی مقدمات میں ضمانت اپیلوں پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ عمران خان کی ضمانت اپیلوں پر سماعت کیلئے موجود تھا، عمران خان کی جانب سے وکیل سلمان اکرم راجہ عدالت پیش ہوئے اور ججز سے سماعت...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بحران میں شوگر ملز مالکان نے 300 ارب روپے سے زیادہ کما لیے، آڈیٹر جنرل

چینی کی قیمت کی مد میں قوم کے ساتھ 287 ارب روپے کا دھوکا کیا گیا، رکن کمیٹی ریاض فتیانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آڈیٹر جنرل نے پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو بتایا کہ چینی کے بحران میں شوگر ملز مالکان نے 300 ارب روپے سے زیادہ کمائے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں آڈیٹر جنرل نے کہا کہ اگر حکومت کھپت کو چینی کی موجودہ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے غزہ کی صورتحال تباہ کن قرار دیدی

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے غزہ کی صورتحال تباہ کن قرار دیدی۔ اقوام متحدہ میں فلسطین کے 2 ریاستی حل پر 3 روزہ عالمی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے دورہ پاکستان کا شیڈول فائنل

2 اگست کو لاہور آمد متوقع، شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دیں گے

3 اگست کو ایرانی صدر کی پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں ہوں گی، سرکاری ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے سرکاری دورہ پاکستان کا شیڈول تیار کر لیا گیا، سرکاری ذرائع کے مطابق صدر مسعود پزشکیان 2 اگست کو لاہور پہنچیں گے، شاعر مشرق علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دیں گے، 3 اگست کو ایرانی صدر کی پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں ہوں گی، وزیراعظم شہباز شریف سے دو طرفہ مذاکرات کریں گے، باہمی تجارت، بارڈر مینجمنٹ، توانائی و علاقائی سلامتی جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال متوقع ہے، ایرانی صدر کی صدر آصف زرداری سے بھی ون آن ون ملاقات ہوگی، نائب وزیراعظم، چیئرمین سینیٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی سے بھی ملاقاتیں کریں گے، دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی و سیاسی...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ایوب مریانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعظم کا پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعاون میں پیشرفت پر اظہار اطمینان

کرغزستان کے وفد سے ملاقات میں مضبوط تعلقات کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تعاون میں پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کا کیس صرف 30 سیکنڈ کیلئے سنا گیا، علیمہ خان

جج نے کہا اہل خانہ اور وکلا کو بلائیں لیکن جیل انتظامیہ حکم نہیں مان رہی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ عدالت نے عمران خان کا کیس 30 سیکنڈ کیلئے سنا...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

چینی بحران، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے ایف بی آر، وزارت صنعت سے سخت سوالات، شوگر ملز مالکان کے نام طلب

کابینہ، ای سی سی نے 3 مراحل میں چینی ایکسپورٹ کرنے کی اجازت دی، 40 کروڑ ڈالر سے زیادہ زرمبادلہ کمایا گیا، حکام وزارت صنعت

برسوں سے چوہے بلی کا کھیل جاری ہے، کمیٹی ممبران، چینی کی قیمت میں حالیہ ردوبدل سے 300 ارب روپے کمائے گئے، آڈیٹر جنرل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے چینی کی امپورٹ اور قیمتوں میں اضافے پر ایف بی آر حکام سے ملز مالکان کے نام مانگ لیے، پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر خان کی زیر صدارت ہوا، سیکرٹری صنعت و پیداوار نے چینی بحران پر بریفنگ دی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

منگچر سے 3 افراد کی مسخ شدہ نعشیں برآمد، 2 کی شناخت ہوگئی

ایک کی شناخت عبدالسلام ولد عبدالحکیم قوم محمد شہی سکنہ مندے حاجی منگچر اور دوسری صفی اللہ ولد عبدالوہاب سکنہ کوہک حال کھڈ کوچہ سے ہوئی

تینوں افراد کی نعشیں منگچر کے علاقے کوہک بدرنگ میں پڑی ہوئی تھیں، تیسرے شخص کی شناخت نہیں ہو سکی، لیویز مزید کارروائی کر رہی ہے

منگچر (آن لائن) منگچر کوہک بدرنگ ایریا سے تین افراد کی نعشیں برآمد لیویز ذرائع کے مطابق منگچر کے کوہک بدرنگ ایریا سے تین افراد کی نعشیں برآمد جنہیں لیویز نے شناخت کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا جن میں سے ایک کی شناخت عبدالسلام ولد عبدالحکیم قوم محمد شہی سکنہ مندے حاجی منگچر اور دوسرے کا صفی اللہ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

القاعدہ رہنما سعد بن عاطف کی گرفتاری کی انعامی رقم میں اضافہ

گرفتاری میں مدد دینے پر 10 ملین ڈالر انعام دیا جائے گا، امریکی حکومت

واشنگٹن (م ڈ) امریکا نے القاعدہ رہنما سعد بن عاطف العولقی کی گرفتاری کی انعامی رقم میں اضافہ کر دیا۔ واشنگٹن سے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ڈیگاری میں دوہرے قتل کا مرکزی ملزم جلال تاحال گرفتار نہ ہو سکا

قتل کیس کی ویڈیو کو 10 دن گزر گئے، پولیس کی کارروائی سست روی کا شکار

کوئٹہ (یو این اے) نواحی علاقے ڈیگاری میں خاتون اور مرد کے دوہرے قتل کے مقدمے میں پولیس تاحال مرکزی ملزم جلال کو گرفتار نہ کر سکی، جو مقتولہ کا بھائی بتایا جا رہا ہے۔ پولیس کے مطابق مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں، جبکہ مقدمے...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن کا بڑا فیصلہ، ایم این اے عبداللطیف نااہل قرار

نااہلی کا فیصلہ 29 جولائی 2025 کے حکمنامے کی روشنی میں کیا گیا، نشست خالی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے اہم فیصلہ سناتے ہوئے قومی اسمبلی کے رکن عبداللطیف کو آئین کے...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج یا مارچ؟ پی ٹی آئی قیادت 31 جولائی کو سر جوڑ کر بیٹھے گی

پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت طلب، چیئرمین، سیکرٹری جنرل و دیگر رہنما شرکت کرینگے

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے آئندہ احتجاجی حکمت عملی طے کرنے کیلئے 31 جولائی کو اہم مشاورتی اجلاس پشاور میں بلا لیا، پی ٹی آئی کی مرکزی قیادت کو طلب کر لیا گیا، چیئرمین، سیکرٹری جنرل و دیگر رہنما شرکت کرینگے، اجلاس میں آئندہ حکمت...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، 6 افراد کے قتل میں ملوث 2 ملزمان کو سزائے موت، 2 کو عمر قید کی سزا

ملزمان نے 4 مارچ 2022 کو گھریلو تنازعہ پر نواں کلی کے ایک گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے میاں بیوی اور انکے 4 بچوں کو قتل کر دیا تھا

تمام ملزمان کو چار مختلف مقدمات میں عمر قید اور بھاری جرمانے بھی سنائے گئے، جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید چھ چھ ماہ کی سزائیں بھگتنا ہونگی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں ایک ہی خاندان کے 6 افراد کے قتل میں ملوث 4 ملزمان کو سزائیں سنا دی گئیں، عدالت نے 2 ملزمان کو سزائے موت جبکہ دیگر 2 ملزمان کو عمر قید کی سزائیں...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی ترقی و خوشحالی بلوچستان سے وابستہ، سرمایہ کاروں کو بھرپور تحفظ فراہم کرینگے، گورنر

تاجر اور صنعتکار معاشی نظام کو مستحکم بنانے، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور لوگوں کو روزگار فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

بلوچستان بینک کا قیام ناگزیر، تاجروں و صنعتکاروں کو سہولیات دینے کیلئے پرعزم ہیں، چیمبر آف کامرس کے وفد سے بات چیت

خواتین معاشرے کی زینت و وقار ہیں جن کے تمام حقوق و اختیارات کی پاسداری ہم سب کی ذمہ داری ہے، نورین بانو سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ تاجر اور صنعتکار ملک اور صوبے کے معاشی نظام کو مستحکم بنانے، معاشی سرگرمیوں کے فروغ دینے اور لوگوں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مالی فراڈ، ملک بھر کے کال سینٹرز کیلئے لائسنس لازمی قرار دینے کا فیصلہ

لائسنس 3 وفاقی اداروں کی منظوری سے ملے گا، آپریشن گرے کا دائرہ کار صوبوں تک پھیلایا جائیگا

صوبوں میں موجود غیر لائسنس یافتہ اور مشکوک کال سینٹر اب اگلا نشانہ ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مالی فراڈ کے بڑھتے واقعات کو روکنے کیلئے حکومت نے سخت ایکشن لینے کا فیصلہ کر لیا، این سی سی آئی اے کے "آپریشن گرے" کا...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ہالینڈ نے غزہ کی صورتحال پر اسرائیلی سفیر کو طلب کر لیا، 2 صیہونی وزرا پر پابندی

ایمسٹرڈیم (بیورو رپورٹ) ڈچ حکومت نے غزہ کی صورتحال کو ناقابل برداشت و ناقابل دفاع قرار دیتے ہوئے احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے اسرائیل کے سفیر کو طلب کر لیا اور اسرائیل کے 2 انتہا پسند وزرا پر ملک میں داخلے پر پابندی بھی عائد کر دی، ڈچ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کیلئے وزیر خزانہ امریکہ چلے گئے

یکم اگست کی ڈیڈ لائن سے قبل دونوں ممالک کے درمیان متفقہ ٹیرف پر دستخط متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ اور تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے امریکہ چلے گئے، یکم اگست 2025 کی ڈیڈ لائن سے قبل دونوں ممالک کے درمیان باہمی طور پر متفقہ ٹیرف پر دستخط ہو سکتے ہیں، وزیر خزانہ اور تکنیکی ٹیم وزیراعظم آفس میں اجلاس...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول اور ڈیزل سستا، لائٹ ڈیزل مہنگا ہونے کا امکان

وزیراعظم پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کی حتمی منظوری دیں گے

یکم اگست سے پیٹرول کی 9 روپے 7 پیسے اور ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 73 پیسے کمی متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں یکم اگست سے پیٹرول اور ڈیزل سستا جبکہ مٹی کا تیل اور لائٹ ڈیزل مہنگا ہونے کا امکان ہے، ذرائع کے مطابق یکم اگست...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ہرنائی، کوئلہ کان میں گیس دھماکے سے 5 کانکن زخمی ہوگئے

زخمی مزدوروں کو ہرنائی میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں کوئلہ کان میں کام کے دوران اچانک کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے زوردار دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں گیس دھماکے کے باعث 5 کانکن زخمی ہوگئے۔ لیویز کے مطابق ہرنائی کی واقع طالب لیز میں 5 کانکن واقعہ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

روس کا یوکرین کی جیل پر فضائی حملہ، 20 افراد ہلاک، 35 زخمی

کیف (بیورو رپورٹ) روس کا یوکرین کی جیل پر فضائی حملہ، 20 افراد ہلاک ہوگئے، یوکرینی میڈیا کے مطابق روس...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ، چین سر فہرست

2025 کے دوران غیر ملکی سرمایہ کاری میں مجموعی طور پر 7.4 فیصد اضافہ ریکارڈ

ہانگ کانگ کی توانائی، انفراسٹرکچر اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں 496.9 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری

کراچی (بیورو رپورٹ) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا، مالی سال 2025 کے دوران پاکستان...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

گدھے پنجاب، کے پی سے اسلام آباد منتقل کیے جارہے تھے، رپورٹ

معاملہ صرف مقامی نہیں بلکہ بین الصوبائی سطح پر منظم نیٹ ورک سے جڑا ہو سکتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کے تھانہ ترنول کی حدود میں گدھوں کے گوشت کی غیر قانونی فراہمی پر بڑی پیشرفت سامنے آگئی، پولیس ذرائع کے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

سدرہ قتل کیس، گرفتار رکشہ ڈرائیور کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

عدالت نے گورکن راشد محمود، سیکرٹری قبرستان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں غیرت کے نام پر قتل سدرہ کیس میں گرفتار رکشہ ڈرائیور کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا، عدالت نے گورکن راشد محمود، سیکرٹری قبرستان سیف الرحمان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی، دونوں کو 14 روزہ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

قلات آپریشن میں مارا گیا دہشتگرد صہیب لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل نکلا

فتنہ الہندوستان کا گٹھ جوڑ بے نقاب

بی وائی سی کی ماہ رنگ بلوچ نے ہمیشہ نام نہاد لاپتہ افراد کا بیانیہ اپنے مذموم عزائم اور ریاست کو بدنام کرنے کیلئے استعمال کیا

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے مظاہروں میں منہ چھپائے لوگ اصل میں دہشتگردوں کے آلہ کار و سہولت کار ہیں، سیکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فتنہ الہندوستان اور بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو گیا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق نام نہاد لاپتہ افراد کی آڑ میں دہشت گردی کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے، قلات آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گرد صہیب...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تمام منسلک ملازمین کو اصل تعیناتی کی جگہ پر واپس بھیجا جائے، جی ایم کیتھ

شکایات موصول ہونے کے بعد تمام منسلکی احکامات کی فوری منسوخی کا نوٹیفکیشن جاری

پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف بی ای ای ڈی اے 2011 کے تحت کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (ٹی این پی) ترجمان محکمہ صحت و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلوچستان محمد زبیر بلوچ نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفسران، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، ادارہ جاتی سربراہان، اور ہاسٹلز کو ہدایات جاری کی ہے کہ گریڈ 1 سے 16 تک کے تمام منسلک ملازمین کو فوری طور پر ان کی اصل تعیناتی کی جگہ پر واپس بھیجا جائے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام محکمہ کو شکایات موصول ہونے کی بنیاد پر کئی ملازمین اپنی اصل تعیناتی کی جگہ سے کہیں دیگر دفاتر اور سرکاری محکمہ میں ڈیوٹیاں انجام دے رہے ہیں، جس پر اعلیٰ حکام نے سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام منسلکی احکامات کو فوری منسوخ کا حکم دیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر ان احکامات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو پی ای ڈی اے 2011 کے تحت متعلقہ افسران اور ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ یہ احکامات ذریعہ محکمہ بلوچستان کی ہدایات پر جاری کیے گئے ہیں تاکہ نظام میں شفافیت، کارکردگی اور قواعد کی عملی پابندی یقینی بنایا جائے۔

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے شیخ اللہ ایکٹرنی کی قیادت میں چین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

جبل نور القرآن رجسٹرڈ ادارہ ہے، مفادات کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں، حاجی عبدالرشید

مجھے پرانا کوئٹہ پر جبل نور القرآن و ویلفیئر سوسائٹی کا متعلقہ اداروں سے فوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ) جبل نور القرآن و ویلفیئر سوسائٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرشید کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ جبل نور القرآن ایک رجسٹرڈ اور معتبر ادارہ ہے، جس میں بعض حضرات کی جانب سے ایک بے بنیاد اور من گھڑت پریس کانفرنس کے ذریعے یہ دعویٰ کیا گیا کہ وہ جبل نور القرآن کے ساتھ باہمی مفاہمت اور اتحاد کا دعویٰ اور تھرکا کوٹ کے حقیقی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کا جبل نور القرآن سے نہ کوئی تعلق ہے اور نہ ہی وہ ماضی میں اس ادارے کا حصہ رہے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک منصوبہ بند سازش کے تحت کیا گیا ہے، جس میں ایک ہی مکان کے نمبر پر کئی ادارے رجسٹرڈ دکھائے جا رہے ہیں، جس پر اعلیٰ حکام نے سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام منسلکی احکامات کو فوری منسوخ کا حکم دیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ ملازمین کو فوری طور پر ان کی اصل تعیناتی کی جگہ پر واپس بھیجا جائے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ صحت کو شکایات موصول ہونے کے بعد تمام منسلکی احکامات کی فوری منسوخی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفسران اور ملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی دیگر دفاتر اور سرکاری محکمہ میں ڈیوٹیاں انجام دے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

عوام کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے، حاجی محمد خان لہڑی

محکمہ ایکسائز میں شفافیت، اصلاحات اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

تمام متعلقہ آفیسران کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل فوری طور پر حل کریں

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز ٹیکسیشن بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز میں شفافیت، جدید اصلاحات اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور شفاف طرز حکمرانی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے اور عوامی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام متعلقہ آفیسران کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور ان کے مسائل فوری طور پر حل کریں۔ نوکن ٹیکس اور دیگر معاملات سے متعلق عوام کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

ہمارا مطمع نظر عوام دوست پولیسنگ کا فروغ ہے، آئی جی اسلام آباد

افسران و اہلکاران شفافیت اور ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کو ترجیح دیں

پولیسنگ کے تمام پہلوؤں میں عوام کا اعتماد بحال رکھنے کو اولین ترجیح دی جائے

اسلام آباد (نامہ نگار) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ ہمارا مطمع نظر عوام دوست پولیسنگ کا فروغ ہے، پولیسنگ کے تمام پہلوؤں میں عوام کا اعتماد بحال رکھنے کو اولین ترجیح دی جائے۔ تربیت سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عوام دوست پولیسنگ، شفافیت اور ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کو ترجیح دینے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کے سینئر پولیس افسران کے ساتھ ایک اہم زوم میٹنگ کی، اس اجلاس کا مقصد شہر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینا، جرائم کے سدباب کے لئے موثر حکمت عملی مرتب کرنا، عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنانا اور پولیس فورس کی پیشہ ورانہ تربیت کے معیار کو مزید بہتر بنانا تھا۔ میٹنگ کے دوران دارالحکومت میں جاری آپریشنز، موثر پٹرولنگ کے اقدامات، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں اور شہریوں کے لئے پولیس خدمات میں بہتری کے پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سینئر پولیس افسران نے آئی جی اسلام آباد کو اپنی ترجیحات میں اولین ترجیح دی جائے، اس کے ساتھ انہوں نے کہا کہ تمام افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ پر کارروائی اور پیشہ ورانہ تربیت کے عمل کو ترجیح دیں۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، شفاف نظام اور جوابدہ پولیسنگ کے ذریعے ہی اسلام آباد ایک محفوظ، پرامن اور جرائم سے پاک شہر میں بدلا جا سکتا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، شکایات پر فوری ریسپانس اور قانون کی مساوی عملداری کو یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کیں، انہوں نے کہا کہ تمام افسران اپنے ماتحت عملے کی نگرانی موثر انداز میں کریں اور عوامی شکایات کے حل کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھیں، تمام افسران تھانہ جات کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، ایف آئی آر ز کے بروقت اندراج، تفتیش کے عمل میں شفافیت، اور شکایات کے فوری ازالے کو پولیسنگ کا لازمی جزو بنائیں۔

نصیب اللہ کاکڑ انسپکٹر فائر سروس تعینات

کوئٹہ (اے این این) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے حکام کی منظوری سے نصیب اللہ کاکڑ کو انسپکٹر فائر سروس تعینات کر دیا گیا ہے ان کی تعیناتی فائر سیفٹی کے شعبے میں ایک اہم اور مثبت پیش رفت قرار دی جا رہی ہے تفصیلات کے مطابق نصیب اللہ کاکڑ شہر کی دکانوں، پلازوں، مارکیٹوں اور دیگر تجارتی مراکز میں آگ سے بچاؤ کے اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے موثر کردار ادا کریں گے وہ عوامی و نجی املاک کو محفوظ بنانے اور ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی کی حکمت عملی کے لیے سرگرم ہوں گے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ذرائع کے مطابق کوئٹہ ایک گنجان آباد اور مصروف کاروباری شہر ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صدر سعد اللہ ترین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

لیویز کا پولیس میں انضمام نامنظور، بی ایریاز کو ختم نہ کیا جائے، اے کیو ایم

لیویز کی کارکردگی پولیس سے کئی بہتر، بی ایریاز کو ختم کرنا عوام دشمن اقدام ہے

بی ایریا کے خاتمے کا فیصلہ فوری واپس لیا جائے اس سے عوام کا اعتماد مجروح ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ نے بلوچستان میں لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے اور بی ایریا کو اے ایریا میں تبدیل کرنے کے حکومتی منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے اسے عوام دشمن اور غیر جمہوری سازش قرار دیا ہے۔ اپنے صوبائی پریس ریلیز میں افغان قومی موومنٹ نے واضح کیا کہ لیویز فورس صوبے کے تمام اضلاع میں بہترین، قابل اعتماد اور موثر انداز میں امن و امان قائم رکھے ہوئے ہے، اور بی ایریاز میں جرائم کی شرح میں 94 فیصد تک کمی لیویز کی کارکردگی کا ثبوت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ عوام پولیس کی نسبت لیویز کے ساتھ زیادہ تعاون کرتے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف موجودہ لہر میں لیویز کا کردار نمایاں ہے۔ اے کیو ایم کا کہنا تھا کہ ماضی میں بھی کئی بار بی ایریاز کے خاتمے کی کوششیں ناکام ہوئیں، اور ہر بار سیاسی و جمہوری قوتوں نے ان سازشوں کو مسترد کیا۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر بی ایریا کو ختم کر کے لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی کوشش کی گئی تو افغان قومی موومنٹ عوامی طاقت کے ساتھ مزاحمت کرے گی۔ اے کیو ایم نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بی ایریا کے خاتمے کا فیصلہ فوری واپس لیا جائے

کوئٹہ کو جدید شہری سہولیات سے آراستہ کرنا میرا مشن ہے، زرک مندوخیل

تمام علاقوں کی ترقی کو یکساں اہمیت دی جا رہی ہے رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) رکن بلوچستان اسمبلی اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو جدید طرز پر ترقی دینا ان کا مشن ہے اور وہ دن رات عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم ہیں، حکومت عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ہر علاقے کی ترقی کو یکساں اہمیت دی جا رہی ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ انہوں نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ منصوبے بروقت اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ میرے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں، ہم نے سیاست کو عبادت کا درجہ دیا ہے، اور کوئٹہ کے نوجوان، تاجر، اور خواتین میری ترجیح ہیں رکن اسمبلی نے بتایا کہ صوبائی حکومت کے تعاون سے متعدد نئے ترقیاتی منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کے اسکولوں میں تجاوزات اور انکے خاتمے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

واریا تا غرشینان روڈ منصوبے پر تاحال کام کا آغاز نہ ہو سکا

منصوبے کی مسلسل تاخیر ناقابل قبول، قانونی چارہ جوئی پر مجبور ہیں، ملک خیر اللہ

متعلقہ اداروں کی غفلت کے باعث منصوبہ موخر ہوتا چلا جا رہا ہے، عزیز الرحمٰن

کوئٹہ (یو این اے) مالی سال 2024-2025 کے پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) اور حالیہ 2025-2026 بجٹ بک میں شامل ہونے کے باوجود واریا تا غرشینان 15 کلومیٹر روڈ، کارپٹنگ اور پل کی تعمیر کا اہم منصوبہ تاحال تعطل کا شکار ہے، جس پر علاقے کے قبائلی رہنما ملک خیر اللہ غرشین اور ممتاز قانونی ماہر ایڈووکیٹ عزیز الرحمٰن نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ منصوبہ نہ صرف عوام کی سفری مشکلات ختم کرنے کا باعث بنے گا بلکہ علاقے کی مجموعی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ مگر متعلقہ اداروں کی سستی اور عدم دلچسپی کے باعث منصوبے پر عملی پیش رفت دیکھنے میں نہیں آ رہی۔ ملک خیر اللہ کے مطابق موسم سرما قریب ہے اور اگر بروقت کام کا آغاز نہ ہوا تو شدید سردی میں تعمیراتی عمل مزید تاخیر کا شکار ہو سکتا ہے، جس سے نہ صرف فنڈز ضائع ہوں گے بلکہ عوام کی مشکلات بھی بڑھیں گی۔ رہنماؤں نے چیئرمین بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BDA) اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری اور سنجیدہ اقدامات کے ذریعے منصوبے کا آغاز ممکن بنائیں۔ بصورت دیگر عوام قانونی راستہ اپنانے پر مجبور ہوں گے۔ علاقے کے عوام نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ اس منصوبے کو مزید نظرانداز نہ کیا جائے اور فوری طور پر اس پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو جلد سہولت میسر آ سکے۔

غیر قانونی کرش پلانٹس کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے، ڈی سی کوئٹہ

اب تک کارروائی کے دوران 22 کرش پلانٹس کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے، غیر قانونی کرش پلانٹس بابت اجلاس میں بریفنگ

اگر کسی سب ڈویژن میں کوئی کرش پلانٹ فعال ہے تو فوری طور پر اس کی بندش کو یقینی بنایا جائے، اجلاس میں متعلقہ آفیسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں قائم غیر قانونی کرش پلانٹس پر پابندی اور ان کے خاتمے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک سمیت محکمہ معدنیات (مائنز) اور محکمہ ماحولیات کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کوئٹہ میں قائم تمام فعال اور غیر فعال کرش پلانٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر سریاب کو واضح ہدایات جاری کیں کہ ان کے سب ڈویژن میں اگر کوئی کرش پلانٹ سرگرم ہے تو فوری طور پر اس کی بندش کو یقینی بنایا جائے اور متعلقہ مشینری ضبط کی جائے۔ انتظامیہ کے افسران نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ اب تک کارروائی کے دوران 22 کرش پلانٹس کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی شہریوں کی صحت، ماحولیاتی تحفظ اور قانون کی بالادستی کے پیش نظر کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

نہر میں نوجوان ڈوب کر جاں بحق

تھل نوجوان

جیکب آباد (آئی این پی) تھل میں نوجوان نہر میں نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل تھل کے جعفرو ولی محلہ کا رہائشی 20 سالہ نوجوان عمر لاشاری موسیٰ اللہ آباد نہر میں نہاتے ہوئے گہرے پانی میں ڈوب گیا مقامی افراد اور ریسکیو ٹیموں نے ڈوبنے کی تلاش کے بعد نوجوان کی لاش نکال لی گئی نوجوان کی لاش جب اس کے گھر پہنچائی گئی تو کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشکبار تھی۔

محکمہ لائیو اسٹاک میں بدعنوانی عروج پر، شکایات کے باوجود کوئی تھام نہیں پلکا

ایک خاص ملازم نے محکمے کے آفیسران کی ٹرانسفر پوسٹنگ، پروموشن پر رشوت خوری کا بازار گرم کر رکھا ہے جو کہ سراسر ظلم اور نا انصافی ہے

کئی بار سیکرٹری لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کو تحریری طور پر آگاہ کیا ہے مگر تاحال کوئی کارروائی نہیں ہوئی جس سے کئی سوالات جنم لیتے ہیں

ملازم خاص سیکرٹری کے نام پر آفیسران کو فون کر کے دھمکیاں دیتا ہے اور سیکرٹری کے ماتحت آفیسران و ملازمین کو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن محکمہ لائیو اسٹاک یونٹ نے سیکرٹری لائیو اسٹاک کے خلاف دو ٹوک الفاظ میں یہ کہتے ہوئے کہا ہے کہ محکمے میں بدعنوانی کا بازار گرم ہے سیکرٹری لائیو اسٹاک کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود صورتحال کا نوٹس نہیں لیا جا رہا جس پر لیپکا احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن محکمہ لائیو اسٹاک یونٹ کے صدر میر اشرف ناروئی، جنرل سیکرٹری عامر رشید اور دیگر عہدیداران نے کہا ہے کہ لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں ایک ادنیٰ سے ملازم نے محکمے کے آفیسروں کی ٹرانسفر پوسٹنگ، پروموشن پر رشوت خوری کا بازار گرم کر رکھا ہے جو کہ سراسر ظلم اور نا انصافی ہے اس ادنیٰ سٹاف کے خلاف کئی بار سیکرٹری لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کو تحریری طور پر آگاہ کیا ہے مگر تاحال کوئی کارروائی نہیں ہوئی جس سے کئی سوالات جنم لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ادنیٰ سٹاف سیکرٹری لائیو اسٹاک کے نام پر آفیسروں کو فون کرتا ہے اور ان کے نام پر دھمکی دی جاتی ہے اور سیکرٹری لائیو اسٹاک کے ماتحت آفیسران اور ملازمین کو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے اور مذکورہ ملازم سیکرٹری لائیو اسٹاک کو کئی بار اس شخص کے بارے میں شکایت کی گئی ہے لیکن سیکرٹری کی طرف سے اس پر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی اور نہ ہی کوئی ایکشن لیا گیا اور اس شخص کی وجہ سے لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کی ساکھ کو بہت زیادہ نقصان پہنچ رہا ہے اور یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ یہ شخص محکمے کے آفیسران کو ٹرانسفر کی دھمکی دیتا ہے اور اگر آفیسران ان کی فرمائش کو پورا نہ کریں اور رشوت نہ دیں تو اس آفیسر کو فوری طور پر ٹرانسفر کروایا جاتا ہے اور اگر اس آفیسر کے پاس کوئی ڈی ڈی او پاور ہو تو وہ بھی اس آفیسر سے فوری طور پر لیا جاتا ہے آخر اس ادنیٰ ملازم کے پیچھے ایسی کونسی قوت یا پاور ہے ماسوائے سیکرٹری کے جو وہ استعمال کر کے محکمہ کے اعلیٰ آفیسران کی ٹرانسفر اور ایس ڈی کرواتا ہے ان کا کہنا تھا کہ ہمارے لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں کئی ایسے آفیسرز ہیں جن کے پاس تین تین ڈی ڈی او پاور ہیں یا جن کے پاس تین تین اضافی چارج دیئے گئے ہیں یہ رویہ دوسرے ملازمین اور آفیسرز کے ساتھ سراسر ظلم ہے کیا ہمارے محکمہ کے آفیسروں کو نوازا جاتا ہیں اور باقی قابل آفیسرز کو او ایس ڈی کر دیا جاتا ہے ایک اور اہم بات ہمارے قابل آفیسران کو ڈی ڈی او چارج دیا جاتا ہے لیکن ڈی ڈی او پاور کسی دوسرے جونیئر کو دیا جاتا ہے اس عمل سے ہمارے اعلیٰ آفیسران کی عزت نفس کو مجروح کیا جاتا ہے جو کہ سراسر غلط عمل ہیں ان کا کہنا تھا کہ اس شخص کے خلاف عوام الناس نے وزیراعظم پورٹل پر بھی کئی بار شکایتیں درج کی ہوئی ہیں لیکن افسوس کی بات ہے کہ سیکرٹری لائیو اسٹاک ان کے خلاف کوئی ایکشن بھی نہیں لیتا جو کہ انتہائی شرم کی بات ہیں سیکرٹری لائیو اسٹاک اس شخص کو ہر طرح سے سپورٹ کر رہا ہیں ان کا کہنا تھا کہ ہم نے منسٹریل سٹاف کی ایکٹنگ چارج ایڈمن آفیسر کا کیس کئی بار بھیجا جس پر اس شخص نے بے بنیاد اوبجیکشن لگا کر واپس کر دیا اعلیٰ آفیسران اور دیگر آفیسران کے لئے کوئی ونگ وائز نہیں کسی کو بھی کسی ونگ میں تعینات کیا جاتا ہے یہ صرف ہمارے منسٹریل سٹاف کیلئے ہیں انہوں نے آخر میں کہا کہ ہم وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کے سیکرٹری لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے خلاف ایکشن لیا جائے ورنہ ہم آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن محکمہ لائیو اسٹاک مکمل طور پر یہ حق رکھتے ہیں کہ ہم سیکرٹری لائیو اسٹاک کے خلاف ہڑتال کا اعلان کرے اور ڈیپارٹمنٹ کی تالا بندی کریں جس کی تمام تر ذمہ داری سیکرٹری لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ پر ہوگی

محکمہ ایکسائز کی لورالائی میں NCP گاڑیوں کیخلاف ایکشن

ایکسائز فورس نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں پر روڈ چیکنگ کی

ٹوکن ٹیکس و دیگر واجبات کی عدم ادائیگی پر متعدد گاڑی مالکان سے ریکوری کی گئی

لورالائی (خ ن) محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان کی جانب سے صوبے بھر میں جاری ٹیکس نظام کی مضبوطی اور غیر قانونی گاڑیوں کی بیخ کنی کے لیے مربوط اقدامات کے تحت آج لورالائی میں ایک بڑی کارروائی عمل میں لائی گئی سیکرٹری ایکسائز کی خصوصی ہدایت پر ای ٹی او لورالائی کامران کی قیادت میں ایکسائز فورس نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں پر روڈ چیکنگ کی۔ اس دوران نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیوں کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے متعدد گاڑیوں کو تحویل میں لیا گیا، جبکہ ٹوکن ٹیکس و دیگر واجبات کی عدم ادائیگی پر متعدد گاڑیوں سے موقع پر ہی قابل ذکر رقم کی ریکوری کی گئی۔ ای ٹی او لورالائی کا کہنا تھا کہ یہ کارروائیاں نہ صرف ٹیکس قوانین کے نفاذ کو یقینی بناتی ہیں بلکہ غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ محکمہ ایکسائز کی ٹیم مستقبل میں بھی اسی جذبے اور عزم کے ساتھ اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان کی جانب سے شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن، ٹیکس اور دیگر واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں تاکہ قانونی کارروائی سے بچا جا سکے۔

کوئٹہ، اقرار سکولز ایسوسی ایشن ضلع کے صدر محمد شاکر خان کاکڑ، ای ایجوکیشن ڈی ای او ڈسٹرکٹ فاطمہ منور کو چارج سنبھالنے پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

لورالائی، ایکسائز ٹیم کی روڈ چیکنگ NCP گاڑیوں کی خلاف کارروائی کر رہی ہیں

عوام کی فلاح و بہبود و ترقی کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائیں گے، میر لیاقت لہڑی

بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، پانی، صحت اور تعلیم سے متعلق درپیش مسائل کا حل ناگزیر ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ

جیل روڈ اور قلات اسٹریٹ کے نمائندہ وفد نے رکن اسمبلی سے ملاقات کی اور علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل پر ان کی کاوشوں کو سراہا

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اور بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، پانی، صحت اور تعلیم سے متعلق درپیش مسائل کا حل وقت کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ منگل کے روز حاجی اسحاق مینگل کی سربراہی میں جیل روڈ حدہ کا ایک نمائندہ وفد جس میں حاجی باقی دہوار، عنایت لانگو، آصف لاشاری، باسط لہڑی، محمد عارف، طارق مینگل اور دیگر معززین شامل تھے نے ملاقات کی ملاقات کے دوران جیل روڈ اور قلات اسٹریٹ کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل پر وفد نے میر لیاقت علی لہڑی کی کاوشوں کو سراہا اور عوامی مسائل کے حل میں ان کی دلچسپی کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفد نے قلات اسٹریٹ میں پانی کی شدید قلت اور اس کی فراہمی سے متعلق امور بھی زیر بحث لائے۔ پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت علی لہڑی نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ قلات اسٹریٹ میں پانی کی قلت کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور جلد از جلد ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ اسی طرح رکن صوبائی اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سے مختلف عمائدین نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سیاسی و علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ معزز مہمانوں نے علاقے کی ترقی، عوامی مسائل اور دیگر اہم معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا، جبکہ میر لیاقت علی لہڑی نے تمام تجاویز کو غور سے سنا اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیح ہے۔ دریں اثناء رکن بلوچستان اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے مقبول احمد لہڑی کے بھائی قانون دان ایڈووکیٹ ماجد لہڑی کی رہائش گاہ پر جا کر ان کی عیادت کی۔ انہوں نے ایڈووکیٹ ماجد لہڑی کی صحت کے حوالے سے خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحتیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ماجد لہڑی کی قانونی خدمات کو سراہا اور ان کی صحت و سلامتی کے لیے دعا بھی کی۔

Power Information Technology Company (PITC)

CAREER OPPORTUNITY AS COMPANY SECRETARY

Power Information Technology Company (PITC) serves as an arm of the Government to provide IT based customer care facilitating through IT solutions and support to Power Sector Entities (DISCOs, GENCOs, and NTDC). The company is in continuous pursuit of ensuring the efficacy of IT solutions & support on Project Governance, Infrastructure Establishment i.e. wide area network, local area network of Power Sector. The company is looking for the services of a high caliber Professional to be part of its team as Company Secretary.

COMPANY SECRETARY

a. Job Profile

Reporting to the **Board of Directors, the Company Secretary (CS)** will be primarily responsible for ensuring the Company's compliance with legal, regulatory, and corporate governance requirements. The CS will serve as the key advisor to the Board on governance matters, oversee the organization's statutory obligations, and facilitate effective Board and shareholder processes. The Company Secretary will also be responsible for implementing best governance practices in alignment with the applicable laws and regulations.

b. Academic Qualification

1. A member of a recognized body of professional accountants; OR
2. A member of a recognized body of corporate or chartered secretaries; OR
3. A person holding a Master's degree in Business or Finance or Commerce, or Law from an HEC-recognized university

c. Experience

1. A retired government servant in BPS-18 or equivalent or above with at least fifteen (15) years of service.
2. At least five (5) years working as the Full Time Company Secretary of a government or private sector organization.

d. Knowledge & Special Skills

1. Thorough knowledge of **Companies Act**, , SECP regulations, and other relevant corporate laws and rules applicable to state-owned enterprises along with excellent understanding of corporate secretarial practices, statutory compliance, and regulatory frameworks.
2. Expertise in drafting Board agendas, resolutions, minutes, statutory reports, and disclosures.
3. Strong interpersonal skills with the ability to maintain confidentiality, integrity, and professionalism.
4. Ability to handle complex tasks under tight deadlines with attention to detail.

e. Tenure, Age & Salary Package

Position is based at Lahore, however incumbent may be required to serve anywhere in Pakistan. It will be a contract appointment for three years term, extendable on requirement and performance. The maximum age limit is up to **45 years** on **closing date** of advertisement. The position carries competitive and attractive market based remunerations.

The candidates must apply online at **https://jobs.pitc.com.pk** within 15 days from the date of publication of this advertisement. The applications received through online job portal will only be entertained.

- Only short-listing candidates will be invited for the interviews/selection process.
- No TA/DA will be admissible for test/interview.

PID(L) 217/25

MUHAMMAD BILAL CHAUDHARY
DIRECTOR (HR & ADMN)
PITC WAPDA HOUSE, LAHORE

کراچی بس ٹرمینل منصوبے پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز اتحاد

کمرشل پلاٹس کی بندر بانٹ بند کی جائے، شفاف تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہیں، حکمت لہڑی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز اتحاد نے کراچی بس ٹرمینل منصوبے میں کمرشل پلاٹوں کی نیلامی اور بندر بانٹ کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہ اپنے حق پر کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ اتحاد کے مرکزی صدر میر حاجی حکمت لہڑی، حاجی وحید کاکڑ، میر دولت لہڑی، حاجی حبیب اللہ بادیزئی، میر اکبر لہڑی، طاہر شاہ کاکڑ، وزیر خان، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی ولی خان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دہوار، حاجی سیف الدین بڑیچ و دیگر نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری نوٹس لے اور منصوبے کو شفافیت کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کے ڈی اے نے سالوں قبل ٹرانسپورٹروں کو ٹرمینل الاٹ کیا تھا اور وہ باقاعدہ واجبات ادا کر کے قانونی دستاویزات حاصل کر چکے ہیں، مگر اب اصل مالکان کو اعتماد میں لیے بغیر کمرشل پلاٹوں کی نیلامی کی جا رہی ہے، جو سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے پر اب تک تقریباً 40 کروڑ روپے خرچ ہو چکے ہیں، مگر کرپشن اور ادارہ جاتی مفلوجی کے باعث یہ غیر فعال پڑا ہے۔ ٹرانسپورٹرز رہنماؤں نے خبردار کیا کہ وہ احتجاج کے ساتھ عدلیہ کا دروازہ بھی کھٹکھٹائیں گے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پلاٹس کی موجودہ نیلامی ایک منظم بندر بانٹ ہے، جس کے ذریعے بااثر افراد اور سیاسی شخصیات کو سستی زمین دے کر اربوں کا منافع کمایا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کرپشن میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی اور منصوبے کی شفاف تحقیقات کی جائیں۔

پیپلز پارٹی لسبیلا کے کارکنان کے مسائل حل کریں گے، عمر گورگیج

لسبیلا کے جیالے مایوس نہ ہوں، قربانیوں کا صلہ ضرور ملے گا، رہنماؤں کا عزم

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لسبیلا کے ضلعی صدر حاجی انور رونجھو لاسی نے کوئٹہ میں پارٹی کے صوبائی صدر سردار حاجی عمر گورگیج سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع لسبیلا میں پارٹی سرگرمیوں، کارکنان کے مسائل اور تنظیمی و سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری غلام ربانی کاکڑ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران سردار عمر گورگیج اور غلام ربانی کاکڑ نے حاجی انور رونجھو لاسی کو یقین دلایا کہ لسبیلا کے کارکنان کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے گا اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ سردار عمر گورگیج نے کہا کہ لسبیلا کے جیالے ہرگز مایوس نہ ہوں، پارٹی ان کی قربانیوں اور خدمات کی قدر کرتی ہے۔ کارکنان ہی پارٹی کا اصل سرمایہ ہیں، انشاءاللہ بلوچستان بھر میں پارٹی کارکنوں کے مسائل جلد حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ پارٹی پرچم کو ہر علاقے میں لہرائیں اور پیپلز پارٹی کا پیغام صوبے کے کونے کونے تک پہنچائیں۔

لاک اپ توڑ کر فرار ہونے والا قتل کیس میں نامزد ملزم گرفتار

بذریعہ کوچ کوئٹہ فرار ہو رہا تھا کہ پولیس نے دو ساتھیوں سمیت دھر لیا

جیکب آباد (آئی این پی) جیکب آباد میں لاک اپ توڑ کر فرار ہونے والے قتل کیس کے ملزم سمیت 2 ملزمان کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل تھل میں سی آئی اے پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے لاک اپ توڑ کر فرار ہونے والے قتل کیس کے مرکزی ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا سی آئی اے انچارج ایوب ڈوگر کے مطابق گرفتار ملزمان میں لاک اپ توڑ کر فرار ہونے والا مددعلی ڈول بشمول بہار ڈول اور سعید ڈول شامل ہیں جو مقتول حفیظ ڈول کے قتل کیس میں مطلوب تھے پولیس کے مطابق مددعلی ڈول بی سیکشن تھانے کے لاک اپ سے فرار ہو گیا تھا جو بعد ازاں دیگر ساتھیوں کے ساتھ کوچ کے ذریعے کوئٹہ فرار ہونے کی کوشش کر رہا تھا خفیہ اطلاع پر سی آئی اے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر لیا انچارج ایوب ڈوگر کے مطابق ضروری قانونی کارروائی کے بعد ملزمان کو بی سیکشن پولیس کے حوالے کیا گیا ہے۔

پشتون آباد، جدید آبادی ٹیوب ویل کو فوری بحال کیا جائے، نور خان

واسا حکام محض یقین دہانیاں کراتے ہیں کام نہیں کرتے، پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

کوئٹہ (یو این اے) پشتون آباد کے رہائشی اور سماجی رہنما سید نور خان اچکزئی نے جدید آبادی ٹیوب ویل کی خرابی اور اس کے باعث پیدا ہونے والی پانی کی قلت پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید آبادی ٹیوب ویل گزشتہ کئی عرصے سے خراب ہے، اور متعدد بار واسا کے ایکسئن کی جانب سے مرمت کی یقین دہانیوں کے باوجود تاحال مرمت کا کام شروع نہیں کیا گیا۔ اس مسلسل تاخیر نے علاقے کے مکینوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، خاص طور پر ان دنوں میں جب گرمی اپنی انتہا پر ہے۔ سید نور خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کو پانی کے ایک ٹینکر 2000 سے 2500 روپے تک خریدنا پڑ رہا ہے، جو ایک عام شہری کے بس سے باہر ہے۔ انہوں نے واسا حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ جدید آبادی ٹیوب ویل کی فوری مرمت کر کے علاقے میں پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، تاکہ عوام کو اس سنگین مسئلے سے نجات مل سکے۔

پی ٹی آئی کے احتجاج میں اب دم نہیں ہے، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی والوں نے دہشتگردی کیخلاف کیا کیا؟ ابھی تک کرم کی شاہراہیں نہیں کھولی جا سکیں

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے احتجاج میں اب دم نہیں ہے، وزیراعلیٰ ابھی تک اپنے ضلع سے دہشتگردی کو ختم نہیں کر سکے تو صوبے میں کیا روکیں گے؟ فیصل کریم کنڈی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پشاور پی ٹی آئی کا 5 اگست کو احتجاج ہے لیکن پہلے پارٹی اپنے اندر اتحاد قائم کرے، وزیراعلیٰ پارٹی کے صوبائی صدر نہیں رہے، اب تو جیب سے احتجاج کرنا پڑ رہا ہے، مجھے نہیں لگتا کہ پی ٹی آئی احتجاج کر سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے گورنر ہاؤس کے اس ہال میں اے پی سی بلائی تھی جس میں صرف پی ٹی آئی نے اے پی سی میں شرکت نہیں کی تھی۔ گورنر خیبرپختونخوا نے سوال کیا کہ آج تک پی ٹی آئی والوں نے دہشتگردی کے خلاف کیا کیا ہے؟ جنوبی اضلاع میں بھی حالات خراب ہیں، ابھی تک کرم کی شاہراہیں نہیں کھولی جا سکیں، جب یہ سنجیدہ ہوں گے تب ہم ان کے ساتھ کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور صرف ایک بیان کی وجہ سے اے پی سی کروانا چاہتے تھے، وزیراعلیٰ ابھی تک اپنے ضلع سے دہشتگردی کو ختم نہیں کر سکے تو صوبے میں کیا روکیں گے؟ آج تک ڈی آئی خان میں کوئی اجلاس نہیں بلایا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سینیٹ انتخابات سے متعلق میری وزیراعلیٰ کے ساتھ کوئی میٹنگ نہیں ہوئی، یہ اختیار اپوزیشن لیڈر کو دیا تھا، اپوزیشن کے پاس ایک رکن بھی زیادہ ہوگا تو تحریک عدم اعتماد پیش کریں

جی ڈی اے گوادر کو عالمی معیار کا جدید تجارتی شہر بنانے کیلئے پرعزم ہے، ڈی جی

ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ نے ڈی جی کو ادارے کی آئندہ معاشی و اقتصادی منصوبوں، CBD اور SED سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

CBD اور SED گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے فلیگ شپ پراجیکٹس ہیں، جن کی کامیابی ہر صورت یقینی بنائیں گے

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان کو آج جی ڈی اے کے آئندہ معاشی و اقتصادی منصوبوں سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (CBD) اور اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ (SED) کے حوالے سے ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ان منصوبوں پر ہونے والی اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا اور مستقبل کی ترجیحات پر بھی گفتگو کی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ یہ دونوں منصوبے جی ڈی اے اور خاص کر گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے فلیگ شپ پراجیکٹس ہیں جو گوادر کو علاقائی اور عالمی تجارتی مرکز میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ گوادر کے مغربی ساحل پر واقع 2580 ایکڑ پر مشتمل ہوگا، جہاں ایک جدید، کثیر المقاصد گوادر ٹاور تعمیر کیا جائے گا جو 300 میٹر بلند اور شہر کی بلند ترین عمارت کے طور پر ابھرے گا۔ سی بی ڈی میں انفارمیشن ٹیکنالوجی پارک، فنانشل اور اکنامک حب، تفریحی، اسپورٹس کمپلیکس، ایکسچینج سینٹرز اور عالمی معیار کا امیوزمنٹ پارک بھی شامل ہوگا، جو گوادر کی معیشت کا ایک بڑا مرکز ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ کو گوادر ماسٹر پلان کی رہنما اصولوں کے مطابق عملدرآمد جاری ہے جس سے تیز ترین معاشی نمو اور مخصوص مدت کے لیے ٹیکس فری زون قرار دیا جائے گا۔ اس کا انتظامی سیٹ اپ بھی الگ ہوگا، جو سرمایہ کار دوست پالیسیوں اور مراعات پر مبنی ہوگا تاکہ مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکے۔ ڈی جی جی ڈی اے نے مزید کہا کہ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پرعزم ہے کہ ان منصوبوں کے ذریعے نہ صرف روزگار کے بے پناہ مواقع پیدا ہوں گے بلکہ یہ شہر پاکستان کی معیشت میں ایک مرکزی کردار ادا کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ اجلاس میں ان منصوبوں کے ڈیزائن، انفراسٹرکچر، سرمایہ کار دوست اقدامات اور قانونی فریم ورک کے مختلف پہلوؤں پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جی ڈی اے کا وژن ہے کہ گوادر کو ایک جدید، پائیدار، اور عالمی معیار کا بندرگاہی و تجارتی شہر بنایا جائے، اور یہ دونوں منصوبے اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر حاجی سید محمد اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ عبدالرزاق بھی موجود تھے۔

گوادر، جی ڈی اے کے ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان و سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ اور اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

لسبیلہ کی ترقی اور عوام کے مسائل کا حل پہلی ترجیح ہے، نوابزادہ زرین مگسی

حکومت بلوچستان اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے اوتھل کا ایک روزہ دورہ کیا عوام اور قبائلی عمائدین سے ملاقاتیں

اوتھل (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت کے وزیر نوابزادہ میر زرین خان مگسی ایک روزہ دورے پر اوتھل پہنچے۔ سرکٹ ہاؤس میں انہوں نے مختلف طبقات کے لوگوں، لسبیلہ عوامی فورم کے وفود و دیگر نمائندوں سے ملاقاتیں کیں۔ وفود نے اپنے علاقائی مسائل، بنیادی سہولیات اور درپیش مشکلات سے وزیر موصوف کو آگاہ کیا۔ نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے عوام کے مسائل توجہ سے سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کے عوام کے مسائل کا حل پہلی ترجیح ہے اور بھرپور کوشش کریں گے کہ تمام جائز مسائل جلد حل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہے ہیں اور جام خاندان لسبیلہ کے عوام سے گہری محبت رکھتا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سردار عبدالرشید بھوتانی، چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ، چیئرمین میونسپل کمیٹی سید سومار شاہ کاظمی، ڈاکٹر تولا رام لاسی، وڈیرہ مولابخش گنگو، ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، اعجاز علی حسین علی جاموٹ، ڈاکٹر عبدالکریم لاسی، حاجی نوید احمد ہاشمی، اطہر قریشی، سلمان جاموٹ، قاضی صفی اللہ رونجھو، شاہد خان پٹھان، عبدالواحد سومرو، معراج لاسی، پیر غلام نبی شاہ جیلانی، محمد عالم شیخ، ثناء اللہ چنہ، کرشن لاسی، امید علی صمدی جاموٹ، عمر سورو، ظہیر احمد جاوید بلوچ، ولی جاموٹ، غفور جاموٹ، اور جام گروپ کے دیگر رہنماؤں اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ چمن ماسٹر پلان کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان بھر میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، عوام پریشان

ٹیوب ویل بند، ٹینکر مافیا کی من مانی قیمتیں، اور واٹر سپلائی سسٹم کی خرابیاں، بجلی کی لوڈشیڈنگ اس بحران کی بنیادی وجوہات قرار دی جا رہی ہیں

بلوچستان میں زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک گر چکی ہے، وجہ ڈیموں اور منصوبہ بندی کا فقدان، اور بارشوں کی کمی ہے، ماہرین

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے عوام کو صاف پانی کی بوند بوند کو ترسا دیا خصوصاً کوئٹہ، پشین، تربت، خضدار اور گوادر میں پانی کا بحران روز بروز خطرناک صورت اختیار کرتا جا رہا ہے شہری علاقوں میں کئی کئی دن پانی کی سپلائی بند رہتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں ہفتوں تک پینے کا صاف پانی دستیاب نہیں ہے ٹیوب ویل بند، ٹینکر مافیا کی من مانی قیمتیں، اور واٹر سپلائی سسٹم کی خرابیاں اس بحران کی بنیادی وجوہات قرار دی جا رہی ہیں جبکہ اس حوالے سے صوبائی حکومت کے مطابق فنڈز مختص کیے جا چکے ہیں اور منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے وزیر آبپاشی نے حال ہی میں اعلان کیا کہ نئے ڈیمز، واٹر فلٹریشن پلانٹس، اور ٹینکر سسٹم کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاہم، عوامی حلقے ان وعدوں کو محض تسلی سمجھ رہے ہیں، کیونکہ زمینی حقیقت میں کوئی نمایاں بہتری نظر نہیں آ رہی۔ ماہرین کے مطابق بلوچستان میں زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک گر چکی ہے، جس کی بڑی وجہ غیر منصوبہ بند بورنگ اور بارشوں کی کمی ہے انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ چند برسوں میں کئی علاقے مکمل طور پر خشک ہو سکتے ہیں۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

2025ء

ترقیاتی اہداف اور مالیاتی نظم وضبط، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا دوٹوک عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ترقیاتی منصوبوں میں پیشگی ادائیگیوں اور بار بار مالیاتی نظر ثانی کے غلط استعمال کے خاتمے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایڈوانس ادائیگیوں اور مالی نظر ثانی کے غیر ضروری رجحان کو جڑ سے ختم کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنی زیر صدارت محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ کی زیر صدارت منعقدہ اس اعلیٰ سطحی اجلاس کو مختلف شاہراہوں کے تعمیراتی منصوبوں کی پیشرفت، مالیاتی امور اور تعمیراتی معیار کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ موجودہ مالی سال میں 27 اہم سڑکوں کی تعمیر و بہتری کے لئے 27 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں اور صوبے کی معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ علاوہ ازیں اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ناقص کارکردگی، غیر معیاری کام اور تاخیری حربوں میں ملوث 56 کنٹریکٹرز اور کمپنیوں کو بلیک لسٹ کر دیا گیا ہے جن میں دو انشورنس کمپنیز بھی شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ایڈوانس ادائیگیوں اور مالی نظر ثانی کے غیر ضروری رجحان کو جڑ سے ختم کیا جائے گا انہوں نے متنبہ کیا کہ اگر کسی افسر نے کسی منصوبے پر کام شروع ہونے سے قبل ایڈوانس ادائیگی کی تو اس کے خلاف فوری کارروائی ہوگی ایسے افسران معطلی یا برطرفی کے لئے ذہنی طور پر تیار رہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ وسائل کی بروقت فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن ان ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل متعلقہ محکموں کی پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے جس میں کوئی کوتاہی قابل قبول نہیں۔ بلوچستان میں تعمیر وترقی کے اہداف اور مالیاتی نظم وضبط کا آپس میں گہرا تعلق ہے ہم وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے عزم او روژن کو سراہتے ہیں۔ امر واقعی یہ ہے کہ بلوچستان طویل عرصے سے پسماندگی، غربت اور دیگر ترقیاتی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ تاہم گزشتہ چند برسوں کے دوران، وفاق اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کوششوں سے صوبے میں ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی بہتات ہے، لیکن ان منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیار کی برقراری، اور شفافیت کا فروغ سب سے اہم ہے۔ اس تناظر میں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا حالیہ عزم اور ان کے عملی اقدامات ایک روشن مستقبل کی نوید ہیں۔ ان کا وژن، جو مالیاتی نظم وضبط اور ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت پر مبنی ہے، بلاشبہ صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کی راہ ہموار کرے گا۔ بلوچستان کی ترقی میں مالیاتی نظم وضبط ایک بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ ماضی میں، مختلف وجوہات کی بنا پر، مالیاتی بے ضابطگیاں اور ترقیاتی منصوبوں میں عدم شفافیت صوبے کی ترقی میں حائل رہی ہے۔ ایڈوانس ادائیگیوں کا غلط استعمال اور بار بار مالیاتی نظر ثانی کا رجحان نہ صرف وسائل کے ضیاع کا باعث بنتا تھا بلکہ منصوبوں کی تاخیر اور معیار سے سمجھوتے کا بھی سبب بنتا تھا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے درست طور پر اس غیر ضروری رجحان کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم کیا ہے۔ ان کا یہ دوٹوک اعلان کہ ایڈوانس ادائیگیوں پر سختی سے پابندی ہوگی اور خلاف ورزی کرنے والے افسران کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے گی، ایک جرات مندانہ قدم ہے جس کی طویل عرصے سے ضرورت تھی یہ اقدام اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت مالیاتی نظم وضبط کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں ہے۔ یہ نہ صرف سرکاری خزانے کی حفاظت کرے گا بلکہ اس بات کو بھی یقینی بنائے گا کہ فنڈز کا استعمال صرف اسی وقت ہو جب کام کا آغاز ہو چکا ہو اور اس کی پیشرفت اطمینان بخش ہو۔ یہ کنٹریکٹرز اور متعلقہ محکموں کو زیادہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے پر مجبور کرے گا، جس کے نتیجے میں کام کی رفتار اور معیار دونوں میں بہتری آئے گی ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار کا حصول کسی بھی علاقے کی خوشحالی کے لئے ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں سڑکوں کی تعمیر، صحت کے مراکز، تعلیمی اداروں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبے صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کے زیر صدارت محکمہ مواصلات وتعمیرات کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں یہ بریفنگ دی گئی کہ موجودہ مالی سال میں 27 اہم سڑکوں کی تعمیر وبہتری کے لئے 27 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ یہ ایک خطیر رقم ہے تاہم اس کا اصل فائدہ اسی صورت میں حاصل ہوسکتا ہے جب ان منصوبوں کو بروقت، معیاری اور شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے وزیراعلیٰ کا یہ عزم کہ وہ معیار اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، انتہائی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وسائل کی بروقت فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، لیکن ان ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل متعلقہ محکموں کی پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے اکثر منصوبوں میں تاخیر یا ناقص کام کی وجہ محکموں کی سست روی یا نااہلی ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ کا یہ سخت موقف کہ کوئی کوتاہی قابل قبول نہیں، سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جوابدہ بنائے گا علاوہ ازیں یہ ناقص کارکردگی، غیر معیاری کام اور تاخیری حربوں میں ملوث کنٹریکٹرز اور کمپنیوں کو بلیک لسٹ کرنے کا عمل بھی مستحسن ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ حکومت ٹھیکیداری نظام میں موجود بدعنوانی اور نااہلی کے خلاف سنجیدہ ہے۔ بلیک لسٹنگ کا عمل مستقبل میں ایسے کنٹریکٹرز کو سرکاری ٹھیکے حاصل کرنے سے روکے گا جو صرف منافع کمانے کے لئے کام کا معیار قربان کرتے ہیں۔ اس سے ایماندار اور اہل کنٹریکٹرز کو آگے بڑھنے کا موقع ملے گا، جو بالآخر ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی میں معاون ثابت ہوں گے۔ بلاشبہ، بلوچستان ماضی میں مختلف وجوہات کی بنا پر تعمیر وترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے قدرے پیچھے رہ گیا ہے۔ اس دوران صوبے میں پسماندگی، غربت اور دیگر مسائل نے جنم لیا۔ تاہم، موجودہ حکومت نے ان مسائل سے نمٹنے کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی پی ایس ڈی پی کے تحت صوبے کے طول وعرض میں غیر معمولی ترقیاتی منصوبے جاری ہیں۔ ان منصوبوں کی کامیابی کا انحصار براہ راست مالیاتی نظم وضبط، شفافیت اور بروقت تکمیل پر ہے مالیاتی نظم وضبط ایک مستقل طرز حکمرانی کے طور پر اپنانا ہوگا نیز عوام کو بھی ترقیاتی عمل میں شامل کیا جانا چاہئے تاکہ وہ منصوبوں کی نگرانی کر سکیں اور اپنی رائے دے سکیں یہ ایک طویل سفر ہے جس میں مستقل مزاجی شرط اول ہے امید ہے کہ موجودہ حکومت اس حوالے سے بنیادی کام کر کے جائے گی اور ازیں بعد آنے والی حکومتیں اسی راستے پر چلتے ہوئے بلوچستان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے اہداف کے حصول کے لئے کام کریں گی۔

کٹھ پتلیوں کا کھیل بنی ہماری سیاست۔

برملا — نصرت جاوید

عرصہ ہوا شعوری طور پر یہ کوشش کرتا ہوں کہ اس کالم میں ملکی سیاست کو زیر بحث نہ لایا جائے۔ دیگر موضوعات کی تلاش عالمی اخبارات اور چند کتابیں غور سے پڑھنے کو مجبور کرتی ہے۔ سیاست سے ہٹ کر جن موضوعات پر لکھا وہ اکثر قارئین کو پسند بھی آئے۔ مسئلہ مگر یہ ہے کہ 1975ء سے سیاست اور خارجہ امور کے بارے میں خبریں اور کالم لکھ کر ہی رزق کمایا ہے۔ عمر کے آخری حصے میں بوڑھے گھوڑے کو انگریزی محاورے والے نئے کرتب سیکھنے میں دشواری ہو رہی ہے۔

دریں اثناء گزرے ہفتے میاں اظہر صاحب کا انتقال ہوگیا۔ میرے آبائی شہر لاہور سے ابھرے وہ ایک قد آور سیاستدان تھے۔ شریف خاندان سے ان کے نسلوں سے مراسم تھے۔ جنرل مشرف کے دور میں لیکن دونوں کے تعلقات میں دراڑ آگئی۔ یہ دراڑ اس وقت تقریباً دشمنی کی صورت اختیار کرگئی جب میاں اظہر کے فرزند حماد تحریک انصاف میں شامل ہوگئے۔ لاہور سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہوجانے کے بعد حماد اظہر عمران حکومت میں مختلف اہم وزارتوں پر فائز بھی رہے۔ میرا ان سے ذاتی تعلق لیکن استوار نہ ہوا۔ میاں اظہر صاحب سے بھی گرمجوش قربت میسر نہ تھی۔ اپنے بزرگوں کی بدولت ان کی ذات، خاندان اور تجارت سے شناسائی البتہ حاصل تھی۔

ان کے انتقال کی خبر ملنے کے بعد میں نے میاں اظہر کی شریف النفسی بیان کرنے کے لئے فقط ایک واقعہ پر مبنی کالم لکھ دیا۔ اس کالم میں یہ بیان کیا کہ کارگل کی وجہ سے مشرف اور نواز شریف کے درمیان اختلافات بڑھنا شروع ہوئے تو "ان ہاؤس تبدیلی" کی بات چل نکلی۔ میں نے مذکورہ تناظر میں رپورٹر کی مشقت کی بدولت یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اگر نواز شریف کو قومی اسمبلی میں پیش ہوئی تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ہٹانے کا فیصلہ ہوگیا تو میاں اظہر ان کے موثر ترین متبادل ثابت ہوسکتے ہیں۔ اپنے ذہن میں آئے اس خیال کو ان دنوں انگریزی میں لکھی پریس گیلری میں بیان کردیا۔ گیلری چھپ گئی تو میاں اظہر قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے جب بھی ایوان میں داخل ہوکر اپنی نشست پر براجمان ہوتے تو سنٹرل پنجاب سے نون لیگ کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے اراکین اسمبلی ان کے گرد جمگھٹے کی صورت جمع ہونا شروع ہوجاتے۔ پریس گیلری میں بیٹھے صحافی کو وہ سازشی سرگرمیوں میں مصروف نظر آتے۔ میں اپنے کالموں میں مذکورہ جمگھٹے کو مرچ مصالحہ لگا کر بیان کرتا رہا۔ اس سے باز رکھنے کے لئے میاں اظہر مرحوم 1999ء کے وسط میں قومی اسمبلی کی پریس گیلری کی جانب جاتی سڑھیوں کے قریب بنی دیوار سے ٹیک لگا کر میرا انتظار کررہے تھے۔ مجھ سے ملاقات ہوئی تو انتہائی دیانتداری اور انکساری سے انکشاف کیا کہ میرے لکھے کالم چھپنے کے فوراً بعد نواز شریف کے والد مرحوم کو بھجوائے جاتے ہیں۔ وہ حیران ہوتے ہیں کہ "میں ان کے بیٹے کی وزارت عظمیٰ کے خلاف ابھرتی سازش کا حصہ کیوں بن رہا ہوں"۔ نہایت خلوص سے میاں صاحب نے مجھ سے درخواست کی کہ میں اپنے کالموں میں ان کا ذکر کرنے سے باز رہوں۔ میں نے وعدہ کیا۔ اسے نبھایا بھی۔ نواز حکومت اس کے باوجود اکتوبر 1999ء میں جنرل مشرف کے ٹیک اوور سے بچ نہ پائی۔

میاں اظہر مرحوم کے بارے میں چھپا کالم سوشل میڈیا پر پوسٹ ہوا تو ن لیگ کے بے شمار (میری دانست میں کرائے کے پرستاروں) نے مجھے سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا خیال تھا کہ میاں اظہر صاحب کی رحلت کے بعد میں ان کے بارے میں "مذمتی" کالم لکھوں گا۔ لوگوں کو یہ بتاؤں گا کہ مسلم لیگ (ق) کے قیام اور اس کی قیادت سنبھالتے ہوئے میاں اظہر مرحوم نے شریف خاندان کو جو ان کے دکھ سکھ کا ساتھی تھا "دھوکا" دیا۔ ان کی پیٹھ میں چھرا گھونپا۔ میری بدقسمتی کہ پرانی وضع کا صحافی ہوں۔ کسی کی موت کی خبر ملے تو ان سے متعلق اچھی باتیں یاد رکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ انجیل کے ایک فرمان کے مطابق مجھے غیبت کے ذریعے "مردہ بھائی کا گوشت کھانے" کی عادت نہیں۔ جب بھی توفیق نصیب ہوئی تو طاقت وروں کے بارے میں ان دنوں ہی میں کچھ تنقیدی فقرے لکھے جب وہ فرعون وقت بنے ہوئے تھے۔

مجھ سے ناواقف نقاد میرے لئے گمنام تھے۔ ان میں سے کسی ایک کو بھی میں نے کبھی سڑک پر پولیس کی لاٹھی کھاتے نہیں دیکھا۔ بقول اقبال ایسے افراد گفتار کے غازی ہیں۔ موبائل فون پر واہی تباہی بک کر خود کو "انقلابی" ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تحریک انصاف کے "فدائین" کا بھی یہی عالم ہے۔ چند دن قبل ان کی جماعت کے انتہائی سینئر رکن اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی 8 مئی کے حوالے سے قائم ہوئے فقط ایک مقدمے میں بری ہوگئے۔ سوشل میڈیا پر ان کی ذات پر پھبتیوں کی بالٹیاں برسنا شروع ہوگئیں۔ سازشی کہانی یہ چلی کہ شاہ محمود قریشی کو "مائنس عمران" تحریک انصاف کے قیام کے لئے لانچ کیا جارہا ہے۔

میں نے یہ خیالات سنے تو یہ سوچنے سے گریز نہیں کر پایا کہ کسی سیاست دان کو "مائنس" کرنے کے لئے اب اسے جیل میں رکھنا ضروری نہیں رہا۔ اس ضمن میں "سائنس" بہت ترقی کرگئی ہے۔ مثال کے طور پر میاں نواز شریف صاحب تیسری بار وزیر اعظم منتخب ہونے کے بعد "پانامہ پیپرز" کی بدولت 2016ء کے اپریل میں لگائی گیم کے مطابق 2017ء میں سپریم کورٹ کے ہاتھوں "خائن اور جھوٹا" ٹھہر کر تاحیات نااہل ہوئے۔ 2018ء کے انتخابات کے قریب وہ اپنی قریب المرگ اہلیہ کو لندن میں بستر مرگ پر چھوڑ کر اپنی دختر سمیت وطن لوٹے تو انہیں لاہور ایئرپورٹ پر ہی گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتاری کے کچھ عرصے کے بعد انہیں لندن جلاوطن کردیا گیا۔

2024ء کے انتخاب کے قریب مگر "وقت" بدل چکا تھا۔ میاں صاحب ان انتخابات میں حصہ لینے کے لئے وطن لوٹے تو اسلام آباد ایئرپورٹ پر ہی ان کا بائیو میٹرک ہوا اور چند ہی دنوں بعد وہ دوبارہ انتخاب میں حصہ لینے کے قابل ہوگئے۔ اب ان کے برادر اصغر جناب شہباز شریف وطن عزیز کے وزیر اعظم ہیں۔ دختر مریم نواز صاحبہ اٹک سے رحیم یار خان تک پھیلے پاکستان کے آبادی کے اعتبار سے سب سے بڑے صوبے کی وزیر اعلیٰ ہیں۔ میاں نواز شریف صدر مسلم لیگ (نون) ہیں۔ ریاستی فیصلہ سازی میں لیکن وہ کتنے فیصلہ کن ہیں؟ اس سوال کا جواب ڈھونڈتے ہوئے آپ کے ذہن میں "مائنس" کا لفظ آجائے تو مجھے معاف کردیجئے گا۔ "سیاست" وطن عزیز میں فقط کٹھ پتلیوں کا کھیل بن چکی ہے۔ اس حقیقت کو ذہن میں رکھتے ہوئے "مذمت" یا "حمایت" فروعی عمل دکھنا شروع ہوگئے ہیں۔ ہم بحیثیت قوم مگر اس یا اس لیڈر کے "چاچا خواہ مخواہ" بنے اپنے دلوں میں جمع ہوئی کدورتیں نکال رہے ہیں۔

اسلامی قوم پرستی حقیقت یا فریب؟

بے بات — ندیم ایف پراچہ

مختلف بھارتی تجزیہ کار پاکستان کے فوجی سربراہ جنرل عاصم منیر کو 'اسلامی قوم پرست' قرار دیتے ہیں۔ یہاں دو چیزیں کارفرما ہیں۔ سب سے پہلے وہ جنرل عاصم منیر کو ایٹمی ہتھیار رکھنے والے ایک خوفناک اسلام پسند کے طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں۔ یہ تصویر بڑی حد تک مغربی طاقتوں کی توجہ مبذول کروانے کے لیے بنائی گئی ہے۔ دوسرا یہ کہ اس بات کا بھی امکان ہے کہ یہ تجزیہ کار واضح طور پر اس بات سے واقف نہیں ہیں کہ 'اسلامی قوم پرستی' نام کی کوئی شے ہے ہی نہیں۔ دونوں طرح سے ان کی وضاحتیں قابل فہم نہیں۔

اسلام تو قوم پرستی کے پورے تصور کے خلاف ہے۔ حسن البنا، سید قطب اور ابوالاعلیٰ مودودی جیسے معروف اسلامی مفکرین کا خیال تھا کہ قوم پرستی ایک یورپی نظریہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ نظریہ سیکولر ہے اور جغرافیہ پر مبنی ہے جو اسلام کے عالمی یا 'عالمگیریت' کے پیغام سے مطابقت نہیں رکھتا۔ قوم پرستی درحقیقت ایک یورپی تصور ہے۔ مثال کے طور پر مولانا مودودی کا حکمت الٰہی (خدا کی حکمرانی) کا نظریہ قومی ریاست کی تعمیر یا قوم پرستی کے بارے میں نہیں تھا۔ یہ ایک ایسی اسلامی ریاست کے بارے میں تھا جس پر 'متقی مردوں' کے ہراول دستے کی حکومت تھی جو اس ریاست کو مزید پھیلانا چاہتے تھے۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ ریاست کا تصور جسے آج ہم تسلیم کرتے ہیں اور جیسا کہ اسلام پسندی کے علمبرداروں نے لاگو کیا ہے، وہ ایک یورپی تصور ہے۔

مرکزی دھارے اور عسکریت پسند دونوں طرح کے اسلام پسند، قوم پرستی کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔ لیکن مرکزی دھارے کے اسلام پسند اکثر پارلیمانوں میں نشستیں حاصل کرنے کے لیے سیاست میں داخل ہوتے ہیں جہاں سے وہ تشدد کا سہارا لیے بغیر اپنے مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن ان کے لیے، یہ محض ایک عارضی منصوبہ ہے جس پر اس وقت تک عمل کرنا ہے کہ جب تک کہ معاشرہ اور سیاست زیادہ اسلامی نہ ہو جائے یا وہ وسیع تر اسلامی مقاصد کے لیے کام نہ کرے۔ لیکن اس طرح کی زیادہ تر کوششیں مختلف مسلم اکثریتی ممالک میں ناکام رہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آخر میں قوم پرستی جو کہ عام طور پر سیکولر ہوتی ہے، اسلام پسند نظریے سے ٹکرا جاتی ہے۔ ان کے اہداف اس بات سے مطابقت نہیں رکھتے کہ کس طرح جدید قومی ریاستیں قائم کی جاتی ہیں۔

ریاست پاکستان خود کو ایک 'اسلامی جمہوریہ' کے طور پر بیان کرتا ہے لیکن اس کی بنیاد 'مسلم قوم پرستی' پر رکھی گئی تھی۔ مسلم قوم پرستی ایک قوم کے تصور کو استعمال کرتے ہوئے مسلمانوں کے حقوق اور اہداف کے تحفظ پر مرکوز ہے۔ یہ اسلام کو رہنمائی اور اقدار کے ایک ذریعے کے طور پر دیکھتا ہے، حکومت چلانے کے لیے ایک منصوبے کے طور پر نہیں۔ تاہم 1970ء کی دہائی میں پاکستانی قوم پرستی کا بنیادی حصہ 'مسلم قوم پرستی' سے 'اسلامی قوم پرستی' کی طرف بڑھنا شروع ہوا۔ اسلامی قوم پرستی میں اب بھی مسلم قوم پرستی کے حصے شامل ہیں لیکن یہ اسلام کے کچھ مذہبی (تھیوکریٹک) نظریات کو سیاست اور قومی شناخت میں شامل کرنے کی اجازت بھی دیتا ہے۔ پاکستان میں اسلامی قوم پرستی کا براہ راست نتیجہ 'اسلامی جمہوریہ' نکلا۔ اس نے ایک جمہوری حکومت، عوام کے منتخب آئین اور ایک قانونی نظام کی حمایت کی جس میں سیکولر اور اسلامی قوانین دونوں کا امتزاج ہو۔ ایک اسلامی جمہوریہ، اسلام کو بنیادی طور پر ملک کی شناخت کے طور پر دیکھتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آئین غیر مسلم آبادی کو مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ یہ مکمل طور پر سیکولر سرگرمیوں کی بھی اجازت دیتا ہے جب تک کہ وہ آئین میں اسلام کی تعریف کے خلاف نہیں جاتے۔

مسلم قوم پرستی سے اسلامی قوم پرستی یا اسلامی جمہوریہ کی طرف تبدیلی ہموار نہیں رہی۔ بہت جلد سیاسی رہنماؤں اور ریاستی اداروں نے اسلامی قوم پرستی کا استعمال شروع کردیا تاکہ وہ ایسا محسوس کر سکیں کہ جو وہ کر رہے ہیں وہ مذہب کی طرف سے منظور شدہ ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ، آئین میں قانون اور اخلاقیات کے بارے میں مزید اسلامی نظریات شامل کرنے کی ان کی خواہشات بھی بڑھتی گئیں۔ نتیجتاً اسلامی قوم پرستی کا ارتقا درہم برہم ہوگیا۔ پاکستان ایک 'تھیوڈیموکریسی' بننے کے بہت قریب پہنچ گیا (ایک ایسا نظام جو جمہوری نظریات کو مذہبی حکمرانی کے ساتھ جوڑتا ہے)۔

درحقیقت کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ پاکستان پہلے ہی تھیوکریٹک بن چکا ہے۔ 1980ء کی دہائی کے اواخر میں بہت سے تو اسلام پسند گروہوں نے پارلیمانی یا جمہوری راستے کو استعمال کرنا چھوڑ دیا اور اس کی بجائے مزید پُرتشدد اور عسکریت پسند طریقوں کی طرف مائل ہوگئے۔ دریں اثنا مرکزی دھارے کی اسلام پسند جماعتیں تھیوڈیموکریسی کے نظریے کو زندہ رکھنے کے لیے جدوجہد کر رہی تھیں حالانکہ یہ دشوار ہوتا جا رہا تھا۔

مرکزی دھارے کے اسلام پسندوں میں مایوسی کا یہ احساس اب بھی موجود ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ محسوس کرتے ہیں کہ تبدیلی آرہی ہے۔ اور ایسا ہی ہے۔ تھیوڈیموکریسی کے آہستہ آہستہ ابھرنے کی وجہ سے بڑھتا ہوا تشدد اور الجھن نہ صرف معاشرے کے لیے بلکہ خود ریاست کے لیے بھی خطرہ بن چکا ہے۔ آہستہ آہستہ ریاست (طاقتور ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے زیر تسلط) اسلامی قوم پرستی کو نئی شکل دینے کی کوشش کر رہی ہے اور حکومت بھی اسی کی پیروی کر رہی ہے۔ یہ ایک سست لیکن محتاط عمل ہونے والا ہے۔

اب مقصد ایسا لگتا ہے کہ پاکستان کی اسلامی قوم پرستی یا جمہوریہ کو بھارت کی آج کی ہندو قوم پرستی کی مخالفت میں پیش کرنا ہے جسے بہت سے لوگ پسماندہ، جارحانہ اور نسل پرست قرار دیتے ہیں۔ بیان بازی، نصابی کتب اور آئین میں بدلاؤ، خاموش تبدیلی ہے۔ ان تبدیلیوں کی کچھ سادہ مثالیں کم عمری کی شادی پر آئینی پابندی اور بانیٔ پاکستان کی 1947ء کی تقریر کو اسکول کی نصابی کتابوں میں واپس شامل کرنا ہے۔ اس تقریر کو 1977ء میں نصاب سے ہٹا دیا گیا تھا کیونکہ اسے 'بہت سیکولر' کے طور پر دیکھا گیا تھا۔ ان تبدیلیوں کا مقصد اسلامی قوم پرستی کو نئی شکل دینا ہے تاکہ وہ زیادہ رواداری، کھلے اور 'متوازن' نظر آئے جو 21ویں صدی کی ضروریات کے ہم آہنگ ہے۔ لیکن ساتھ ہی حکومت کو کسی ایسے شخص کے خلاف طاقت کے استعمال پر مضبوط کنٹرول دیتی ہے جسے ریاست کے لیے خطرہ سمجھا جاتا ہے۔

جنرل عاصم منیر اسلامی قوم پرست نہیں۔ کیونکہ اس اصطلاح کا کوئی مطلب نہیں، جیسا کہ ہم نے اوپر بحث کی۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک اسلامی قوم پرست ہیں لیکن ان کا ورژن اسلامی قوم پرستی کی نئی، زیادہ موافق شکل پر مبنی ہے جو 1980ء کی دہائی میں تیار ہونے والے سخت ورژن سے قدرے مختلف ہے۔ پاکستان کی بھارت کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران جب پاکستان نے کئی بھارتی لڑاکا طیارے مار گرائے تھے، تب لفظ 'جہاد' بہت کم استعمال ہوا تھا۔ لیکن 'اللہ اکبر' کا نعرہ بہت عام تھا جو کہ بہت سے آزاد خیال پاکستانیوں میں بھی عام ہے۔ یہ نعرہ صرف جذبات کے اظہار کا ایک ثقافتی طریقہ ہے اور اس کا کوئی خفیہ ایجنڈا نہیں ہے۔ جب تک کہ ریاست کے مخالف اسلام پسند عسکریت پسند یہ نعرہ بلند نہ کریں تب تک یہ کسی بھی طرح قابل اعتراض ارادے کا اعلان نہیں۔ بدلتا ہوا عالمی نظام اور خطے میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی اہمیت ریاست کو اسلامی قوم پرستی کو مسلسل تبدیل کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔ لوگ اب سمجھ گئے ہیں کہ قوم پرستی کا جو ورژن 1980ء کی دہائی میں ایک پریشان کن انداز میں تبدیل ہونا شروع ہوا تھا، اس کے مطابق حکومت آج خود کو کس طرح دیکھتی ہے۔

اقوام متحدہ کے کردار پر تحفظات

لعل وگوھر — روشن لعل

اقوام متحدہ کو دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا میں مستحکم امن قائم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ ابتدا میں اس ادارے کے بنیادی اہداف، امن کا قیام، انسانی حقوق کا تحفظ، انصاف کی فراہمی اور معاشی و سماجی ترقی کا فروغ طے کیے گئے تھے۔ اقوام متحدہ کے قیام سے آٹھ دہائیاں بعد کی صورتحال یہ ہے کہ اس کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کئی لوگ اس کے کردار پر تحفظات کا اظہار کرتے پائے جاتے ہیں۔ اقوام متحدہ کے کردار پر تحفظات کا اظہار ہرگز بلا جواز نہیں ہے لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ جن معاملات کے حل نہ ہونے کی وجہ سے اقوام متحدہ کا کردار ناقابل اطمینان سمجھا جا رہا ہے، وہ معاملات مزید کس قدر گھمبیر ہوجاتے اگر اقوام متحدہ قائم نہ کیا گیا ہوتا۔ گو کہ اقوام متحدہ عالمی مسائل کو کما حقہ حل نہیں کرسکا مگر پھر بھی یہ ادارہ مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کی کوششیں کرنے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوا۔ اقوام متحدہ نے اپنے قیام سے لے کر صرف بنیادی طور پر طے کیے گئے اہداف کے حصول کے لیے مسلسل عمل جاری رکھا بلکہ اس دوران عالمی سطح پر جو نئے مسائل سامنے آئے ان کو بھی اپنے ایجنڈے کا حصہ بنایا۔ مثال کے طور پر عالمی سطح پر ماحولیاتی تبدیلیاں نسبتاً ایک نیا مسئلہ ہے مگر انسانی زندگیوں اور عوامل پر اس کے خطرناک اور مضر اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقوام متحدہ نے اسے اپنے ایجنڈے میں سرفہرست رکھا۔ اسی طرح جب بھی دنیا میں ایڈز اور کوویڈ جیسے امراض ظاہر ہوتے ہیں، اقوام متحدہ عالمی سطح پر ان کے حوالے سے آگاہی دینے، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور تدارک کے لیے وسیع پیمانے پر عملی اقدامات کرتا ہے۔ دنیا میں داخلی اور خارجی تنازعات کی وجہ سے جہاں کہیں بھی لوگ ہجرت پر مجبور ہوتے ہیں، اقوام متحدہ اپنے ایجنڈے کے مطابق ان کی امداد اور بحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ کے معاون اور ماتحت ادارے لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنانے، انہیں آفات کے دوران تحفظ فراہم کرنے، ان کی تعلیمی ترقی، عورتوں و بچوں کے حقوق کے تحفظ اور ایٹمی توانائی سے متعلقہ امور کے لیے بھی اپنا کردار ادا کرتے نظر آتے ہیں۔ مذکورہ مثبت باتوں کے باوجود اقوام متحدہ کو عالمی تنازعات کے خاتمے کے لیے تسلی بخش کردار ادا کرنے میں ناکام تصور کیا جاتا ہے۔

پائیدار قیام امن کے لیے یہ ضروری سمجھا گیا تھا کہ دنیا کے مختلف خطوں میں رہنے والے لوگوں کے درمیان تعلیم، صحت اور معاشیات کے شعبوں میں موجود تفاوت کو کم کیا جائے تاکہ عالمی سطح پر شعوری ہم آہنگی اور توازن ممکن ہو سکے۔ اس مقصد کے تحت آغاز میں اقوام متحدہ نے براعظم افریقہ کے لوگوں کو دنیا میں سب سے زیادہ پسماندہ تصور کرتے ہوئے ان پر خصوصی توجہ دی۔ اس ضمن میں اقوام متحدہ نے اس طرح افریقی عوام کی معاونت کی کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔ اس کے لیے افریقہ میں باہم دست و گریباں اقوام کے درمیان امن معاہدوں کی راہ ہموار کرتے ہوئے وہاں معاشی و سماجی ترقی اور انسانی حقوق کے تحفظ کی ہر ممکن کوشش کی گئی مگر بعد ازاں، بوجوہ یہ سلسلہ جمود کا شکار ہوگیا۔

پسماندہ ملکوں میں صحت کا معیار بہتر بنانے میں اقوام متحدہ نے اہم کردار ادا کیا۔ اس کے ذیلی اداروں کے کردار سے صحت کا معیار بہتر ہونے سے عام لوگوں کے لیے طبعی عمر پوری کرنا ممکن ہوا۔ اسی کردار کی وجہ سے آج ماضی کے مقابلے میں دنیا میں عمر رسیدہ لوگوں کی تعداد میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ جاپان کے شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی میں ایٹم بموں کی خوفناک تباہی سے ہر کوئی آگاہ ہے۔ آج دنیا میں کئی ایسے ملک ہیں جو پرامن نہیں بلکہ جنگی مقاصد کے لیے ایٹمی توانائی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ نیوکلیائی سائنس اور اس کے تحت ایٹمی پلانٹوں کی تنصیب ایک پیچیدہ معاملہ ہے۔ اس سلسلے میں کم تر درجہ کی ٹیکنالوجیکل فہم اور تجربہ پلانٹوں کی تنصیب میں تباہ کن نقائص کی وجہ بن سکتا ہے۔ ایسی صورت میں تابکاری پھیلنے اور عام لوگوں پر اس کے مضر اور خوفناک اثرات کا امکان رد نہیں کیا جاسکتا۔ اس سلسلے میں اقوام متحدہ کی انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی واچ ڈاگ کا کردار ادا کرتی ہے۔

اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہر بچے کے لیے صحت، تعلیم اور تحفظ کو اس کے حق کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ہر معاشرے کے لیے لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی بہتر اور معیاری زندگی کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرے۔ ماحول کی تبدیلی اس وقت دنیا کا سب سے بڑا اور سنگین مسئلہ سمجھا جا رہا ہے۔ ماحول کی تبدیلی کے ضمن میں دنیا میں موسمیاتی تبدیلیاں بھی رونما ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے خوراک کی پیداوار کے ہزاروں سال سے جاری زرعی عمل کو خطرات کی زد میں سمجھا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ دنیا کے تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے موسموں پر خاص نظر رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلے میں اقوام عالم کو آلودگی اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والے ممکنہ مضر اثرات سے آگاہ رکھنے کی مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں۔

اقوام متحدہ نے اپنے پروگرام کے مطابق بہت سے دوسرے کام کرنے کے علاوہ بوسنیا کا مسئلہ حل کرانے کے ساتھ کوسوو کے الگ ملک کی حیثیت سے قیام اور وہاں امن قائم کرنے میں بھی کردار ادا کیا مگر یہ ادارہ نہ صرف کشمیر اور فلسطین کا مسئلہ حل کرانے میں ناکام رہا بلکہ اکتوبر 2023ء سے غزہ میں جاری فلسطینیوں کی نسل کشی بھی نہیں رکوا سکا۔ غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی رکوانے میں ناکام ہو چکے اقوام متحدہ کے متعلق لوگوں نے کہنا شروع کردیا ہے کہ اگر یہ ادارہ امریکہ کی لونڈی بننے کی وجہ سے اپنا طے شدہ بنیادی کردار ادا کرنے کے قابل نہیں رہا تو پھر اس کے وجود کا کم ترقی یافتہ اور کمزور ملکوں کو کیا فائدہ ہے۔ اکتوبر 2023ء سے اب تک، غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی وجہ سے 59700 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ اس وقت دنیا کو اسرائیل کے ہاتھوں، فلسطینیوں کی مزید ہلاکتیں کا خطرہ ممکن لگ رہی ہیں لیکن اقوام متحدہ کے کردار کی وجہ سے فلسطینیوں کی نسل کشی کا عمل رکتا ہوا نظر نہیں آرہا۔

اگر چہ اجتماعی انسانی مفاد میں اقوام متحدہ کا کردار کم اہم نہیں لیکن غزہ میں جاری فلسطینیوں کی نسل کشی کے معاملے میں اس کی آنکھیں بند دیکھ کر اس کے وجود پر جو سوال اٹھنا شروع ہوئے ہیں انہیں بلا جواز نہیں کہا جاسکتا۔ اقوام متحدہ کے قیام سے قبل "لیگ آف نیشنز" نامی تنظیم اس وجہ سے فلاپ ہوئی تھی کیونکہ وہ عالمی تنازعات ختم کرانے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرنے میں ناکام رہی تھی۔ آج اقوام متحدہ کے وجود پر سوال اٹھائے جانے کی وجوہات وہی ہیں جو "لیگ آف نیشنز" کے خاتمے کی تھیں۔ اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کے مستقل اراکین کے مخصوص کردار اور رویوں کی وجہ سے اس ادارے کو ہرگز ایک مکمل جمہوری ادارہ تسلیم نہیں کیا جاسکتا مگر اس کے باوجود یہ بات نہیں سوچی جاسکتی

پاک چین دفاعی تعلق کا خوف

گرداب — عارف بہار

Arifbahar@hotmail.com

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کا ایک راؤنڈ ہو چکا ہے مگر ایک اور جنگ کے سائے اب بھی جنوبی ایشیا کی فضاؤں پر لہرا رہے ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان مسائل کا پرنالہ بھی اپنی جگہ پر قائم ہے اور مسائل کو منصفانہ بنیاد پر حل نہ کرنے کا رویہ بھی برقرار ہے۔ یہی جنگ اور جھڑپوں کی بنیاد تھی اور یہ بنیاد اب بھی قائم ہے۔ سندھ طاس معاہدے پر بھارت خود کو بین الاقوامی بندشوں سے آزاد کر چکا ہے۔ وہ عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا بھی مذاق اڑا رہا ہے۔ بھارت کشمیر پر بھی پاکستان تو در کنار خود کشمیریوں کو کوئی رعایت دینے کو تیار نہیں۔ بھارت نے اپنی عدالت کے فیصلے کے تحت کشمیر میں ریاستی اسمبلی کے انتخابات کرائے۔ کشمیری عوام نے ووٹ کے ذریعے پانچ اگست 2019 کے فیصلے کے خلاف اپنا سارا غصہ یوں ظاہر کیا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی اور اس کی پراکسیز کو بری طرح ناکام بنایا گیا اور فاروق عبداللہ کی نیشنل کانفرنس کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنایا۔ جیسے تیسے ایک حکومت تو قائم ہوئی مگر یہ مکمل طور پر بے اختیار ہے اور عمر عبداللہ اپنی بے بسی اور بے اختیاری کا سرعام رونا روتے نظر آتے ہیں۔ گویا کہ اپنے ہی تراشیدہ نظام اور لوگوں کو بھی اختیار منتقل نہیں کیا جا رہا تو اس ذہنیت سے پاکستان اور حریت پسندوں کو سپیس فراہم کرنے کی توقع عبث ہے۔ یوں پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے تمام اسباب موجود ہیں۔ اسلام آباد سے بھارت کے لئے دو طرح کے سگنل جا رہے ہیں ایک فوجی قیادت کی طرف سے ہے جس میں سخت گیری کا رویہ نمایاں ہے اور دوسری قسم کا سگنل اس نظام کے کمزور ستون یعنی سیاسی شخصیات کی طرف سے جا رہا ہے۔ جنگ کے حالیہ راؤنڈ میں حکومت کی سب سے بڑی شراکت دار مسلم لیگ ن کی قیادت کی طرف سے بھارت اور نریندر مودی کا نام لینے سے قطعی گریز اور کئی دن تک مکمل خاموشی بھی ایک سگنل ہی تھا۔ اب اس نظام کی دوسری بڑی شراکت دار پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے اگر مگر کے ساتھ حافظ سعید اور مسعود اظہر کی حوالگی کی باتیں بھی برہم مزاج یار کو ٹھنڈا کرنے کی حکمت عملی ہے۔ حافظ سعید اور مسعود اظہر کی حوالگی پورے نظام کے سرینڈر کا دوسرا نام ہے۔ بات پھر انہی دو لوگوں پر رکنے والی نہیں بلکہ کشمیر سے تعلق رکھنے والی جلاوطن قیادت بھی لاتعداد مقدمات میں بھارت کو مطلوب ہے۔ یوں لگتا ہے کہ ان ملے جلے پیغامات اور اشاروں سے بھارتی قیادت بہلنے والی نہیں۔

ان کو اس وقت کسی بھی مہم جوئی سے صرف ایک ہی خوف کھائے جا رہا ہے وہ ہے دو محاذوں کی جنگ یعنی پاکستان اور بھارت کے درمیان کسی بھی جنگ میں چین کے تیسرے محاذ کا گرم ہوجانا۔ بھارت کے دفاعی تجزیہ نگار اب اس کو دو محاذوں کی جنگ ماننے کو تیار نہیں کیونکہ ان کے خیال میں یہ دونوں محاذ باہم ایک ہوگئے ہیں کیونکہ چین ہتھیاروں، اطلاعات، سٹیلائٹ نظام مصنوعی ذہانت کی تمام مہارتیں پاکستان کو منتقل کر چکا ہے۔ اس لئے اب ایک ہی محاذ پر بھارت کو دونوں ملکوں کے جوش و جذبے اور مشترکہ ٹیکنالوجی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پروین سائنی کی بات حالیہ جنگ میں درست ثابت ہو چکی ہے۔ اب اس کا اعتراف بھارتی فوج کے نائب سربراہ لیفٹیننٹ جنرل راہول سنگھ نے بھی کیا ہے۔ راہول سنگھ نے تجارتی تنظیم ایف آئی سی سی آئی کے زیر اہتمام اعلیٰ دفاعی ٹیکنالوجیز پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین نے پاکستان کو ہتھیاروں کی تجربہ گاہ بنا دیا ہے۔ آپریشن سندور کے دوران ہمارا مقابلہ ایک محاذ پر تین طاقتوں سے رہا۔ جن میں چین ترکی اور پاکستان شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ چین اپنے ہتھیاروں کے درپردہ تجربات کے لئے پاکستان کو استعمال کررہا ہے۔ ہمیں اس پر حیرت نہیں کیونکہ پاکستان گزشتہ پانچ برس سے اکیاسی فیصد چینی اسلحہ استعمال کررہا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ آپریشن سندور کے دوران چین پاکستان کو مسلسل معلومات فراہم کر رہا تھا۔ حتیٰ کہ جب پاکستان اور بھارت کے درمیان ڈی جی ایم اوز کی سطح پر مذاکرات جاری تھے تو اس وقت بھی چین پاکستان کو معلومات فراہم کر رہا تھا۔ راہول سنگھ نے اعتراف کیا کہ جنگ شروع کرنا آسان ہے مگر جنگ کو روکنا مشکل ہے۔ بھارت کے اعلیٰ ترین فوجی افسر کی طرف سے حالیہ جنگ میں چین کی بالواسطہ شرکت کا تذکرہ حقیقت میں دو محاذوں کی جنگ کے اس روایتی خوف کو ظاہر کر رہا ہے جو مدتوں سے بھارتی منصوبہ سازوں کے اعصاب پر سوار ہے۔ اسی خوف کو دور کرنے کے لئے بھارت اپنا تمام تر اثر رسوخ اور طاقت وصلاحیت پاکستان کو چین سے دور کرنے پر صرف کر رہا ہے۔ بھارت خود تو اس کوشش میں ناکام ہو چکا ہے مگر اس کی کوشش ہے کہ امریکہ کے ذریعے پاکستان اور چین کے تعلقات کو چیلنج کیا جاسکے۔ اس لئے امریکہ اور پاکستان کے درمیان دیرپا اور دور رس تعلق کی کہانی جب بھی شروع ہوتی ہے تو اس میں پاکستان کے لئے چین سے فاصلہ اختیار کرنے کا مطالبہ سرفہرست ہوتا ہے۔

5 اگست کا احتجاج

روزن خیال — مریم گیلانی

تحریک انصاف ایک غیر منظم مگر مقبول عام سیاسی جماعت ہے جو ہر وقت با آسانی انتخابی اکھاڑے میں اتر سکتی ہے میدان گرما سکتی ہے اور جیت سکتی ہے خواہ اس کے بانی لیڈر جیل ہی میں کیوں نہ ہو لیکن کیا تحریک انصاف جوشیلے اور حد سے تجاوز کرنے والے کارکن رکھنے کے باوجود کوئی کامیاب تحریک چلا سکتی ہے تو اس کا جواب نفی میں ہے تو کیا تحریک انصاف کے کارکن دودھ کے مجنون ہیں نہیں بالکل بھی نہیں پھر کیا وجہ ہے کہ اکثریت ہے مقبولیت ہے تحریک ہے دعوت مبارزت بھی ہے اور جوش وولولہ بھی مگر وقت آنے پر سارا کچھ دھرے کا دھرا رہ جاتا ہے اور کارکن مایوس لوٹ آتے ہیں اس میں کارکنوں کا کوئی قصور نہیں قصور ان کا ہے جو ان کی قیادت کر رہے ہوتے ہیں وہ مفاد پرست نہ بھی ہوں تو مصلحت کا شکار ضرور نظر آتے ہیں جو ایک خاص حد تک جاکر تنگ گلی سے چوڑی گاڑیاں گزار کر نکل آتے ہیں ایسا پہلی مرتبہ ہوتا تو اتفاق قرار دینے کی گنجائش تھی مگر بار بار اور اتنی بار کہ اب خود کارکنوں کو گھر سے نکلتے ہی یہ خدشہ ہونے لگتا ہے کہ نجانے کس گلی میں قافلہ سالار مڑ جائیں یہ تو ایک عمومی منظر نامہ تھا لیکن اس مرتبہ قائد کی اسیری کے دو سال کی تکمیل پر احتجاج کے ابھی تک خدوخال ہی واضح نہیں سینٹ کے انتخابات کے موقع پر خیبر پختونخوا کا قافلہ پنجاب پہنچ گیا اور عالم یہ کہ پنجاب کی قیادت ہی نظر انداز کردی گئی اس پر جب خاتون رہنما نے سوال کیا تو جماعت کے سیکرٹری جنرل کا لب ولہجہ سب نے دیکھا پھر خیبر پختونخوا میں دیکھیں تحریک انصاف کے گڑھ صوبہ میں سینٹ کی نشستوں کی تقسیم میں کیا ہوا آپ لاکھ کہیں کہ وہ معاملہ تو خوش اسلوبی سے حل ہوا پنجاب میں بھی کوئی ناراضگی کا پھر اظہار سامنے نہیں آیا بھی سے اتفاق ہے دلوں کا حال جاننے والی ذات ایک ہی ہے مگر انسانی فطرت کے مطابق شیشے پر نمودار ہوتی پہلی لکیر بالآخر شیشہ توڑ کر ہی چھوڑتی ہے جو دل گرد آلود ہوتی ہے اس کا غبار نہ اتنی آسانی سے اترتا ہے نہ دھلتا ہے تحریک انصاف کے کارکن عمران خان کی حد تک شدید جذباتی ضرور ہیں لیکن پی ٹی آئی کے بارے میں اب ان کے رویئے اور جذبات میں تلاطم کا اب وہ طوفان موجزن نہیں جذباتی کارکنوں کو گالیاں دینے پر بہت عرصے تک لگایا گیا اور انہوں نے یہ کام بڑی رغبت سے انجام دی مگر اب وہ پوچھ رہے ہیں کہ اقتدار کے مزے لینے والے یہ بھول رہے ہیں کہ انہوں نے اچھی حکمرانی اور ترقی کے نام پر نہیں بلکہ عمران خان کی رہائی کے نام پر ووٹ لئے تھے اب وہ مصروف جدوجہد نہیں بلکہ ان کی سرگرمیاں کچھ اور ہیں جو کارکنوں سے پوشیدہ نہیں اب تحریک انصاف کے کارکن یوں دھڑے لڑا کو کم اور اس شعور وادراک کے نقیب زیادہ بن گئے ہیں جو ظلم ہوتے دیکھ کر نا انصافی ہوتے دیکھ کر سوال کرتے ہیں ان کو معلوم ہے کہ اب بھی اگر انہوں نے سوال نہ کیا تو بہت دیر ہو جائے گی اب بھی وہ اگر نہ نکلے اور عوامی دباؤ نہ بڑھایا تو ان کی اکثریت کس کام کی۔

جمہوری معاشروں میں انتخابات انتقام کا زریں موقع ہوتی ہیں لیکن سینٹ کے انتخابات میں جن سے انتقام لینا تھا ان کو ٹکٹ دیئے گئے اور جن کو کامیاب ہونا تھا وہ اشکبار رہ گئے انتقام تو کارکنوں سے لیا گیا انعام وہ لے گئے جنہوں نے وفاداری سے تو پرکی تھی سیاسی بیٹھکیں سیاست کا حصہ ہوتی ہیں مگر یہاں بھی کارکنوں نے دیکھا کہ مفاد ایک ہو تو محفلیں سجتی ہیں فیصلے پر بھی اتفاق ہوتا ہے اگلے دن پھر سے کتا بلی کا تعلق یہ کون لوگ ہیں کوئی اور نہیں سیاستدان ہی ہیں نا ان کی ترجیحات کیا ہوتی ہیں خود ہی دیکھ لیجئے۔ تحریک انصاف کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں سے میری ایک گزارش ہے کہ وہ ہر تنقید پر مخالفانہ تجزیے کو جذبات کی نظر سے دیکھنے کی بجائے بغض تیز کئے بغیر پڑھیں سوچیں سمجھیں اور پھر اس پر رائے دیں اگر الفاظ میں نفرت اور رائے میں جانبداری نظر نہ آئے صرف مخالفانہ لگے تو اس کا احترام کرکے احترام کے ساتھ تنقید کا جواب دیں اور جو کمزوریاں اپنے آپ میں نظر آئے ان کی اصلاح کریں خواہ مخواہ گالم گلوچ بریگیڈ کا الزام سر پر نہ لیں تیز الفاظ کا ایسا استعمال ہرگز نہ کریں جو تضحیک تو ہیں اور بہتان کے زمرے میں آتے ہوں متانت اور سنجیدگی اپنائیں یہ آج کل جو تمہارے اپنے بنے ہوئے ہیں کل شاید ہی ہوں گے۔ پرویز خٹک اور محمود خان عثمان بزدار اور ان کی کابینہ وارد گرد کے وہ لوگ آج کہاں ہیں تحریک انصاف کی مشکل ہی یہ ہے کہ خضر صورت آتے ہیں اور پھر گدھے کے سینگ کی طرح غائب یا پھر صف دشمناں میں نہیں تو صف دوستاں میں بھی نہیں مفاد پرست عناصر نے ان دنوں بھی خاموشی اختیار کر رکھی ہے الیکشن کے دن آئیں تو بلوں سے نکل آئیں گے خان کی رہائی کے لئے آواز اٹھانے سے ان کو دلچسپی ہوتی تو پانچ اگست میں دن ہی کتنے رہ گئے ہیں اس تحریک کے دور دور تک کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے جس کا عروج پانچ اگست کو دکھانا ہے تحریک شروع ہوگی تو عروج کی منزل بھی آئے گی تحریک ہی شروع نہ ہو تو عروج وزوال کی کہانی ہی بے معنی۔

ماضی، حال اور بے حالی

خیالات — رسول بخش رئیس



ہماری عمر کے لوگوں کو یاد ہوگا کہ ہم جب اپنے گاؤں، قصبوں اور شہروں سے کہیں اور کا سفر کرتے تو گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کے اڈے معقول اور وسیع تھے اور بسیں ہر سمت دن میں کئی بار جانے کے لیے تیار ملتی تھیں۔ بس وقت پر چلتی، سپیکر پر اعلان ہوتا اور ایک زمانے میں صاف ستھرے اور باوردی ڈرائیور اور کنڈکٹر مسافروں کو خوش آمدید کہتے۔ ساتھ ہی نجی کمپنیوں کی بسیں جو تعداد اور منزلوں میں بہت کم اور اکثر مقامی شہروں کو دیہات سے جوڑتی تھیں، مہیا ہوتی تھیں۔ بسوں اور ٹرینوں کی سرکاری شعبے میں ترقی اور کارکردگی کا سنہری دور فیلڈ مارشل ایوب خان کا تھا۔ آج کے زمانے میں یہ ناقابل یقین لگتا ہے لیکن تب میرے دور دراز کے گاؤں نما قصبے سے بھی صبح سویرے گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کی بس روانہ ہوتی اور شام کو اپنا سفر ضلع ڈیرہ غازی خان تک مکمل کرنے کے بعد واپس آتی۔ ریلوے کا نظام بھی ابھی کرپشن اور لوٹ مار کا شکار نہیں ہوا تھا۔ اس زمانے میں ہمارے اپنے ہی آبائی قصبے کے ریلوے سٹیشن پر، جو اب بھوت بنگلہ بنا ہوا ہے، دو ٹرینیں رکتیں اور ہم راولپنڈی سے شام کے وقت ایک ٹرین میں سوار ہوتے اور دوسرے دن دوپہر کے بعد اپنے گھر پہنچ جاتے۔ وقت اتنا بڑا مسئلہ نہ تھا۔ یہ سہولت ایسی تھی کہ سونے، کتاب پڑھنے اور کھڑکی سے دوڑتے مناظر دیکھنے میں وقت کا کوئی احساس نہ ہوتا۔ ہر بڑے شہر میں اومنی بسیں چلتی تھیں، جس کا محکمہ اور نظام الگ تھا۔ طالب علمی کے زمانے میں مجھے یاد نہیں کہ لاہور میں کبھی کسی ویگن میں بیٹھنے کا اتفاق ہوا ہو، جو انسانوں کو اس طرح لے کر چلے کہ وہ مرغی خانے یا قیدیوں کی ویگن کا امتزاج لگے۔ پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس سے دو تین سمتوں میں ڈبل ڈیکر بسیں چلتی تھیں اور ہماری بلکہ سب کی کوشش ہوتی تھی کہ رنگ محل تک اوپر کی منزل میں سیٹ پر قابض ہوں۔

معاشی، انتظامی، ریاستی اور دیگر المناک بحرانوں کا آغاز پہلے عوامی دور سے ہوا۔ سب عجیب اور معاشی فیصلوں کی بنیاد پاپولزم یا سستی شہرت کے لیے تھی۔ سرکاری ٹرانسپورٹ نظام پر پہلا وار ایسے ہی فیصلے سے کیا گیا کہ طالب علم جس کلاس میں ہوں اور جہاں جائیں، نجی اور سرکاری بسوں میں مفت سفر کریں گے۔ اس کی شرط یہ تھی کہ آپ کے پاس سٹوڈنٹ کارڈ ہونا ضروری ہے۔ مفت سفر کے مزے لینے کے لیے سرکاری محکمے کے ملازمین اور عام لوگوں نے بھلا کیسے پیچھے رہنا تھا۔ انہوں نے بھی کسی جعلی ادارے میں داخلہ لے لیا اور ایک عدد سٹوڈنٹ کارڈ بذریعہ رشوت حاصل کرلیا۔ ضرورت سے زیادہ بھرتیوں نے باقی کسر بھی پوری کردی اور ساتھ ہی جو اوپر سے ہاتھوں کی صفائی شروع ہوئی تو ریلوے اور گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کے کرپٹ افسران کہاں پیچھے رہنے والے تھے۔ آہستہ آہستہ بسیں اور ٹرینیں غائب ہونے لگیں اور ملازمین کی تعداد بڑھتی چلی گئی۔ آگے آپ خود سمجھدار ہیں۔ وہ دور ختم ہوا تو نقصان اس قدر ہو چکا تھا کہ ہم آج تک سنبھل نہیں پائے۔ اس کے بعد ہر کوئی بات اپنے نظریاتی جھکاؤ، سیاسی وابستگیوں اور نقصانات کی بنیاد پر کرتا ہے۔ 1981ء میں دوسری بار اسلام آباد میں ہم نے چھ سال کے وقفے کے بعد آغاز کیا تو یہاں اربن ٹرانسپورٹ کا مکمل نظام ابھی تک قائم تھا بلکہ بہتر ہو چکا تھا۔ تب ہمارے پاس نہ موٹر سائیکل تھی نہ گاڑی کی سہولت اور اس کا سوچ بھی نہیں سکتے تھے نہ ہی ایسی ضرورت محسوس ہوئی۔ یونیورسٹی آنے جانے کے لیے عین وقت پر گھر کے دروازے پر بس آتی اور راولپنڈی صدر یا سپر مارکیٹ یا سٹلائٹ کمرشل مارکیٹ جہاں ہم گھومنے پھرنے جاتے، وہاں کے لیے بھی اربن ٹرانسپورٹ کی بس اس وقت کے چھوٹے سے اسلام آباد سے مل جایا کرتی تھی۔ آبپارہ کے سامنے گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کا اڈا تھا جہاں اب ہر کسی نے قبضہ کر رکھا ہے اور یہاں سے راولپنڈی اور مری کے لیے بسیں چلتی تھیں۔ دوسرا فوجی دور ختم ہوا اور پھر دوسرا عوامی دور شروع ہوا تو دوبارہ وہی کچھ ہونے لگا۔ ریلوے کا وزیر ایک ایسے شخص کو بنایا گیا جس کا ٹرکوں اور ٹرالرز کا کاروبار تھا اور پھر افغان جنگ کی سپلائی لائن کے لئے آمر حکومت نیشنل لاجسٹک سیل کی صورت میں ایک ادارہ چھوڑ گئی جس نے ریلوے کے ذریعے مال کی ترسیل کی مانگ کم کردی اور پھر نجی شعبہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرنے لگا۔ اس نے ہماری سڑکوں اور ریلوے کو برباد کردیا۔ ریلوے میں جدت، اصلاحات اور بہتر کارکردگی کی ضرورت تھی تاکہ مسابقت برقرار رکھ سکے مگر معاشرتی اور سیاسی اخلاقیات اور نظام ذمہ داری اور احتساب کا جنازہ صاحب اقتدار اپنے ہاتھوں سے نکال دیں تو قوموں کا وہی حال ہوتا ہے جو ہم دیکھتے آرہے ہیں۔

اسی دور میں پنجاب کی حکومت نے، جو میاں نواز شریف کی پہلی وزارت تھی، گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کو تحلیل کرنا شروع کردیا کہ اب تو یہ ناقابل اصلاح ہے۔ وفاق میں اسی دور میں آئی ایٹ، جہاں ہماری اشرافیہ اور کاروباری لوگوں کی رہائش گاہیں ہیں، بسوں اور ٹرینوں کے سٹیشنوں کے لیے مختص تھا اور اس کے ایک سب سیکٹر میں گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کا ڈپو تھا۔ عوامی سرکار نے فیصلہ کیا کہ اسے سرکاری ملازمین اور کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ملازمین کو الاٹ کردیا جائے۔ کس کے بارے میں ہم کیا کہیں کہ ہماری بربادی ایک داستان نہیں داستانوں کا سلسلہ ہے۔ اور ان کے کردار کسی ایک سیاسی گھرانے یا شخصیت تک محدود نہیں، سب کے نام آتے ہیں۔

ہر ملک میں شہروں اور دیہات، صنعتوں، انرجی کے وسائل اور زمین کی منصوبہ بندی کئی دہائیاں پہلے کردی جاتی ہے اور جو مقاصد سامنے رکھے جاتے ہیں ان پر عمل ہوتا رہتا ہے۔ ہماری ٹرانسپورٹ کی سرکاری سہولت اس زمانے میں ختم کی گئی جب شہری آبادی پھیل رہی تھی۔ آبادی میں بے پناہ اضافہ ہو چکا تھا، جو اب بھی جاری ہے۔ حکومت صرف اس آبادی کو خوش رکھنے کی تگ ودو میں ہے کہ ووٹروں میں اضافہ ہو اور خاندانوں کی دوسری اور تیسری نسل کا نام چمکے۔ اسلام آباد اور پنجاب کے کچھ علاقوں میں سرکاری شعبے میں برقی بسیں سڑکوں پر دوڑتی نظر آرہی ہیں۔ اس سے قبل شہباز شریف نے لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد میں بہت پہلے میٹرو بسیں مخصوص راستوں پر چلانے کا نظام متعارف کروایا تھا۔ بسوں پر تو کبھی اعتراض نہیں کیا مگر ان بھرتیوں میں لاہور کی کئی ایک اور راولپنڈی کی مشہور مری روڈ کا حلیہ بگڑ گیا۔ ایک حد تک اسلام آباد کا بھی۔ ایسی فراست اور سمجھداری کا ہم آج تک ادراک کرنے سے قاصر ہیں۔ برقی بسیں جو اسلام آباد کی مختلف سمتوں میں منزل پر جا رہی ہیں، وہ مناظر بہت خوش کن ہیں۔ مگر ڈر یہ ہے کہ خوبصورت شہر کے صرف دو انٹرچینج اور چند سٹیشنوں کی تعمیر کے وقت جو بھرتیوں کا ریکارڈ قائم کیا گیا وہ ٹرانسپورٹ کو مزید پھیلانے کے لیے نہ بھگتنی پڑیں۔ ہم ان انٹرچینجز کے ڈیزائن کی سزا نسلوں تک بھگتیں گے اور ان منصوبوں سے فیض پانے والے کسی اور ملک میں بسیرا کر رہے ہیں۔

ہر مسئلہ ہمارا مسئلہ ہے

خورشید ندیم



26 جولائی کے اخبار سے دو خبریں:

1: راولپنڈی میں 19 برس کی شادی شدہ عورت کو قتل کردیا گیا۔ سات ماہ پہلے ہی اس کی شادی ہوئی تھی۔ خاوند نے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی کہ وہ گھر سے بھاگ گئی ہے اور اس نے ایک دوسرے آدمی سے 'غیر شرعی نکاح' کرلیا ہے۔

2: قصور کے قصبے کوٹ رادھا کشن میں کھیتوں سے چودہ سال کی لڑکی زخمی حالت میں ملی۔ اس کا گلا کٹا ہوا تھا۔ ہسپتال پہنچنے تک وہ دم توڑ گئی۔ آلۂ قتل کھیت ہی سے مل گیا۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ لڑکی کون تھی۔

میں تلاش کرتا تو اس نوع کی مزید خبریں بھی مل سکتی تھیں۔ چند دن پہلے سوشل میڈیا پر ایک وڈیو دیکھی۔ ایک نوجوان گھر میں چند خواتین کی موجودگی میں ایک خاتون پر وحشیانہ انداز میں تشدد کر رہا تھا۔ دکھائی دیتا تھا کہ وہ اس کی بیوی ہے۔ وہ لاتوں اور ایک برتن کے ساتھ اسے مار رہا تھا اور اسے اس کی ذرا برابر پروا نہیں تھی کہ چوٹ جسم کے کس حصے پر لگ رہی ہے۔ خواتین پہلے تو دیکھتی رہیں اور پھر ایک بڑی عمر کی خاتون اس لڑکے کو روکنے کی کوشش کرتی ہے۔ اخبار میں ایک خبر نظر سے گزری کہ حاملہ بیوی پر تشدد کرنے والے کو گرفتار کرلیا گیا۔ میں نہیں جانتا کہ یہ وہی لڑکا تھا۔ خبر سے البتہ یہ تاثر ملتا ہے کہ یہ وہی لڑکا تھا جس کی وڈیو وائرل ہوئی ہے۔

ان خبروں کو مدرسے میں تشدد کی خبروں سے ملا کر پڑھیے۔ آپ کو اس معاشرے کی ایک تصویر ملے گی۔ ایک ایسا معاشرہ جس میں تشدد کا راج ہے۔ گھر، مدرسہ یا ایوان سیاست 'محراب و منبر' میڈیا ہر جگہ سے انتہا پسندانہ اور پرجوش آوازیں اٹھتی سنائی دیں گی۔ کوئی منبر پر کھڑا جج صاحبان کو قتل کی دھمکی دے رہا ہے۔ کوئی مدرسے میں بچوں کو مار رہا ہے۔ کوئی گھر میں بیوی پر تشدد کرکے اپنی مردانگی کا ثبوت دے رہا ہے۔ اخبار قتل کی خبروں سے بھرے ہیں۔ لگتا ہے تشدد اس سماج کے رگ و پے میں اتر گیا ہے۔ 'انتہا پسندی' جو تشدد کی بنیاد ہے' اب اقلیت کا مسئلہ نہیں۔ یہ ایک قومی مسئلہ ہے۔ ہم سب کو مل کر اسے حل کرنا ہوگا۔

انتہا پسندی کچھ اس طرح سے ہمارے مزاج میں در آئی ہے کہ بظاہر اصلاح کا علم اٹھانے والے بھی لاشعوری طور پر انتہا پسندی کی آبیاری کر رہے ہوتے ہیں۔ وہ جب اس نظام کو تیزاب سے غسل دینے کی بات کرتے ہیں تو دراصل انتہا پسندی کے فروغ میں شریک ہوتے ہیں۔ تیزاب سے غسل دینے کی ترکیب ایک نارمل دماغ میں جنم نہیں لے سکتی۔ یہ ترکیب بتا رہی ہے کہ یہ کسی انتہا پسند ٹیکسال میں ڈھلی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ کہنے والے کو خود اس کا ادراک نہ ہو مگر الفاظ کا انتخاب بتاتا ہے کہ یہ ایک انتہا پسندانہ سوچ کا نتیجہ ہے۔ بظاہر یہ لوگ انتہا پسندی کے سخت خلاف ہوں گے اور یہ کسی منافقانہ طرز عمل کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ وہ سنجیدگی کے ساتھ انتہا پسندی کا خاتمہ چاہتے ہوں گے مگر انہیں اندازہ نہیں ہوتا کہ وہ اصلاح کے جوش میں دراصل انتہا پسندی ہی کو فروغ دے رہے ہیں۔

ہمارے ہاں ایک اور مسئلہ ٹھیکیداری ہے جو انتہا پسندی کی بنیاد ہے۔ کوئی مذہب کا ٹھیکیدار ہے اور کوئی پاکستان کا۔ کوئی روایت کا اور کوئی صوبے کا۔ کون مسلمان ہے جو دین یا اس کے شعائر کی بے حرمتی کے بارے میں سوچ سکتا ہے؟ ہم میں مگر کچھ لوگ پیدا ہو جاتے ہیں جو دوسروں کو بغیر دلیل کے اگر مجرم نہیں تو مشکوک ضرور بنا دیتے ہیں۔ اسی ٹھیکیداری کا مظاہرہ پاکستان کے بارے میں بھی ہوتا ہے۔ چند افراد محض اختلاف رائے کی بنیاد پر دوسروں کو غدار اور 'مودی کا یار' ثابت کرنے پر تلے رہتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اس طرح وہ زیادہ محب وطن دکھائی دیں گے۔ یہ بیمار ذہنیت بھی انتہا پسندی کا باعث بنتی ہے۔ ہم مذہبی احساس اور حب الوطنی سمیت ہر جذبے کا دائرہ سکیڑتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہمیں ذرا سا اختلاف کرنے والا بھی اس دائرے سے باہر کھڑا دکھائی دیتا ہے۔ اسی سے تنگ نظری پیدا ہوتی ہے۔

گھریلو تشدد کا مرتکب بھی ایک نفسیاتی مریض ہوتا ہے۔ اس کے اسباب بھی بہت سے ہیں۔ پدرسری معاشرت' مذہبی تعبیرات' غیرت' کے جاہلانہ تصورات۔ یہ سب توازن سے محرومی کا اظہار ہیں۔ توازن سے محرومی آدمی کو انتہا پسند بنا دیتی ہے۔ ایسا مریض نہیں جانتا کہ کمزور پر ہاتھ اٹھانا کمزوری کی دلیل ہے نہ کہ بہادری کی۔ اگر آپ عورت کو اپنے جیسا نہیں سمجھ سکتے تو اسے احترام کا مستحق تو سمجھیں۔ ایسا شخص جہل مرکب کا مظہر ہوتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ایسا فرد بھی اپنے مرض سے واقف نہیں ہوتا۔ سچ یہ ہے کہ اکثر ذہنی مریض خود کو مریض نہیں سمجھتے۔ یوں سماج میں ان کی بیماری سرایت کرتی چلی جاتی ہے۔ جو ان سے جتنا قریب ہے اتنا ہی اس کی زد میں ہے۔ جیسے بیوی۔

مذہبی اور سیاسی انتہا پسندی سے ہم سب واقف ہیں کہ کیسے انہوں نے ہماری پرسکون معاشرت کو اضطراب اور تشدد سے آلودہ کردیا ہے۔ ستم در ستم یہ ہے کہ ہم اسے اپنا مسئلہ ماننے کے لیے آمادہ نہیں ہیں۔ کسی فرد یا گروہ کو اس جانب متوجہ کیا جائے تو خود احتسابی کے بجائے اس کا دفاعی نظام متحرک ہو جاتا ہے۔ وہ دوسروں میں بھی انتہا پسندی کے مظاہر تلاش کرکے خود کو مطمئن کرنے اور دوسروں کا منہ بند کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس بند گلی سے نکلنے کا ایک راستہ موجود ہے اگر ہم اس پر قدم رکھنے پر آمادہ ہوں۔

ہم ہر مسئلے کو اپنا مسئلہ سمجھیں۔ ممکن ہے ہمارا مدرسے سے براہ راست کوئی تعلق نہ ہو لیکن مدرسے میں ہونے والا تشدد ہمارا مسئلہ بن جانا چاہیے۔ ممکن ہے اللہ نے ہمارے گھر کو گھریلو تشدد جیسے عذاب سے محفوظ رکھا ہو مگر محلے میں کسی گھر میں ہونے والا ایسا واقعہ ہمیں متاثر کرتا ہے اس لیے وہ ہمارا مسئلہ ہے۔ ہم ممکن ہے ذاتی سطح پر دشنام کی سیاست سے آلودہ نہ ہوں مگر سوشل میڈیا پر بدتمیزی کے اثرات سے خود کو محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ سماج میں جزیرے نہیں بنتے کہ ہر جگہ انتہا پسندی ہو اور ہم اس سے محفوظ ہوں۔ ہم اگر اجتماعی سطح پر سوچنے کی عادت ڈالیں تو ایک دوسرے کی خامی کو اپنی خامی سمجھتے ہوئے اس کی اصلاح کیلئے اجتماعی کوشش کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ایک دوسرے کی خوبی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سے لعن طعن کی عادت سے بھی چھوٹ سکتی ہے جس میں ہم سب مبتلا ہیں۔ مذہبی طبقہ لبرل کو ملامت کرتا ہے اور لبرل اہل مذہب کو۔ اجتماعی سوچ ہمیں اس طرح کے اخلاقی رذائل سے بچا سکتی ہے۔

پاکستان کو ہماری اجتماعی 'اونر شپ' کی ضرورت ہے۔ ہر مسئلہ ہمارا مسئلہ ہے اور ہمیں اسے مل کر حل کرنا ہے۔ یہ سماجی بیداری کے بغیر ممکن نہیں۔ ہر سماج میں خود غرضی ہوتی ہے۔ یہ انفرادی بھی ہے اور اجتماعی بھی۔ اس سے گریز محال ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ غالب سوچ کیا ہے؟ اجتماعی مفاد اگر غالب رہے تو خود غرضی کے مضر اثرات سے بچنا ممکن ہوتا ہے۔ ایسے سماجی اداروں کا ہونا لازم ہے جہاں اجتماعی مسائل زیر بحث آئیں۔

پنجی پور زرعی زمین پر قبضہ، سرفراز کھوسہ کا الزام

پنجی پور (نامہ نگار) زمیندار اور سیاسی سماجی رہنما میر سرفراز احمد کھوسہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی آبائی زرعی زمین جو پنجی پور کے قریب واقع ہے جسے وہ چالیس سال سے کاشت کرتے آرہے ہیں اور ریونیو کارڈ میں بھی ان ہی کے نام ہے۔ تاہم ایک بااثر زمیندار نے اپنے بھائی کے ہمراہ گزشتہ شب مسلح افراد کے ذریعے زبردستی ان کی زمین پر قبضہ جما لیا ہے

اشتہار زیر 523 ضمنی دفعہ 2 ضابطہ فوجداری

بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں پولیس تھانہ سٹی ضلع زیارت اور پولیس تھانہ سنجاوی نے زیر دفعہ 550 ض۔ف اور مختلف مقدمات میں بطور مال مقدمہ قبضہ پولیس میں لیئے ہیں۔ ان گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی بابت جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب زیارت کے احکامات کے تحت حسب ضابطہ نیلام کرنے کا حکم ہوا ہے۔ لہٰذا اس ضمن میں کوئی شخص یا ادارہ ان گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ملکیت کا دعویدار ہے تو اس اشتہار کے چھ (06) ماہ کے اندر اندر عدالت ہذا میں ہمراہ ثبوت پیش ہو۔ بصورت دیگر مذکورہ گاڑیاں اور موٹر سائیکلوں کی میعاد پوری ہونے پر لاوارث جان کر بحق سرکار ضبط کر کے حسب ضابطہ نیلام کیا جائے گا اور بعد از میعاد کوئی شنوائی نہیں ہوگی۔ فہرست متبوضہ گاڑیاں درج ذیل ہے۔

LIST OF VEHICLES IMPOUNDED BY POLICE STATION CITY ZIARAT UNDER SECTION 550 Cr.P.C AS CASE PROPERTY

S. No	FIRNO OFFENCE	DETAIL OF VEHICLE	COLOR	REGISTRATION NO.	ENGINE NO	CHASSIS NO.	WHETHER IMPOUNDED U/S 550 CR.P.C OR AS A CASE PROPERTY (IF IMPOUNDED AS A CASE PROPERTY THE APPEAL PERIOD MUST HAVE ELAPSED.	REMARKS
1	3/6-3	Motorcycle	Red	Nil	Nil	Nil	550 Cr.PPC	Police Station Ziarat
2	2/6-3	Motorcycle	Red	8774	8774	CA163696	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
3	1/6-3	Pijaro		KAR-440	856E-4D56EXTDH	LI44G 3008805	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
4	2/6-3	Pijaro	Wight	BCKI-4958	4056-EXT-W6X	L149G 3031852	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
5	1/6-3	Motorcycle	Red		135843	LZ-MWPC 20230020594	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
6	1/6-3	Motorcycle	Pink	Nil	PM-201040784	PM-8940784	550 Cr.PPC	Police Station Ziarat
7	12/6-3	Motorcycle	Red	Nil	SAE-110478	SAC-118436	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
8	3/6-3	Motorcycle	Red	QAM-8587	085086	IAF-135100	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
9	7/6-3	Motorcycle	Red	Nil	RMI-693250	SR-70426403	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
10	2/6-3	Motorcycle	Red	Red	7057979	BJ-057930	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
11	6/6-3	Tavance	Dark	Dark Silver	Nil	CR-21-0190827	550 Cr.PPC	Police Station Ziarat
12	2/6-3	Succeed	Silver	Nil	B214662	NCP-590010601	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
13	3/6-3	Vitz	Pink	ASG-149	ISZ-FE-997	SCP-10.0036687	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
14	5/6-3	X-Corolla	White	AAE-456	INZE-FE-1496	NZE-121 -0201596	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
15	6/6-3	Passo	White	AAS-578	K3-VE-1297	M3-015 -0001142	550 Cr.PPC	Police Station Ziarat
16	8/6-3	Filder	Silver	BBK-77	INZ-IFE-1496	NZE-121 -0003620	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
17	4/6-3	Surf	White	ACE-317	3RZFE-2693	RZN-185 ,9034928	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
18	FIRNo. 03/2018 u/o 353-427-186-114-504-342	Motorcycle	Red	Nil	Nil	Nil	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
19	FIR NO04/ 2019 u/o 13-E	Motorcycle	Red	Nil	FM-IRP -2115569	NEY-1258410470	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
20	FIR NO. 08/2008	Motorcycle	Red	Nil	A15965	MR015629	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
21	FIR No. 3/2015	Motorcycle	Red	Nil	CG 04431498	CG P00011916	550 Cr.P.C	Police Station Ziarat
22	FIR No4/2016	Motorcycle	Red	NF-1905	AKE013468	013549	Foreigner act	Police Station Ziarat
23	FIR 5-6-7/2007	Motorcycle	Red	Nil	DSE 9035559	DSE223898	17 (3) Harraba	Police Station Ziarat
24	FIR -6-7/2007	Corolla	White	Nil	2L1419637	CF95-00053097	17 (3) Harraba	Police Station Ziarat
25	FIR No/2008	Corolla	Red	KC-9918	5A3552749	AE92160723	13-E	Police Station Ziarat
26	FIR No/2016	Filder	Black	AAA-252	IZZ-FE -1794ML	ZZE-122 -0206974	Foreigner Act	Police Station Ziarat
27	3/3-6	Motorcycle	Red	Nil	10500	S110-1023122	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
28	1/6-3	Motorcycle 70-D	Silver	Nil	1917270	CG125 -6704415	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
29	2/6-3	Motorcycle 125	Red	Nil	CG12 5E1605488	CG 1256214495	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
30	2/6-3	Motorcycle 125	Nil	Nil	1855788	6514359	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
31	1/6-3	Motorcycle Raiser	Silver	Nil	157FMIRR 2105360	R8340252R	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
32	16/6-3	Motorcycle CD70	Red	Nil	4247866	JC422536	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
33	4/6-3	Motorcycle	Red	Nil	156FM 171003736	NBDXXX 125B85007	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
34	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	1810084	AE416376	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
35	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	2424043	JA85287	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
36	1/6-3	Motorcycle	Black	Nil	R028420	EA710646	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
37	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	RLI1714489	SR701514285	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
38	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	5895293	JE415357	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
39	3/6-3	Motorcycle	Red	Nil	101500	S110-1023122	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
40	1/6-3	Motorcycle	Silver	Nil	1917270	Cg125-6704415	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
41	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	Cg-125-E-1605488	Cg125-6214495	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
42	2/6-3	Motorcycle	Nil	Nil	1855788	6514359	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
43	1/6-3	Motorcycle	Silver	Nil	157FMIR R-2105360	R8340252R	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
44	16/6-3	Motorcycle	Red	Nil	4247866	JC422536	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
45	4/6-3	Motorcycle	Red	Nil	156FM 171003736	NBDXXX 125B85007	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
46	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	2424043	JA85287	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
47	1/6-3	Motorcycle	Black	Nil	RO28420	EA710646	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
48	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	RMI-1714489	SR70-1514258	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
49	2/6-3	Motorcycle	Red	Nil	5895293	JE415357	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
50	3/6-3	Motorcycle	White	QAC-1122	70524	AE807777334	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
51	1/6-3	Toyota Corolla	Silver	DGG-5271	1584261	CE90-5042725	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
52	2/6-3	Toyota Corolla	White	LXD-8200	095555	CE-70-7023402	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
53	1/6-3	Corolla	White	G-5667	Nil	KE-70429033	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
54	1/6-3	Pickup Double Door	White	N-2374	2-L-9016895	LN805-0106542	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
55	12/6-3	Motor Card 2-D	White	Nil	A241L-01A	CE100-3055813	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
56	14/6-3	Motor card 2-D	White	AAH-207	SAB-388935	AE100-3302312	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
57	13/6-3	Motor Car Sarracha	White	Nil	2C-78173	CT-196-5002486	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
58	18/6-3	Tunas	Silver	Nil	2C-A42-DE252	CR27-0 099777	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
59	19/6-3	Surf	Silver	Nil	0134829	VZN185-0027428	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
60	1/6-3	Indus Corolla	White	Nil	SA-FE1498	AE100-0049960	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
61	2/6-3	Alto	Purple	Nil	6R233272	HA36S-243379	550 Cr.P.C	Police Station Sinjavi
62	23/2004 u/s 279-337GH	Motorcycle	Red	QAF 2571	G7E-720112	SKH100 A200115	279-337GH	Police Station Sinjavi
63	15/2014 u/s CNS	Motorcycle Honda	Nil	Nil	NP 20109664	PM909664	CNS	Police Station Sinjavi
64	18/2014 U/S 302-337 H(2) 34 PPC	Motorcycle Unique	Red	Nil	DSE 1046248	DSL 2044918	302-337 H(2) 34 PPC	Police Station Sinjavi
65	21/2015 U/S 3/14 Foreigner Act	Motorcycle Honda	Red	MD-4753	6724258	U405663	3/14 Foreigner act	Police Station Sinjavi
66	22/2015 u/s 3/14 Foreigner Act	Motorcycle Honda	Black	Nil	3311728	S98761	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
67	04/2016 u/s 3/14foreigner Act	Motorcycle Honda	Black	MNL-2920	7036461	BJ06385	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
68	04/2016 u/s 3/14 Foreigner Act	Motorcycle Honda	Red	Nil	6560204	U244736	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
69	7/2016 337 GH-427 PPC	Motorcycle Honda	Nil	Nil	FMI2 A45016518	POG5004 B007210	379-337GH-427 PPC	Police Station Sinjavi
70	12/2016 u/s foreigner Act	Motorcycle	Red	Nil	4806965	JD117075	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
71	16/2016 u/s 285/286 Petroleum Act	Motorcycle Honda	Purple	Nil	1743187	EA-370257	285-286 Petroleum act	Police Station Sinjavi
72	1/2017 u/s 3/14 foreigner Act	Motorcycle Honda	Black	Nil	1395,00245	0024	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
73	1/2017 u/s 3/14 foreigner Act	Motorcycle Honda	Red	1188	FMJF 5103556	1339f 5103556	3/14 Foreigner Act	Police Station Sinjavi
74	6/2017 u/s 427 -337 -GH -279 -320- PPC	Motorcycle	Red	Nil	ARMI63489	SR-B73933	427-337GH 279-320 PPC	Police Station Sinjavi
75	15/2017 u/s 13-E Arms	Motorcycle	Red	Nil	07119	HAF2120	13-E Arms	Police Station Sinjavi
76	17/2020 u/s 337-A	Motorcycle	Red	Nil	8537997	U3253	337-A	Police Station Sinjavi
77	33/2020 u/s 13-E Arms	Motorcycle	Red	Nil	RMI 720650	SR 70456190	13-E Arms	Police Station Sinjavi
78	10/2000 u/s 13-E Arms	Pickup Mazda	White	KJ-2652	NIL	NIL	13-E Arms	Police Station Sinjavi
79	15/2011 u/s 33-AD F-354-1 47-149- PPC	Tunas	Silver	AA-255	3299782	CRZZ 5039093	354-337-ADF 147-149 PPC	Police Station Sinjavi
80	07/2016 u/s 337 -GH-279-427 PPC	Wagon	White	LES-115	SL5084314	JT721LH H701006081	337-GH 279 427 PPC	Police Station Sinjavi
81	10/2020 u/s 392-365 PPC	Altus	White	AVR-578	3ZZFE 1598ML	MRO53 ZEE10611633	392-365 PPC	Police Station Sinjavi
82	19/2009 u/s 302-147-149 PPC	Motor card 2-D	Red	Nil	1894331	EE1009519079	302-147-149 PPC	Police Station Sinjavi

جوڈیشل مجسٹریٹ زیارت
چیئرمین ایکشن کمیٹی

PRQ No 312/29-07-2025

لورالائی، کمشنر ولی محمد بڑیچ نے عہدہ سنبھال لیا

لورالائی (خ ن) ولی محمد بڑیچ نے بحیثیت کمشنر لورالائی ڈویژن اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ ان کے پہلے روز دفتر پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر ضلع لورالائی میران خان بلوچ و دیگر متعلقہ آفسران نے ان کا استقبال کیا لیویز فورس کے دستے نے سلامی پیش کی۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے چارج سنبھالنے کے بعد ملاقات کرنے والوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ میری پہلی ترجیح عوام کی خدمت ہیں کسی بھی محکمہ کے بارے عوامی شکایات کا سختی سے نوٹس لیا جائے گا اور کسی بھی قسم کی لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن سے ان کے آفس کے مختلف برانچوں کے سپر نٹنڈنٹس نے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں اور اپنے شعبے سے متعلق تفصیل بتائیں۔

اوستہ محمد، زرعی پانی کی بحالی خوشحالی کی نوید ہے، ضرار خان جمالی

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا محکمہ اریگیشن زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور فراہمی کو یقینی بنائے صوبائی وزیر لائیو سٹاک ایم پی اے اوستہ محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا ان خیالات کا اظہار معروف قبائلی شخصیت نوجوان قیادت میر ضرار خان جمالی نے گوٹھ بہاول خان چندرانی میں میر محمد شریف خان چندرانی سے ملاقات کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا میر ضرار خان جمالی نے کہا کہ اوستہ محمد و تحصیل گنداخہ کی ترقی و خوشحالی کے لیے سب کو ساتھ لے کر چلیں گے انہوں نے کہا کہ ضلع اوستہ محمد بلوچستان کا گرین بیلٹ ہے اور لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے خوشحال کسان کے لیے صوبائی وزیر لائیو سٹاک ایم پی اے اوستہ محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی کی کاوشوں سے طویل عرصے کے بعد نہری نظام کی بحالی اور کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہوئی ہے میر ضرار خان جمالی نے مظہری شاخ سمیت دیگر شاخوں میں پانی کی قلت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ اریگیشن کے افسران کو ہدایات دی کہ وہ پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

چمن، ضلعی انتظامیہ کا بازار میں ناقص اشیاء پر کریک ڈاؤن

اے سی کا اچانک دورہ، دکانوں میں نرخ، معیار اور صفائی کا سخت جائزہ

اشیائے خورونوش میں ایکسپائری، کم وزن اور گندگی پر دکانداروں کو وارننگ جاری

چمن (نامہ نگار) اے سی چمن عزیز اللہ کاکڑ نے آج چمن شہر کی اچانک دورے کے دوران مختلف بازاروں کی دکانوں میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں معیار اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اس دوران انہوں نے جنرل سٹورز میں اناجی مصالح جات اور دیگر چیزوں کی کی قیمتیں ایکسپائری ڈیٹ وزن صفائی ستھرائی اور دکانوں میں سرکاری نرخ نامے کا جائزہ لیا انہوں نانبائیوں اور قصائیوں کی دکانوں میں روٹی اور گوشت کی معیار صفائی ستھرائی وزن اور قیمتوں کا بھی جائزہ لیا انہوں نے ہوٹلوں میں عوام کو دی جانے والی سالن جس میں روش والیس سبزیاں اور دیگر پکائی گئی سالن کا باریک بینی سے چیک کیں اس دوران انہوں نے دکانداروں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ دکانوں میں زائد المیاد اشیاء کی خرید و فروخت صفائی ستھرائی اور ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

محکمہ اریگیشن ملازمین کی تنخواہیں بند، اوستہ محمد میں دھرنا جاری

ڈیڑھ سال سے تنخواہوں کی بندش، لواحقین کے گھروں میں فاقہ کشی اور مایوسی

استا محمد (نامہ نگار) محکمہ اریگیشن لواحقین کوٹہ بھرتی کے ملازمین کا احتجاجی کیمپ جاری جبکہ کیمپ میں صوبائی صدر علی بخش جمالی کی آمد ضلع اوستا محمد کھیر تھر کینال کے گزشتہ ادوار کے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین نثار احمد ولد پیزا خان محمد خان ولد احمد خان ظفر علی ولد محمد عمر سعید انور ولد قطب خان ارباب علی غلام رسول خادم حسین ولد غلام حسین وحید علی ولد سفر طارق حسین ولد محمد عمر راجہ ولد محمد اکبر عرفان علی ولد عبدالعزیز کے لواحقین بچوں کے تعیناتی آرڈرز تو وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سیکرٹری اریگیشن صوبائی صدر اریگیشن یونین علی بخش خان جمالی کے جدوجہد سے بچوں کو مل گئے اور ان کے گھروں میں خوشیاں آگئیں لیکن ڈیڑھ سال سے تا حال سابقہ ایکسین کھیر تھر کینال اور موجودہ ایکسین صاحب نے تنخواہوں کے بلوں ایچ آر فارم پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا ہے جس سے فوت شدہ ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی اور مایوسی پھیل گئی اور انکے۔ گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے جبکہ دکانداروں نے راشن وغیرہ دینا بند کر دیا ہے جس کی بنا پر آج کھیر تھر کینال کے آفس کے سامنے لواحقین سراپا احتجاج ہیں لواحقین کا کہنا ہے کہ تمام غیر قانونی یا قانونی کام تو کیے جاتے ہیں لیکن ہم تنخواہوں کے آسرے میں کبھی کوئٹہ کبھی ڈیرہ مراد جمالی اوستا محمد اپنے گھروں سے ہزاروں روپے خرچ کئے ہمارے تنخواہوں کے بلوں پر دستخط کر کے مشکور فرمائیں

NOTICE INVITING TENDER

The undersigned invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023 of GOB, amended up-to-date from the interested contractors / firms for the works listed below; **Time Limit: 06 Months (Each Scheme), Earnest Money: 2% (Each Scheme)**

S.#	NAME OF PROPOSED SCHEME	E/COST
1.	Construction Of Protection Wall At Kichani Goth Dan UC Shereeshpat **TSE-252607792293**	3100000
2.	Construction Of 2 Nos Community Halls At Khan Muhammad Kundala & Allah Bachaia Goths UC Shereeshpat **TSE-252607792013**	4900000
3.	Repair Of Primary School Rooms At Wadiri Bhit UC Shereeshpat**TSE-252607792363**	1500000
4.	Construction Of 2 Nos Community Halls At Molvi Abdul Haleem Gonga & Muhammad Ayoub Khaskhii Goths UC Lakhara**TSE-252607792413**	4000000
5.	Repair Of 2-Nos Community Halls Muhammad Goth & Dohna Uc Lakhara **TSE-252607792453**	1500000
6.	Construction Of Boundary Wall Community Hall Goth Allah Bux UC Lakhra **TSE-252607792613**	1500000
7.	Construction 3 Nos Water Tank At Varoius Wards Of UC Oba UC Lakhra **TSE-252607792653**	2000000
8.	Construction Of Culvert At Rakh Oba Wali UC Lakhra**TSE-252607792663**	2500000
9.	Repair Of Community Halls Sardar Ghulam Muhammad Masor Goth UC Dahng Sabira**TSE-252607792673**	2000000
10.	Construction Of Water Supply Bores At Different Goths UC Dhang Sabira **TSE-252607792683**	7000000
11.	Construction Of Community Hall Goth Kallan Uc Bagyari **TSE-252607792693**	2000000
12.	Construction Of 2 Nos Crossing Culverts At Abdul Haq & Halid Dhroa Rafiq Goths UC Bagyari **TSE-252607792713**	2000000
13.	Construction Of Boundary Walls & Wash Rooms Community Halls Goth Mosani And Goth Ghulam Muhammad Tharara Uc Bagyari **TSE-252607792733**	2400000
14.	Construction Of 2 Nos Mori At Goth Abdul Rahim ,Abdul Rehman ,1 No Bore & 1 No ,Protection Wall At UC Bagyari **TSE-252607792743**	2600000
15.	Repair Of 3 Nos Community Halls Ghulam Hussain Shaikh , Rahim Dad Shaikh & Juman Angaria Goths At UC Kehnwari**TSE-252607792823**	3000000
16.	Construction Of 3 Nos Water Tanks At Husain Shaikh, Aboo Angaria Bohar, & Haji Kandira Bohra Goths UC Kehnwari**TSE-252607792873**	1000000
17.	Construction Of Boundary Wall Of Community Hall With Washroom & Water Tank With Pipe Line At Goth Angaria UC Kehnwari.**TSE-252607792933**	5000000
18.	Construction Of 10 Ten Nos Water Tanks At Different Goths At UC Ahora **TSE-252607792973**	3000000
19.	Construction Of Water Tank With Inverter, Motor And Pipe Line At Goth Sajjan Mouza Ahora.**TSE--252607793013**	1000000
20.	Construction Of Retaining Wall Ahora Graveyard UC Ahora **TSE-252607793063**	2000000
21.	Construction Of Community Hall Goth Dost Muhammad Uc Ahora **TSE-252607793233**	2000000
22.	Construction Of Water Supply Bore (200Feet) At Goth Murad Mangia UC Ahora**TSE-252607793253**	1000000
23.	Construction Of 1-Additional Rooms With Vranda At Primary Schools Ghulam Rasool Masoor &Harari Goths At UC Hara Moshani **TSE-252607793273**	3000000
24.	Construction Of 3-Nos Water Supply Solar Bores At Jan Muhammad Langa , Muhammad Umar Zorr & Muhammad Sadiq Sithar Goths UC Hara Moshani **TSE-252607793283**	6000000
25.	Construction Of 2 Nos Commnity Halls At Jinah Abad & Abdul Ghafoor Hamza Goths At U.C Sheh**TSE-252607793293**	4500000
26.	Repair Of Community Hall Pandyani Goth Uc Sheh**TSE-252607793303**	1500000
27.	Construction Of 3 Nos Water Tanks At Ahmed Ali Hashmani Ghulam Muhammad Thanpara Shah,Umer Moshani Goths At UC Sheh **TSE-252607793323**	1500000
28.	Construction Of Boundary Wall & Washroom Community Hall Goth Ibrahim Diria**TSE-252607793333**	1500000
29.	Construction Of Boundary Wall High School At UC Juman Bhit **TSE-252607793343**	3000000
30.	Construction Of 3 Nos Community Halls Allah Bachaya, Molvi Ahmed & Mit Jamot Goths At UC Juman Bhit**TSE-252607793353**	6000000
31.	Construction Of 2 Rooms UC Office At UC Sukan**TSE-252607793373**	2500000
32.	Construction Of Community Hall Jumani Goth With Wash Room At UC Sukan**TSE-252607793383**	3000000
33.	Construction 6 Nos Water Tanks In Various Places Of UC Sukan. **TSE-252607793403**	1500000
34.	Construction Of 2 Nos Boring At Goth Mula Muhammad & Sadiq Shahok Goth Uc Sukan **TSE-252607793413**	2000000
35.	Construction Of 9 Nos Water Tanks & Laying Of Pipe Lines (Total 25940 Feet) At Different Goths UC Pawan**TSE-252607793423**	6000000
36.	Construction Of 2 Nos Water Bore (Each 300 Feet) Sallah Doda Chor & Wata UC Pawan**TSE-252607793443**	2000000
37.	Repair Of Community Hall At Goth Qasim Shahok Chamsira**TSE-252607793453**	1000000
38.	Construction Of 10 Nos Retaining Walls At Daro Band River UC Jaffar Wala **TSE-252607793463**	4500000
39.	Construction Of Patching Wall 250 Feet At Dhora Kud UC Jaffar Wala **TSE-252607793473**	4500000
40.	Construction Of 2 Nos Community Halls At Din Muhammad & Muhammad Hassan Goths Uc Kanraj**TSE-252607793493**	4000000
41.	Repair Of Middle School Sahb Khan Shumali Kanraj**TSE-252607793503**	1000000
42.	Construction Of Protection Walls At Mir Muhmmad & Abdul Rehman Goths At UC Kanraj**TSE-252607793513**	4000000
43.	Construction Of 2-Additional Rooms For School Bachoo Goth Phore 3 At UC Liyari**TSE-252607793523**	3000000
44.	Repair Of 3 No Community Halls At Ali Akbar,Wadira Umar Kundmalir & Birdi Goths Liyari**TSE-252607793533**	3200000
45.	Construction Of 4 No Water Tanks At Different Villages UC Liyari **TSE-252607793543**	1800000
46.	Construction Of Community Hall At Ganj Bux Mallam UC Layari**TSE-252607793553**	3000000

The procurement will strictly be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules,2014. **ELIGIBILITY**: The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-06) above and registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax Department) , where applicable. Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 50000000 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage – Two envelope Bidding procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: **Issuance**: Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green Challan form amounting Rs: (1000) Non-refundable – (as bidding documents charges) deposited in the account **4048283872** of District Council Lasbela NBP Uthal Branch. **Technical and Financial Bids Submission**: Last date of Submission will be **15-08-2025** at **11:00am Technical Bids Opening**: The tender document will be opened on **15-08- 2025 at 12:00pm** (Technical bids will be opened within one hour of the deadline for submission of bids), before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives. **Tentative Financial Bids Opening:** The tentative financial Bids will be opened on **18-08-2025** at **12:00pm Place**: of issuance, submission, inquiries and opening will be :- Address: **Office of the Chief Officer District Council Lasbela** Phone No: **0853-610375** E-mail address: districtcouncillasbela@gmail.com Terms and conditions: Under the following conditions bids will be rejected Conditional, electronics and telegraphic bids / tender. Bids not accompanied by bid security / earnest money in shape of call deposit in favor of the undersigned. Bids received after specified date and time. Black listed contractors / firms.

CHIEF OFFICER,
DISTRICT COUNCIL, LASBELA

AB No.106/29-07-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ اوور لائننگ اور ملفوف الفاظ والے مسودے کے علاوہ شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار تاوقتیکہ تحریر سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایات درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

برائے کرایہ

ایک عدد گودام رقبہ چالیس ہزار فٹ واقع کچلاک روڈ غزہ بند اسکاؤٹس کے ساتھ پانی کی سہولت موجود ہیں رابطہ نمبر 03358206665
سندھی ADV ٹ.........

برائے فروخت

ایک پلازہ رقبہ 2 ہزار فٹ جس میں 7 فلیٹ تہہ خانہ پارکنگ جس کا ماہانہ کرایہ تقریباً 2 لاکھ روپے ملک اسٹریٹ سٹی سکول روڈ کوئٹہ رابطہ نمبر 03358206665
سندھی ADV ٹ.........

تلاش گمشدہ

میرا کال ڈیپازٹ CDR نمبر 7030300001126 مالیت 20 لاکھ (2000000) عسکری اسلامی بینک جناح روڈ کوئٹہ بنام ایکسین مینٹی نینس ڈویژن III کوئٹہ جاری کردہ رضا کنسٹرکشن کمپنی سول سیکرٹریٹ کوئٹہ کی حدود میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03009383621 پر مطلع کریں
سندھی ADV ٹ.........

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440060878699 دو عدد ATM کارڈ ایک عدد لائسنس اور موٹر سائیکل کے کاغذات ڈبل روڈ کے ایریا میں کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03138447940 پر مطلع کریں
سائرہ گل سٹاف.........

ضرورت فی میل اسٹاف

ہمیں اپنے ادارے کیلئے فی میل آفس اسسٹنٹ اور فی میل ریسپشنسٹ کی ضرورت ہے رابطہ نمبر 03339996345
سائرہ گل سٹاف.........

اعلان لاتعلقی

میں مسمی عبدالمنان ولد لعل محمد اپنے بھائیوں عبدالوہاب، جان محمد، حاجی محمد، نور محمد، روزی محمد، بور محمد اور ثناء اللہ سے بوجہ نافرمانی لوگوں سے ادھار لینا، لڑائی جھگڑا اور غلط لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا کی بنا پر اپنا لاتعلقی کا اعلان کرتا ہوں آج کے بعد ان سے جو کوئی بھی لین دین کاروبار یا رشتہ کرے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا آج سے میرا اور میرے بچوں کا ان سے کوئی تعلق یا واسطہ نہیں ہوگا
R.No.........61808

گمشدگی کاغذات

میری مہران سوزکی کار رجسٹریشن نمبر AAA.730 بنام علی نواز ولد غازی خان کے کاغذات لورالائی میں گم ہو گئے ہیں ملنے پر 03363556725 پر مطلع کریں
ملک امانت حسین لورالائی.........

گمشدگی واؤچر

میری سپر اسٹار موٹر سائیکل ماڈل 2018 انجن نمبر 1354568SSA چیسز نمبر 1385340SSA کا واؤچر سریاب روڈ کوئٹہ پر کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03337879906 پر مطلع کریں
جعفر سٹاف.........

درستگی تاریخ پیدائش

میری اصل تاریخ پیدائش 01/03/1985 ہے جبکہ میٹرک اسناد جاری کردہ بلوچستان بورڈ نے غلطی سے 06/02/1983 درج ہے لہٰذا درستگی کی جائے المشتہر: نصراللہ خان ولد فیض اللہ
جعفر سٹاف.........

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5520221581283 بنام محمد اکبر ولد جان بیگ عارضی پتہ نوکلی کوہلو مستقل پتہ پڑوہ کانہ تحصیل و ضلع کوہلو دوران سفر گر کر گم ہو گیا ہے ملنے پر 03358211897 پر مطلع کریں المشتہر محمد اکبر ولد جان بیگ
YM کوہلو.........

نوکنڈی، نوکچا میں ترقیاتی اقدامات خوش آئند پیشرفت ہے، عبدالسلام محمد زئی

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) نوکچا کے قبائلی رہنما و ڈی سی ممبر ملک عبدالسلام محمد زئی نے ایک بیان میں کہا کہ ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے نوکچا گاؤں میں حالیہ دنوں ہونے والی میٹنگ، جس میں جنرل منیجر رائن مچل، کمیونٹی افیئرز منیجر حاجی علی دوست یلانزئی، ایچ آر لیڈ عنایت اللہ کبدانی اور نصیر بلوچ نے شرکت کی، یقیناً علاقے کی ترقی کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوکچا کے عوام، جنرل منیجر اور ان کی ٹیم کی جانب سے کیے گئے اعلانات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، جن میں خاص طور پر ہسپتال کے کمروں کی تعمیر، نوجوانوں کے لیے فنی تربیت، اور طلباء کے لیے اسکالرشپ جیسے اہم اقدامات شامل ہیں۔ یہ اقدامات نہ صرف مقامی ضرورتوں کا ادراک ظاہر کرتے ہیں بلکہ مستقبل کے لیے امید کی کرن بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حاجی علی دوست یلانزئی کی ان تھک کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، جنہوں نے ہمیشہ زمینی سطح پر کمیونٹی کے مسائل کو ترجیح دی۔ خصوصاً نوکچا کے اردگرد حفاظتی بندوں کی مرمت اور ثقافتی تہواروں کا انعقاد، مقامی شناخت اور تحفظ کو فروغ دینے کے لیے نہایت اہم اقدامات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوکچا کی عوام کی طرف سے RDMC اور متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آنے والے دنوں میں ان ترقیاتی کوششوں میں مزید وسعت اور شفافیت آئے گی۔

پانچواں آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ لیگ فٹ بال ٹورنامنٹ آخری مراحل میں داخل

سپارٹکس، اسماعیل میموریل، مسلم کلب چمن اور پوپو کلب کی سیمی فائنل میں رسائی

آج پہلا سیمی فائنل سپارٹکس کلب سوات اور پوپو اسلام آباد اور دوسرا سیمی فائنل مسلم کلب چمن اور اسماعیل میموریل کراچی کے درمیان کھیلا جائیگا

فائنل میچ یکم اگست جمعہ کے دن کھیلا جائیگا، فائنل میچ کے مہمان خصوصی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہونگے

لاڈرہل، پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی 20 سیریز سے قبل پریکٹس سیشن میں مصروف ہیں

کوئٹہ، سابق سیکرٹری اور ممبر بلوچستان کرکٹ بورڈ ڈاکٹر اکرم بلوچ کا فائٹر کرکٹ کلب کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراعظم شہباز شریف نے فائٹر شاہ زیب رند کو 50 لاکھ روپے کا چیک دیدیا

ایشیا کپ: اگر بھارت میچ نہیں کھیلتا تو اس کا فائدہ پاکستان کو ہوگا، بھارتی میڈیا

لیجنڈ لیگ: پاکستان نے آسٹریلیا کو 10 وکٹوں سے شکست دے دی

ڈومیسٹک کرکٹ سیزن: کھلاڑیوں کیلئے سخت فٹنس ٹیسٹ لازمی قرار

لیسٹر، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستانی ٹیم آسٹریلیا کو شکست دینے کے بعد جشن منا رہے ہیں

شاداب خان کی ایشیا کپ 2025ء میں شرکت مشکوک

ڈاکٹرز نے انہیں سرجری کے بعد کم از کم ڈھائی سے تین مہینے آرام کرنے کی تجویز دیدی

لاہور (آن لائن) قومی ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان کی ایشیا کپ 2025ء میں شرکت مشکوک ہو گئی ہے۔ شاداب خان کے دائیں کندھے کی برطانیہ میں رواں ماہ کے آغاز پر سرجری ہوئی تھی جس کی وجہ سے وہ بنگلا دیش کے خلاف پاکستان کی حالیہ ٹی 20 سیریز اور دورہ ویسٹ انڈیز پر بھی قومی اسکواڈ میں شامل نہیں ہو سکے۔ ڈاکٹرز نے انہیں سرجری کے بعد کم از کم ڈھائی سے تین مہینے آرام کرنے کی تجویز دی ہے۔

ورلڈ جونیئر اسکواش: پاکستان پولینڈ کو ہرا کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا

عبداللہ نواز اور انس علی شاہ نے اپنے اپنے میچز جیت کر پاکستان کو فیصلہ کن برتری دلائی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ورلڈ جونیئر ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا۔ پری کوارٹر فائنل میں پاکستان نے پولینڈ کو شکست دے دی۔ عبداللہ نواز اور انس علی شاہ نے اپنے اپنے میچز جیت کر پاکستان کو فیصلہ کن برتری دلائی۔ عبداللہ نواز نے یان سمبورسکی کو 12-10، 11-4، 11-8 اور 11-2 سے شکست دی۔ انس علی شاہ نے فرانچک میکیویچ کو 11-7، 11-9، 10-12، 11-5 اور 11-3 سے ہرایا۔ کوارٹر فائنل میں پاکستان کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز کو ہوم گراؤنڈ پر ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کلین سوئپ کردیا

ویسٹ انڈیز کا 170 رنز کا ہدف آسٹریلیا نے 7 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا، سیریز 5-0 سے جیت لی

سینٹ کٹس (آئی این پی) ویسٹ انڈیز کو آسٹریلیا کے ہاتھوں ہوم ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کلین سوئپ کا سامنا ... اور شرفین ردرفورڈ نے 35 رنز بنائے۔ آسٹریلیا نے ویسٹ انڈیز کا ہدف 17 اوورز میں 7 وکٹ ...

شہید ادا خالد نے روڈینی کلب کو 137 رنز سے شکست دیدی

اسامہ میر کا انگلینڈ کی ووسٹرشائر کاؤنٹی کے ساتھ معاہدہ

قومی ٹیم کی لاڈرہل میں بھرپور پریکٹس، باؤلنگ، بیٹنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں

ورلڈ انڈر 19 والی بال، پاکستان کو آخری پول میچ میں شکست

آسٹریلوی صحافی کی بھارتی کرکٹ بورڈ پر تنقید

پاکستان کائٹ کرکٹ میں مجوزہ 2 درجاتی نظام کی مخالفت کا فیصلہ

لیویز انضمام مسترد، قبائلی شناخت پر وار ناقابل قبول ہے، مفتی سید آغا

لیویز فورس نے امن کیلئے قربانیاں دیں، انضمام سے خدمات اور شناخت متاثر ہوگی

پولیس میں ضم کرنا عوام دشمن اقدام، جمعیت علماء اسلام کسی صورت خاموش نہیں رہے گی

سرانان (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا، تحصیل سرانان کے امیر مولوی سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولانا نجیب اللہ آغا، سینئر نائب امیر و چیئرمین مولانا محمد صادق، اور قاری عطاءاللہ شاہ بخاری نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں بلوچستان صوبائی حکومت کی جانب سے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے عوام دشمن اقدام قرار دیا ہے۔ رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان لیویز فورس نے قبائلی علاقوں میں امن وامان کے قیام کے لیے جو قربانیاں دی ہیں، وہ تاریخ کا روشن باب ہیں۔ یہ فورس نہ صرف مقامی روایات اور قبائلی نظام سے ہم آہنگ ہے بلکہ اس نے ہر مشکل گھڑی میں اپنی جانیں قربان کر کے امن قائم رکھا ہے۔ ان کو پولیس میں ضم کرنا ان کی قربانیوں، خدمات اور قبائلی شناخت سے انکار کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اس غیر دانشمندانہ فیصلے کی بھرپور مخالفت کرتی ہے اور اس نازک معاملے پر خاموشی اختیار کرنا عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کے مترادف ہوگا۔ حکومت ایسے اقدامات سے باز رہے جو بلوچستان کے عوام میں احساس محرومی کو مزید بڑھا دیں۔ لیویز فورس نہ صرف ایک قابل اعتماد ادارہ ہے بلکہ قبائلی معاشرے کا ایک ناگزیر حصہ ہے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام لیویز اہلکاروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان کے جائز تحفظات کو ہر فورم پر اجاگر کیا جائے گا اور کسی بھی ایسی کوشش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا جو بلوچستان کی روایتی و قبائلی شناخت کو مٹانے کا باعث بنے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس فیصلے کو فوری طور پر واپس لیا جائے اور لیویز فورس کو ان کے دائرہ کار میں مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے تاکہ وہ پہلے کی طرح قبائلی علاقوں میں قیام امن کے لیے اپنی خدمات جاری رکھ سکیں۔

سب تحصیل میرپور کو تحصیل کا درجہ دیا جائے، عوامی مطالبہ

1927 سے قبل سب تحصیل کا درجہ حاصل، خان قلات یہاں قیام کرتے رہے

گنداواہ (نامہ نگار) سب تحصیل میرپور جو نصیرآباد ڈویژن کے ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ ہے تاریخی اور انتظامی لحاظ سے ایک اہم علاقہ ہے یہ علاقہ برطانوی دور حکومت سے لے کر ریاست قلات کے زمانے تک سب تحصیل کے طور پر قائم رہا اور 1962-63 کے ریکارڈ میں بھی اس کا درجہ بحال رہا قیام پاکستان سے قبل اور بعد میں بھی [illegible] نمایاں رہا ہے عوامی حلقوں کے مطابق سب تحصیل میرپور 1927 سے قبل سب تحصیل کے درجے پر فائز تھی اور خان آف قلات سردیوں میں یہاں قیام کرتے تھے یہ علاقہ سندھ بلوچستان کے سرحدی علاقوں کے قریب ہونے کی وجہ سے واپسی پر مسافروں کے مختصر قیام کے حوالے سے ایک اہم مرکز رہا ہے۔ ماضی میں جب سب تحصیل میرپور ایک یونین کونسل تھی، اس کا رقبہ تقریباً 157,019 ایکڑ تھا، جو 37 موضوعات پر مشتمل تھا۔ موجودہ دور میں یہ دو یونین کونسلوں پر مشتمل ہے، آبادی 15,000 سے زائد ہے، اور رقبے و موضوعات میں اضافہ ہوا ہے۔ ضلع جھل مگسی 1992 میں ضلع کچھی سے علیحدہ ہو کر تشکیل پایا، جس میں تحصیل جھل مگسی، تحصیل گنداواہ، اور سب تحصیل میرپور شامل ہیں۔ لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کی دفعات 5-6 کے تحت محکمہ بورڈ آف ریونیو، حکومت [illegible] قائم کرنے کا اختیار حاصل ہے سب تحصیل میرپور کے علاقے پارش، تاڑی بینک، اور بولان ندی کے پانی پر انحصار کرتا ہے۔ پانی کی عدم دستیابی کی صورت میں عوام نقل مکانی پر مجبور ہو چکی ہے 2022 کے سیلاب اور شدید بارشوں سے سب تحصیل میرپور کا ریونیو دفتر مکمل طور پر منہدم ہو چکا ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا تھا کہ ریونیو دفتر کی تعمیر نو کے لیے فوری احکامات جاری کیے جائیں تاکہ انتظامی امور بہتر ہو سکیں۔

ڈی سی قلات جمیل بلوچ کا آغا عرفان کریم کے ہمراہ ہسپتال کا دورہ

قلات (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ کا ڈسٹرکٹ چیئرمین آغا عرفان کریم کے ہمراہ پرنس آغا عبدالکریم خان ہسپتال کا اچانک دورہ۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی حاضریاں چیک کی۔ نجیب اللہ مینگل اور آغا کریم شاہ نے دورہ کرایا اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ اور ڈسٹرکٹ چیئرمین آغا عرفان کریم نے ہسپتال کے مختلف شعبوں ایمرجنسی او پی ڈی ادویات اسٹور ڈائلاسز سیکشن ایم ای آر سینٹر ایمبولینس اور دیگر شعبوں کا دورہ کیا

اوستہ محمد کمین محلہ میں ادھورے ترقیاتی کام پر شہری پریشان

گلیوں کو ادھیڑنے کے بعد ٹھیکیدار غائب، اہل محلہ شدید مشکلات کا شکار

ترقیاتی کام ادھورا چھوڑنے سے راستے بند، شہریوں کو آمدورفت میں دشواری

اوستہ محمد (آن لائن) کمین محلہ میں ترقیاتی کام کرنے والے ٹھیکیدار غائب گلیوں کو اکھیڑ کھود کر اہل محلہ کو پریشان کر رکھا۔ محلہ کمینوں کی شکایت سماجی رہنما میر حسن مکین کی شکایت۔ تفصیلات کے مطابق اہل محلہ اور سماجی رکن میر حسن کمین نے شکایت کی کہ کمین محلہ میں گلی کا کام منظور ہوا لیکن ٹھیکیدار نے گلی کو ادھیڑ کر رکھ دیا کراسوں کو بھی کھود کر چھوڑ دیا لیکن اب غائب ہو گیا کوئی پوچھنے والا نہیں اہل محلہ کیلئے وبال جان بن گیا انہوں نے شکایت کی کہ فوری طور پر کمین محلہ کی گلی کا کام کیا جائے جو کراس کھول دیے گئے انہیں فوری طور پر بنایا جائے ورنہ ہم احتجاج کریں گے انہوں نے میئر میونسپل کارپوریشن سے اپیل کی کہ وہ اس طرف توجہ دیں اور کام کروائیں

چاغی، لکڑیوں کی بے دریغ کٹائی، اسمگلنگ عروج پر

دالبندین، یک مچھ اور نوکنڈی میں قیمتی درختوں کی غیر قانونی کٹائی، مقامی انتظامیہ کی خاموشی نے اسمگلروں کو کھلی چھوٹ دے دی ہے

لکڑی افغانستان اسمگل، گرمیوں میں ذخیرہ، سردیوں میں مہنگے داموں فروخت، سالانہ لاکھوں کا غیر قانونی کاروبار کا سلسلہ جاری ہے

خشک لکڑی کی قیمت گرمیوں میں 1200، سردیوں میں 1500 روپے فی من، منافع بخش دھندے نے ماحول کو خطرے میں ڈال دیا

مقامی لوگ مہنگی لکڑی کے باعث ایل پی جی سلنڈر استعمال پر مجبور، گیس کی قلت اور ایران بارڈر بندش نے مشکلات بڑھا دیں ہیں

لکڑی اسمگلنگ بند کی جائے، درختوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، محکمہ جنگلات اور قانون نافذ ادارے متحرک ہوں، عوامی حلقوں کا مطالبہ

دالبندین (رپورٹ: حاجی عبدالستار کشانی) ضلع چاغی کے مرکزی شہر دالبندین اور اس کی تحصیلوں، خصوصاً یک مچھ، نوکنڈی، اور دیگر دور دراز صحرائی و پہاڑی علاقوں میں گزشتہ کئی برسوں سے خشک لکڑیوں کی بے دریغ اور غیر قانونی کٹائی جاری ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق روزانہ درجنوں ... کر کے سردیوں میں مہنگے داموں فروخت کی جاتی ہیں۔ محکمہ جنگلات اور مقامی انتظامیہ کی خاموشی نے ان غیر قانونی عناصر کو مزید بے خوف بنا دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق خشک لکڑیوں کی قیمت گرمیوں میں 1000 سے 1200 روپے فی من جبکہ سردیوں میں 1400 سے 1500 ... پر بھی منفی اثر ڈال رہی ہے۔ ادھر لکڑیوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے باعث مقامی آبادی ایل پی جی (LPG) سلنڈروں کا متبادل ایندھن کے طور پر استعمال کرنے پر مجبور ہے، جو کہ گھریلو سطح پر خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ ایران بارڈر کی بندش کی وجہ سے ایل پی جی ... درختوں کو کاٹ کر چاغی کے دیگر شہروں، اور بارڈر کے راستے افغانستان تک اسمگل کیا جا رہا ہے۔ یہ لکڑیاں عموماً دو طریقوں سے بیچی جاتی ہیں، اول، تازہ لکڑیوں کو کاٹ کر کئی مہینوں تک خشک کیا جاتا ہے اور بعد ازاں انہیں ایندھن یا تجارتی مقاصد کے لیے فروخت کیا جاتا ہے۔ دوم، پہلے سے خشک لکڑیوں کو ٹرکوں اور ٹریکٹروں کے ذریعے سردیوں کے موسم میں بڑی مقدار میں افغانستان منتقل کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ لکڑیاں ذخیرہ ... کی وجہ سے یہ غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے لیے منافع بخش کاروبار بن چکا ہے۔ ماحولیاتی ماہرین خبردار کر چکے ہیں کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو آئندہ چند سالوں میں دالبندین اور چاغی کے ان علاقوں میں وہ درخت ناپید ہو جائیں گے جو خشک لکڑی فراہم کرتے ہیں۔ درختوں کی یہ نسل کشی نہ صرف مقامی ماحولیاتی نظام کے لیے تباہ کن ہے بلکہ بارشوں کی کمی، زمینی کٹاؤ، اور موسمیاتی تبدیلیوں ... ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، محکمہ جنگلات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر لکڑیوں کی غیر قانونی کٹائی اور اسمگلنگ کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ خصوصاً لکڑیوں کو ضلع چاغی سے باہر لے جانے پر مکمل پابندی عائد کی جائے تاکہ ماحول کو محفوظ بنایا جا سکے اور آئندہ نسلوں کے لیے درختوں کا وجود باقی رہ سکے۔

نصیرآباد کو 80 فیصد ادویات کی فراہمی ممکن ہوئی، ڈاکٹر منان لانگو

وزیر صحت و سیکریٹری کی کاوشوں سے ادویات کی بروقت فراہمی ممکن ہو سکی

ماضی میں سپلائی تاخیر کا شکار، اس بار بروقت ادویات موصول ہوئیں: ڈی ایچ او

نصیرآباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے کہا ہے کہ سب سے پہلے میں حکومت بلوچستان کے محکمہ صحت کا دل کی گہرائیوں سے مشکور ہوں، خاص طور پر وزیر صحت اور سیکریٹری صحت کا جن کی انتھک کاوشوں کے نتیجے میں نصیرآباد ڈسٹرکٹ کو 75 سے 80 فیصد تک میڈیسن کی سپلائی فراہم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بڑی پیشرفت ہے جو حکومت بلوچستان کی موثر پالیسیوں اور محکمہ صحت کی بھرپور توجہ کا نتیجہ ہے۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے مزید بتایا کہ ماضی میں میڈیسن کی سپلائی تاخیر کا شکار رہتی تھی، جس کی وجہ سے علاج معالجے میں دشواری پیش آتی تھی، لیکن اس بار ہمیں میڈیسن بروقت موصول ہوئی ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اب محکمہ صحت بلوچستان نے ادویات کی ترسیل اور اسٹاک کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کر دیا ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن کے تحت یہ نظام بنایا گیا ہے کہ جب بھی ایم ایس ڈی (میڈیکل اسٹور ڈپو) سے میڈیسن نکلے گی تو اس کی ٹرک ٹریکنگ کی جائے گی اور جیسے ہی میڈیسن ڈسٹرکٹ اسٹور میں اترے گی تو اس کی انٹری فوری طور پر ایپ پر آ جائے گی یہ ایپ پورے بلوچستان کے ڈسٹرکٹس کو آپس میں منسلک کرتی ہے۔ اگر اسٹور میں کوئی ایک بھی آئٹم کم ہوگی تو وہ ایپ پر ظاہر ہو جائے گی، جس سے کمی کی صورت میں فوری کارروائی ممکن ہو سکے گی۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے کہا کہ اس وقت مون سون کا موسم ہے اور اکثر اوقات بارشوں اور سیلاب کی صورتحال میں ادویات کی قلت کا سامنا رہتا تھا، لیکن اس بار اللہ کا شکر ہے کہ حکومت بلوچستان کی بروقت کاوشوں سے ہمارے پاس میڈیسن وافر مقدار میں موجود ہے اگر خدانخواستہ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو ہمارے پاس ادویات کی کمی محسوس نہیں ہوگی آخر میں ڈاکٹر عبدالمنان لانگو نے ایک بار پھر وزیر صحت بلوچستان، سیکریٹری صحت، اور محکمہ صحت کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے نصیرآباد کے عوام کی صحت اور جان بچانے والی ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا

ڈیرہ مراد جمالی بدامنی پر جے یو آئی کا سخت ردعمل

نصیرآباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر، حاجی رحمت اللہ لہڑی نے شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور دیدہ دلیری سے ہونے والی لوٹ مار کے ایک تازہ واقعے پر سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر کی شام ڈیرہ مراد جمالی کے مصروف اور مرکزی بازار میں ڈاکوؤں نے چار دکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے تاجروں سے لاکھوں روپے کی نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز لوٹ لیے۔ واردات کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو شہری شدید زخمی ہو گئے۔ حاجی رحمت اللہ لہڑی نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ یہ واقعہ سٹی تھانہ سے محض چند قدم کے فاصلے پر پیش آیا، جو پولیس کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دو یا تین ڈاکو چھپ کر واردات کرتے تھے، لیکن اب ڈاکو باقاعدہ ٹولیوں کی شکل میں آ کر کھلے عام لوٹ مار کر رہے ہیں جو کہ پولیس کی ناکامی کا کھلا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر اس وقت شدید بدامنی کی لپیٹ میں آ چکا ہے، اور کچے کے علاقوں سے زیادہ خطرناک بنتا جا رہا ہے۔

پولیو کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی، عطاء المنعم

دالبندین (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے ایوننگ میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں محکمہ صحت اور متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید سیاپاد، ڈبلیو ایچ او رخشان ڈویژن کے نمائندہ جمیل خان یوسف کے کمیونیکیشن آفیسر حاجی جلیل بلوچ، ڈبلیو ایچ او کے ڈویژنل سرویلنس آفیسر حاجی ڈاکٹر شیر محمد سنجرانی، ڈی ... شریک ہوئے۔ متعلقہ افسران نے پولیو مہم کے پہلے دن کی کارکردگی پر مشتمل رپورٹس پیش کیں اور مہم کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر چاغی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم ایک قومی فریضہ ہے، جس میں ہم سب کو سنجیدگی اور سنجیدگی کے ساتھ حصہ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس موذی مرض کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے ہر طبقہ فکر، بشمول علماء، سول سوسائٹی، اور میڈیا کو عوامی شعور اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

نہری پانی بندش کسانوں کا معاشی قتل ہے، غلام محمد جمالی

جعفرآباد میں پانی کی قلت سے بیج سوکھ گئے، کسان شدید معاشی بحران میں مبتلا

جعفرآباد (اے این این) ڈیرہ اللہ یار کے قریب بزگر کمیٹی کے احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے تنظیم کے جنرل سیکریٹری غلام محمد عرف جی ایم جمالی، پٹ فیڈر بچاؤ تحریک کے سربراہ حاجی میر نصیب اللہ خان کھوسہ، نیشنل پارٹی کے رہنما عبد الحکیم ... ہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ جعفرآباد کے نہروں کو فی الفور ٹیل تک پانی فراہم کیا جائے بصورت دیگر سخت احتجاجی لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال اور کیرتھر کی شاخوں میں پانی کی عدم ... خان اور دیگر کسان تنظیم کے تمام ممبران کی شرکت ... پانی دستیاب نہیں ہے چاول کی سیزن ہے لیکن ہمارے بیج خشک ہو کر تباہ ہو رہے ہیں محکمہ آبپاشی ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت جعفرآباد کو پانی فراہم نہیں کر رہا ہے کسانوں کا شتکاروں کا معاشی طور پر قتل عام کیا جا رہا ہے فصل تو اپنی جگہ اب ہمارے بچے، جانور چرند پرند بھی پیاسے مر رہے ہیں ... احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے شہر بھی کرتے ہوئے ڈیرہ اللہ یار بائی پاس کو زیرو پوائنٹ کے مقام پر روڈ کو بلاک کر دیا جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوگئی ہے اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے بزگر کمیٹی کے رہنما غلام محمد جمالی، میر نصیب اللہ کھوسہ، عبدالحکیم بلوچ و دیگر نے الزام عائد کیا



اوتھل، پارلیمانی لیڈر نوابزادہ میر زرین خان مگسی عوامی مسائل سن رہے ہیں



میزئی اڈہ، اے این پی رکن صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی سے سبحان اللہ کاکڑ، محب اللہ اچکزئی اصغر باچا خان سلمان کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اطلاع عام

ہر گاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دوکان نمبر 30 گراؤنڈ فلور فائیر بریگیڈ پلازہ جو کہ محمد حسین خان ولد ملا عبدالخالق کے نام پر ہے کو عبدالباری ولد محبت خان کے نام پر ٹرانسفر کر دیا ہے اگر کسی بھی شخص یا ادارے کو کسی بھی قسم کا اعتراض ہو تو پندرہ 15 یوم کے اندر ٹیکس برانچ میٹرو پولیٹن کارپوریشن سے رابطہ کرے بصورت دیگر کوئی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا ٹیکس برانچ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ

61809

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مجسٹریٹ لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد جان نے شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد شمس الدین ولد عبداللہ قوم حمزہ زئی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مذکورہ کے جائز وارثان تا زوہ بی بی بیوہ، شاکت خان، حیات خان، نعمت خان، محمد خان، محمد جان، قطب خان، حکیم خان، راز خان، سعادت خان، ریاست خان، نازو بی بی، شیرین بی بی، سلیمانہ بی بی، رابعہ بی بی، انیسہ بی بی، سعید بی بی ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع زراعتی حلقہ مجسٹر میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 29/7/2025 کو ہمارے دستخط مہر سے جاری ہوا

ملک امانت حسین لورالائی.....

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 177/24 دعویٰ خلع، جہیز، خرچہ

1۔ شاہ پری دختر سید اللہ پتہ کوئٹہ بنام 1۔ بسم اللہ ولد خان بہادر پتہ پشین

اشتہار بنام مدعا علیہ/مدعا علیہم: ۔ بسم اللہ ولد خان بہادر پتہ پشین

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 12/8/2025 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج بمورخہ 26/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61805

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 61/25 درخواست گارڈین

1۔ بی بی زینب دختر محمد سلیم فروتی ٹاؤن نزد جنگ سٹاپ کوئٹہ بنام 1۔ قیوم خان ولد زردار خان پتہ مکان نمبری 5-11/95 قائد آباد کوئٹہ 2۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 6/8/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 21/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61804

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 74/25 دعویٰ خلع

پاکیزہ بی بی دختر حاجی محمد سکنہ Tasp تھانہ منگور رسال کواری روڈ کوئٹہ بنام عالمگیر ولد محمد عمر سکنہ عالمگیر Tasp منگور

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 7/8/2025 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ و دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج بمورخہ 24/7/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

61805

بقیہ 1 صوبائی کابینہ

فیصد سبسڈی پر زرعی ٹریکٹر فراہم کرنے کی منظوری دی اس کے ساتھ ساتھ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کی روشنی میں محکمہ زراعت کے ٹریکٹر آپریٹرز کو گریڈ 6 سے گریڈ 11 میں اپ گریڈ کرنے کی بھی توثیق کی گئی تو انائی کے شعبے میں بہتری کے لیے کابینہ نے لسبیلہ اور حب میں 150 میگا واٹ کے سولر پروجیکٹس کے تکنیکی و مالی جائزے کے لیے سیکرٹری خزانہ اور سیکرٹری انرجی پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی اجلاس میں بلوچستان منرل ڈویلپمنٹ فنڈ کے قیام کی منظوری دی گئی جو معدنی وسائل کے شفاف استعمال اور سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا اس کے ساتھ بلوچستان کنٹری بیوشن پنشن اسکیم رولز 2025 کی منظوری دی گئی تاکہ سرکاری ملازمین کے لیے ایک منظم اور پائیدار پنشن نظام وضع کیا جا سکے اور آنے والے وقت میں بڑھتے ہوئے غیر ترقیاتی بجٹ کو روکا جا سکے ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ کے لیے کابینہ نے لیپ ٹاپ پالیسی کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کا فیصلہ کیا ہے اسی طرح صوبے کے تمام محکموں بشمول محکمہ اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری دی گئی ہے تاکہ روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں امن و امان کی بہتری کے لیے کابینہ نے کوہلو میں دو نئے پولیس اسٹیشنز کے قیام، مانگی ڈیم کے لیے اضافی سیکیورٹی، رکھنی اور بارکھان میں سی ٹی ڈی تھانوں کے قیام اور لورالائی اور سبی میں سی ٹی ڈی حدود میں رد و بدل کی منظوری دے دی اسلحہ لائسنسی رولز میں ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے مفت اسلحہ لائسنس کا خاتمہ کر دیا گیا ہے جب کہ وزراء، مشیروں اور اراکین اسمبلی کی سیکیورٹی کے لیے مربوط پالیسی کی بھی منظوری دی گئی ہے وفاقی حکومت کی درخواست پر بولان میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کو لیز پر دی گئی 20 ایکڑ اراضی واپس لے لی گئی خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن کی چیئرپرسن کے طور پر کرن بلوچ کی تقرری کی منظوری دی گئی تعلیم کے شعبے میں پیش رفت کے لیے مکران اور کیچ کے انٹرنیز اساتذہ کی ایڈجسٹمنٹ کی منظوری دی گئی جب کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے مجوزہ رولز اور صحافیوں کی فلاح و بہبود سے متعلق جرنلسٹس ویلفیئر ترمیمی رولز بھی منظور کیے گئے ترجمان شاہد رند کے مطابق یہ تمام فیصلے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اس وژن کی عکاسی کرتے ہیں جو ایک بااختیار، محفوظ، ترقی یافتہ اور عوام دوست بلوچستان کے قیام پر مرکوز ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شفافیت، میرٹ، اور عوامی خدمت کے اصولوں پر کاربند ہے اور ان فیصلوں کے ثمرات جلد عوام تک پہنچنا شروع ہو جائیں گے۔

بقیہ 2 بھارتی لوک سبھا

طیارے کا تھا جس پر BS-001 لکھا ہوا تھا، حادثے میں ایک ہاسٹل بلاک جبکہ 9 افراد زخمی ہوئے۔امریندر سنگھ راجہ نے کہا کہ بھارتی ایئر مارشل نے بھی طیارہ گرنے کی تصدیق کی، بھارتی ایئر مارشل نے کہا کہ یہ ایک غیر شناخت شدہ طیارے کا پرزہ ہے۔لوک سبھا کے رکن کا کہنا تھا کہ بھارتی ایئر مارشل نے اس ایئر کرافٹ کو غیر شناخت شدہ قرار دیا، درحقیقت بھارتی ایئر مارشل نے بھارتی عوام سے حقائق چھپائے۔واضح رہے کہ پاک بھارت جنگ کے دوران پاکستان نے بھارت کے جنگی طیارے مار گرائے تھے جن میں فرانسیسی کمپنی کے رافیل طیارے بھی شامل تھے۔فرانس سمیت دیگر اداروں کی جانب سے تصدیق کے باوجود بھارت جنگی طیارے گرنے کے حوالے سے انکاری ہے۔پہلگام ہو یا مہا دیو فالس فلیگ آپریشن، مودی کے سیاسی ایجنڈے کو سہارا دینے کی ناکام کوشش جاری ہے۔مودی کی لوک سبھا میں تقریر سے ایک دن قبل جعلی مقابلے کیے گئے، تاہم سیاسی اسٹیج تیار کرنے کی کوشش بے نقاب ہوگی۔بھارتی اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی نے امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے 5 بھارتی طیارے گرنے کے بیان پر مودی حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔راہول گاندھی نے لوک سبھا اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر مودی میں دم ہے تو یہاں اپنے خطاب میں کہہ دیں کہ ٹرمپ نے جھوٹ بولا ہے۔راہول گاندھی نے کہا کہ اگر مودی میں اندرا گاندھی کی طرح ہمت ہے تو وہ کہیں کہ ٹرمپ نے جھوٹ بولا ہے، مودی کہیں کہ بھارت نے جنگ بندی نہیں کی اور بھارت کے کوئی طیارے نہیں گرے۔راہول گاندھی کا یہ بیان امریکی صدر کی جانب سے پاک بھارت جھڑپوں کے دوران 5 بھارتی طیارے گرنے کی تصدیق کے بعد سامنے آیا ہے، صدر ٹرمپ 28 مرتبہ پاکستان اور بھارت میں جنگ بندی کروانے کا کریڈٹ بھی لے چکے ہیں۔خیال رہے کہ بھارتی لوک سبھا میں بھارت کے آپریشن سندور پر بحث جاری ہے جس میں اپوزیشن کی جانب سے مودی حکومت پر شدید تنقید جاری ہے۔مودی سرکار نے آپریشن سندور کی ناکامی چھپانے کے لیے نیا فالس فلیگ آپریشن رچا دیا۔فالس فلیگ حملے اور آپریشن، ہندوتوا سرکار کی ریاستی پالیسی بن چکے ہیں۔آپریشن سندور پر پارلیمانی بحث سے ایک دن قبل پہلگام حملے کے دہشتگرد ہلاک ہوجانا محض اتفاق نہیں ہے۔بھارت میں ہر فالس فلیگ کے پیچھے ایک سیاسی بحران یا الیکشن قریب ہونا محض اتفاق نہیں ہو سکتا۔گودی میڈیا نے بغیر کسی ثبوت کے دہشتگردوں کو پاکستان سے جوڑ کر پاکستان دشمنی کا ثبوت دے دیا۔بھارتی میڈیا وی آن نیوز کے مطابق آپریشن مہادیو میں بھارتی فوج نے پہلگام حملے سے منسلک تین دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔سری نگر کے قریب کارروائی میں مارا گیا ایک مقامی شخص دہشتگردوں کا سرغنہ تھا، فوج نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے لاشوں کے ساتھ بڑی مقدار میں اسلحہ و بارود برآمد کیا گیا۔وی آن نیوز کے مطابق برآمد شدہ اسلحے میں سوویت ساختہ اے کے 47 رائفل، امریکی ساختہ کاربائن، 17 رائفل گرینیڈ اور دیگر ساز و سامان شامل ہے۔حسب روایت دہشتگردوں کی شناخت اور شواہد پہلے ہی مودی سرکار نے اسلحے اور دہشتگردوں کو پاکستان سے جوڑ دیا۔لوک سبھا کی عسکری ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لیے فالس فلیگ آپریشن اور پاکستان پر الزام تراشی مودی کا حربہ ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ جاری کی گئی ہلاک دہشتگردوں کی تصاویر میں واضح ہے کہ ان کے پاس موجود ہتھیار بھی غیر فعال تھا۔انہوں نے تشویش کا اظہار کیا کہ رائفل کی بیرل میں کپڑا موجود، حقیقی مقابلے میں ایسا غیر فعال ہتھیار کیسے ہو سکتا ہے؟ بھارت کو فالس فلیگ ڈراموں کے لیے بہتر اسکرپٹ رائٹرز چاہئیں، ایسی غلطیاں بھارتی سازش بے نقاب کر دیتی ہیں۔پرانے جعلی مقابلوں کی تصاویر مودی کی تقریر سے ایک دن پہلے جاری کرنا مودی کی سیاسی ساکھ بچانے کی ناکام کوشش ہے۔اگر دہشتگرد پاکستانی تھے تو ان کے شواہد عالمی فورم پر کیوں پیش نہیں کیے جاتے؟ ہندوتوا سرکار کو عوام کی توجہ مہنگائی، بے روزگاری سے ہٹانے کے لیے ہمیشہ سرحد پار دہشتگردی کے بیانیے کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ہر بار پرانی AK-47 دکھا کر دہشتگردی کا ڈرامہ رچانا بھارتی نااہل خفیہ اداروں کی پرانی عادت ہے۔

بقیہ 3 عمران خان

آپ کے بیٹے شرکت کریں گے؟ تو انہوں نے جواب دیا نہیں وہ احتجاج کیلئے نہیں آئیں گے، واضح رہے پی ٹی آئی کی مقامی قیادت اور عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کئی بار واضح طور پر کہا تھا دونوں بیٹے احتجاج کیلئے پاکستان آئیں گے تاہم احتجاج والی بات عمران خان نے خود ختم کر دی لیکن اگر وہ والد سے ملنے کیلئے آئیں گے تو الگ بات ہے اور عدالت ضرور ملنے دے گی۔

بقیہ 4 ٹرمپ

نے بنیادی طور پر تقریباً تمام ممالک سے زیادہ ٹیرف وصول کیا، صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ابھی تک امریکا اور بھارت کے درمیان تجارتی معاہدہ طے نہیں، خیال رہے کہ امریکی صدر نے اپریل میں

بقیہ 5 وزیراعظم

بھارتی مصنوعات پر 26 فیصد ٹیرف کے نفاذ کا اعلان کیا تھا جس پر عملدرآمد جولائی تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت میں کار ساز کمپنی ٹیسلا کا مینوفیکچرنگ پلانٹ لگنے سے بھی رکوا دیا تھا۔

کے ساتھ ساتھ معاشی میدان میں بھی کامیابی ملی ہے، ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہو چکی ملکی ترقی کیلئے ہمیں محنت اور دیانت کو اپنا شعار بنانا ہوگا، ریلوے کے پبلک ٹرانسپورٹ کے حوالے سے دنیا میں کلیدی کردار ہے، ریلوے کی شاندار بحالی پر وزیر ریلوے حنیف عباسی کی پذیرائی کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز لاہور ریلوے اسٹیشن پر پاک بزنس ایکسپریس ٹرین کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، ریلوے حکام و دیگر بھی موجود تھے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ آج مدتوں بعد مجھے ریلوے اسٹیشن لاہور آ کر بہت مسرت ہوئی ہے، یہاں خوشگوار تبدیلی دیکھنے کو ملی، پاکستان ریلوے میں مثبت تبدیلی نظر آ رہی ہے، پاک بزنس ٹرین میں صرف اشرافیہ کیلئے ہی نہیں بلکہ عام آدمی کے لیے یورپی ریلوے کی طرز پر شاندار سفری سہولیات فراہم کی گئی ہیں، ٹکٹ کا پرانا نظام ختم کر کے جدید ڈیجیٹل سسٹم متعارف کرایا گیا، مسافر لاؤنج، استقبالیہ ڈیسک اور ٹرین میں یورپ کی طرز پر مسافروں کے لیے شاندار انتظامات پر وزیر ریلوے کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 6 چیف جسٹس

ایڈیشن سیشن جج سریاب عنایت اللہ کاکڑ، دیگر جوڈیشل افسران و وکلاء بھی موجود تھے۔چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ کا ججز اور وکلاء سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ خدا کو غلط کہنا ہی سکیں۔چیف جسٹس نے اس موقع پر مقدمات کو اچھی طرح سے جانچ پڑتال کرنے، قانون کے مطابق بروقت نمٹانے، غیر ضروری سٹے دینے اور مقدمات کے حوالے سے غیر ضروری التوا سے گریز کرنے کی ہدایت کی تاکہ سائلین کو انصاف کی فراہمی میں کوئی دشواری پیش نہ آئے۔چیف جسٹس نے تمام ججز کو ہدایت کی کہ اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا کر لوگوں کے ساتھ خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آئے تاکہ اس کمپلیکس کی تعمیر سے علاقے کے سائلین کو سستا اور بروقت انصاف فراہم ہو سکے۔انہوں نے وکلاء کو ہدایت کی کہ وہ اپنے بیچ کالی بھیڑوں کا خاتمہ کریں۔بدعنوانی کے مرتکب افراد کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ علاقے کے عوام کو اپنے قانونی مسائل کے حل کے لیے شہر کے وسط میں واقع ضلعی کچہری نہیں جانا پڑے گا بلکہ ان کے علاقے میں نو تعمیر شدہ جوڈیشل کمپلیکس سے استفادہ حاصل ہوگا۔اس کمپلیکس کی تعمیر سے علاقے کے عوام کا وقت اور وسائل دونوں بچ جائیں گے۔قبل ازیں، چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ کو سریاب جوڈیشل کمپلیکس پہنچنے پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔

بقیہ 7 برطانیہ کا اعلان

کہا کہ غزہ کی صورتحال نہ بدلی تو برطانیہ ستمبر میں فلسطین کو ریاست تسلیم کرے ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے غزہ جنگ بندی، مغربی کنارے پر تسلط نہ کرنے کا اعلان اور دو ریاستی حل پر رضامندی نہ دی تو فلسطینی ریاست کو تسلیم کریں انہوں نے کہا کہ ستمبر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس سے پہلے فلسطینی ریاست کو مشروط تسلیم کریں گے برطانوی وزیراعظم سر کیئر اسٹارمر کہا کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان کوئی برابری نہیں ہے اور ہمارا حماس سے یرغمالیوں کی رہائی کا مطالبہ برقرار انہوں نے مطالبہ کیا کہ حماس جنگ بندی اور غزہ کی حکومت میں کوئی کردار ادا نہ کرنے پر راضی وزیر اعظم سر کیئر اسٹارمر نے تسلیم کیا

بقیہ 8 اسحاق ڈار

ختم ہونا چاہیے بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا ہم تیار ہیں، بھارت سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر ختم نہیں کر سکتا، تین دریاؤں پر ہمارا حق ہے، اقوام متحدہ میں اسرائیل اور فلسطین کیلئے دو ریاستی حل سے متعلق کانفرنس سے خطاب اور بعد ازاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ یو این کانفرنس میں پاکستان کی جانب سے بھرپور بیان دیا ہے، ہم نے فلسطین کے ساتھ کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان دو ریاستی حل کی حمایت کرتا ہے، فلسطینی سرزمین پر اسرائیلی قبضہ فوری ختم ہونا چاہیے۔غزہ میں فوری طور پر جنگ بندی ہونی چاہیے۔وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ امریکی وزیر خارجہ سے ملاقات بہت مفید رہی، ہم نے باور کرایا کہ مذاکرات کے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، بھارت کے ساتھ جنگ بندی کی پیشکش میں ڈائیلاگ کی بھی بات ہوئی تھی۔اسحاق ڈار نے کہا کہ بھارت کے ساتھ ڈائیلاگ ہوگا تو جامع ڈائیلاگ ہوگا، بھارت جب بھی کمپوزٹ ڈائیلاگ کرنا چاہے گا ہم تیار ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر ختم نہیں کر سکتا، تین دریاؤں پر ہمارا حق ہے۔پانی کا رخ موڑ دیا گیا تو ہم قبول نہیں کریں گے۔نائب وزیراعظم کا کہنا ہے کہ او آئی سی 57 ممالک کی تنظیم ہے جس کے ہم بانی ممبر ہیں، اسلاموفوبیا پر او آئی سی کا مستقل مندوب مقرر کروایا ہے۔

بقیہ 9 سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ

تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی صارفین کو 53 ارب 39 کروڑ 30 لاکھ روپے کے ریلیف کیلئے درخواست نیپرا میں دائر کر دی، درخواست گزشتہ مالی سال کی آخری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جمع کرائی گئی، نیپرا کی جانب سے ڈسکوز کی درخواست پر 4 اگست کو سماعت کی جائے گی۔

بقیہ 10 الیکٹرک بائیکس

کے مطابق الیکٹرک بائیکس کیلئے اقساط، سبسڈی سکیم تیاری کے آخری مراحل میں داخل ہوگئی، وزیر اعظم شہباز شریف یوم آزادی پر نئی ای وی پالیسی سکیم کا اعلان کریں گے۔

بقیہ 11 مہم جاری

کو پولیو سے بچاؤ کے ٹیکے لگانے سمیت ویکسین کے قطرے پلائے جبکہ فلسفہ سائنس اور موبائل ٹیموں کے ذریعے بھی مہم جاری رہی، پولیو ایمرجنسی سینٹر کے مطابق مہم ایک ہفتے تک جاری رہے گی۔

بقیہ 12 ذوالفقار بھٹو جونیئر

آپ کو بتانے کی کوشش کر رہا ہوں، میری ہمشیرہ فاطمہ بھٹو آ رہی ہیں، ساتھ مل کر پارٹی کا اعلان کریں گے، کراچی میں اپنی رہائش گاہ 70 کلفٹن میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا پیپلز پارٹی ہائی جیک ہو چکی، زرداری لیگ کو مسترد کرتے ہیں یہ وہ پارٹی نہیں جو ذوالفقار بھٹو اور میر مرتضیٰ بھٹو شہید کی تھی

بقیہ 13 فلسطینی شہید

ٹرمپ نیتن یاہو کے بیان کی نفی کرتے ہوئے غزہ میں قحط کی صورتحال کو حقیقی قرار دیا، برطانوی وزیراعظم سے ملاقات کے دوران غزہ میں امدادی کیمپ قائم کرنے کا بھی اعلان کر دیا۔

بقیہ 14 آڈیٹر جنرل

موجودہ بحران کا آڈٹ کر دیں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی جنید اکبر خان نے کہا کہ 42 خاندانوں

والد عبدالوہاب سکنہ کوئٹہ کلی حال کھد کوچہ ہوا ہے ابھی تک تیسرے کی شناخت نہیں ہوسکی ہے۔

بقیہ 15 ڈونلڈ ٹرمپ خط

نے یہ 300 ارب روپے کمائے رکن کمیٹی ریاض فتیانہ نے کہا کہ چینی کی قیمت کی مد میں قوم کے ساتھ 287 ارب روپے کا دھوکا کیا گیا، کیا وجہ تھی کہ راتوں رات ایس آر او جاری کر کے ٹیکسوں میں چھوٹ دی گئی عامر پیرزادہ نے کہا کہ ان شوگر ملز کے مالکان کون ہیں

کو کچلنے کی تمام بھارتی کوششیں ناکام ہوگئیں، بھارت کی ناکام سفارتکاری کا بڑا ثبوت امریکی صدر ٹرمپ کا گرچونت سنگھ کو خط ہے، خط بھارت کی سفارتی حکمت عملی کی ناکامی اور خالصتان تحریک کی عالمی بازگشت کا ثبوت بن چکا ہے، خط میں امریکی صدر ٹرمپ نے واضح کیا میں اپنے شہریوں، قوم اور اقدار کو سب سے پہلے رکھتا ہوں، امریکہ محفوظ ہوگا تب ہی دنیا بھی محفوظ ہوگی، میں اپنے شہریوں کے حقوق اور سلامتی کیلئے لڑنا کبھی نہیں چھوڑوں گا صدر ٹرمپ کے خط میں تجارت، ٹیرف، دفاعی اخراجات اور امریکی اقدار پر مبنی پالیسیوں پر زور دیا گیا۔

بقیہ 16 سیکرٹری جنرل

کانفرنس سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کیلئے مسئلہ فلسطین حل کرنا ہوگا، موجودہ تنازع خطے کو غیر مستحکم کر رہا ہے۔

بقیہ 17 مسعود پزشکیان

روابط کو مزید مضبوط بنانے کی امید ہے۔

بقیہ 18 اظہار اطمینان

محمد شہباز شریف سے کابینہ کے ڈپٹی چیئرمین عزت مآب عادل بیسالوف کی قیادت میں کرغزستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے منگل کو اسلام آباد میں ملاقات کی۔وفد پاکستان اور کرغزستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے پانچویں (آئی جی سی) اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان کا دورہ کر رہا ہے۔جس کا مقصد متعدد شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے وفد کا خیر مقدم کیا اور آئی جی سی کے پانچویں اجلاس کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 19 بیرسٹر گوہر

مقرر کر دیا، فیئر ٹرائل کے تقاضے پورے نہیں کیے جا رہے، الیکشن کمیشن کو وضاحتیں دینے کی بجائے آئین و قانون کو فالو کرنا چاہئے، چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا الیکشن کمیشن نے نوٹس کر کے فریقین کو سننا تھا، الیکشن کمیشن نے جلدی دکھائی ایسا نہیں ہونا چاہئے، آرٹیکل 63 میں واضح ہے نااہلی سے قبل فریق کو سنا جاتا ہے، بیرسٹر گوہر نے کہا الیکشن کمیشن کے پاس ایسے کیسز میں 90 دن کا وقت ہوتا ہے، 10 سال کی سزائیں ہوئیں اگر عمر قید بھی ہوتو الیکشن کمیشن کو سننا پڑتا ہے، اپوزیشن کو نااہل کرنے سے بہتر ہے ہوش کے ناخن لیں، ایک دوسرے کے گریبانوں سے ہاتھ نکالنے کا وقت ہے جن لوگوں کو سزائیں ہوئیں وثوق سے کہتا ہوں یہ لوگ سیاست میں انتشار نہیں چاہتے جو کچھ بھی ہوا بہت بدقسمتی ہے، بانی پی ٹی آئی کے بچوں سے براہ راست رابطہ نہیں ہوتا، اپنے والد کیلئے آنا بیٹوں کا حق ہے اگر وہ آئے تو بھرپور استقبال کریں گے۔

بقیہ 20 کارروائی ملتوی

ملتوی کرنے کی استدعا کر دی، بعد ازاں عدالت نے سلمان اکرم راجہ کی استدعا منظور کرتے ہوئے عمران خان کی اپیلوں پر سماعت 12 اگست تک ملتوی کر دی، دریں اثنا سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت اپیلوں پر سماعت کرنے والا بنچ تبدیل کر دیا، ضمانت اپیلوں پر 12 اگست کو سماعت ہوگی، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی نیا بنچ تشکیل دیدیا گیا، جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب شامل ہوں گے۔

بقیہ 21 علیمہ خان

سنا اور 12 تاریخ دیدی، سپریم کورٹ کے باہر گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا ان کو پتہ ہوگا سلمان صفدر ملک سے باہر ہیں تو 24 گھنٹے کے اندر کیس لگا دیا، سوچ رہے تھے وکیل پیش نہیں ہوسکیں گے لیکن سلمان اکرم راجہ پیش ہوئے، وکلا ٹیم اور فیملی کو اڈیالہ کے اندر نہیں جانے دیا جاتا، جج نے کہا اہل خانہ اور وکلا کو بلائیں لیکن جیل انتظامیہ حکم نہیں مان رہی تھی، ٹرائل کے تقاضے بھی پورے نہیں کر رہے، اوپن ٹرائل نے ہی نہیں، چاہتے ہیں فیئر ٹرائل کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

بقیہ 22 ڈیگاری قتل

میں قبائلی سردار شیرباز اور بشیر احمد 10 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہیں اور مقتولہ کی والدہ کو جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔قتل کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے 10 دن گزر چکے ہیں، لیکن پولیس تاحال مرکزی کردار کو قانون کے کٹہرے میں لانے میں ناکام ہے۔

بقیہ 23 عبداللطیف نااہل

آرٹیکل 63 ون ایچ کے تحت نااہل قرار دیدیا، الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق عبداللطیف کو آئین کے تحت نااہلی کا مرتکب قرار دے کر ڈی نوٹیفائی کر دیا اور نشست کو باضابطہ طور پر خالی قرار دے دیا گیا، نااہلی کا فیصلہ 29 جولائی 2025 کے حکمنامے کی روشنی میں کیا گیا، واضح رہے عبداللطیف کو اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) نے 30 مئی 2025 کو 9 مئی 2023 کے فسادات سے متعلق مقدمے میں 10 سال قید کی سزا سنائی تھی، آئین کے آرٹیکل 63(1)(h) کے مطابق کوئی بھی شخص جو کسی جرم میں 2 سال یا زیادہ قید کی سزا پاتا ہے وہ پارلیمنٹ کا رکن بننے یا رہنے کیلئے نااہل ہو جاتا ہے۔

بقیہ 24 نام طلب

ریاض فتیانہ نے کہا چینی کی قیمت کی مد میں قوم کیساتھ 287 ارب کا دھوکا کیا گیا، نشاندہی کرنے والے پنجاب کے کین کمشنر زمان وٹو کو ہٹا کر کھڈے لائن لگا دیا گیا، بھی کہتے ہیں چینی سرپلس ہے اور بھی شارٹ فال کا بتایا جاتا ہے، سیکرٹری صنعت نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا شوگر انڈسٹری کو صوبائی حکومتیں ریگولیٹ کرتی ہیں، شوگر ایڈوائزری بورڈ میں وفاق و صوبائی حکومتوں کے نمائندے شامل ہوتے ہیں، بورڈ میں شوگر انڈسٹری کے نمائندے بھی شامل ہوتے ہیں اور بورڈ چینی کے موجودہ سٹاک، ضروریات کا جائزہ لیتا ہے، کرشنگ سیزن 15 نومبر سے 15 مارچ تک ہوتا ہے، چینی کے موجودہ سٹاک، متوقع پیداوار کا ڈیٹا صوبائی حکومتیں فراہم کرتی ہیں، چیئرمین پی اے سی جنید اکبر نے کہا شوگر ملز مالکان کو برآمد کیلئے سبسڈی کیوں دی گئی؟ ریاض فتیانہ نے پوچھا کیا وجہ تھی راتوں رات ایس آر او جاری کر کے ٹیکسوں میں چھوٹ دی گئی؟ کمیٹی ممبر معین عامر پیرزادہ نے کہا شوگر مافیا حکومتوں کا حصہ ہے، چیئرمین پی اے سی نے سیکرٹری صنعت سے کہا آپ سے شوگر ملز مالکان کی تفصیلات طلب کی تھیں؟ کہاں ہیں تفصیلات؟ سیکرٹری نے جواب دیا ہمارے پاس شوگر ملز کی فہرست ہے، جنید اکبر نے کہا شوگر ملز، مالکان، ڈائریکٹرز کی تفصیلات بھی دیں، حکام وزارت صنعت و پیداوار نے کہا رواں سال 13 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ چینی سرپلس رہی، 5 لاکھ میٹرک ٹن چینی اگلے سال کیلئے ریزرو رکھی گئی، وفاقی کابینہ، ای سی سی نے 3 مراحل میں 7 لاکھ 90 ہزار ٹن چینی ایکسپورٹ کرنے کی اجازت دی۔

بقیہ 25 مسخ شدہ نعشیں

بقیہ 26 سعد بن عاطف

امریکی حکومت کے مطابق القاعدہ رہنما سعد بن عاطف کی گرفتاری میں مدد دینے پر 10 ملین ڈالر انعام دیا جائے گا۔یہ رقم پہلے 6 ملین ڈالر امریکی حکومت کے مطابق سعد بن عاطف پر امریکا اور اس کے اتحادیوں پر حملوں کی ترغیب دینے اور امریکی شہریوں کو یمن میں اغوا کرنے کے الزامات ہیں۔

بقیہ 27 پی ٹی آئی قیادت

احتجاج کے تمام پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا جائے گا، ذرائع کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ احتجاج (اسلام آباد) کی جانب مارچ کی صورت میں کیا جائے یا صوبائی سطح پر ریکارڈ کرایا جائے، پارٹی کے پاس احتجاج کے اور کتنے آپشنز موجود ہیں، تفصیلی مشاورت ہوگی۔

بقیہ 28 پیٹرول اور ڈیزل

سے پیٹرول 9 روپے 7 پیسے اور ڈیزل 3 روپے 73 پیسے فی لیٹر سستا ہونے کا امکان ہے، مٹی کا تیل 3 روپے 55 پیسے اور لائٹ ڈیزل 2 روپے 33 پیسے فی لیٹر مہنگا ہوسکتا ہے۔

بقیہ 29 کانکن زخمی

شیر افضل، امیر محمد، اشرف علی آغا محمد زخمی ہوگئے۔لیویز اور ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو کان سے نکال کر ہرنائی میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا۔لیویز مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 30 گورنر

کو روزگار فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ملک کے دوسرے صوبوں کی طرز پر ہمارے صوبہ بلوچستان میں بھی "بلوچستان بینک" کا قیام بہت ضروری ہے۔ امپورٹ اور ایکسپورٹ سے متعلق نئی پالیسیاں تشکیل دیتے وقت ہمارے صوبے کے تاجروں اور صنعتکاروں کی رائے کو شامل کرنے اور دیگر تمام متعلقہ کمیٹیوں میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ کی نمائندگی کو یقینی بنانے کے مثبت نتائج برآمد ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ایوب مریانی کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حکومت تمام قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے اور اپنے تاجروں اور صنعتکاروں کو آسانیاں اور سہولیات دینے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی و خوشحالی بلوچستان سے وابستہ ہے۔یہ بات یقین کے ساتھ کی جاسکتی ہے کہ بلوچستان میں مختلف مقامات پر بارڈر مارکیٹس قائم کرنے اور بارڈر ٹریڈز کو فروغ دینے سے پورے صوبہ میں بیروزگاری اور غربت کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ دونوں سرحدوں کے مختلف مقامات جیسے چمن، ژوب، سراوان، تربت، پنجگور اور تفتان، مرجاوہ پر بارڈر مارکیٹس کے قیام سے معاشی اور تجارتی سرگرمیوں میں بیتحاشا اضافہ ہوگا اور روزگار کے وسیع مواقع میسر آسکیں گے۔

بقیہ 31 روس کا یوکرین

نے اپریل یوکرین میں جیل پر 8 فضائی حملے کیے ہیں، جبکہ FAB بم گرائے گئے، حملے میں 20 افراد ہلاک اور 35 زخمی ہوگئے۔

بقیہ 32 چین سرفہرست

میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں مجموعی طور پر 4.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، غیر ملکی سرمایہ کاری کے لحاظ سے چین، ہانگ کانگ، جنوبی کوریا، جاپان اور ترکیہ نمایاں رہے تاہم چین 90.3 فیصد اضافے کیساتھ سرفہرست رہا، مالی سال 2025 میں چین نے 1224.3 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کیساتھ نیا سنگ میل عبور کیا۔

بقیہ 33 گدھے منتقل

مطابق ابتدائی تحقیقات سے بات سامنے آئی گدھوں کا گوشت راولپنڈی یا اسلام آباد کے کسی ہوٹل یا ریسٹورنٹ میں سپلائی ہونے کے کوئی شواہد نہیں ملے تاہم، گدھے پنجاب، خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں سے اسلام آباد منتقل کیے جا رہے تھے

بقیہ 34 سدرہ قتل کیس

جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا گیا، رکشہ ڈرائیور خیال کو دوبارہ جمعرات کو پیش کرنے کا حکم دیدیا گیا، سول جج تارڑ عباس نے محفوظ فیصلہ سنایا، لوڈر رکشہ سرکار کو ضبط کرلیا گیا۔

بقیہ 35 گٹھ جوڑ بے نقاب

انکو بلوچ یکجہتی کمیٹی کی نام نہاد لاپتہ افراد کی لسٹ میں شامل ہے۔بی وائی سی کی ماہ رنگ بلوچ نے ہمیشہ نام نہاد لاپتہ افراد کا بیانیہ اپنے مذموم عزائم اور ریاست کو بدنام کرنے کیلئے استعمال کیا۔ ہلاک دہشتگرد وصیب لانگو کی ماہ رنگ بلوچ کے ساتھ مظاہروں میں کئی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر موجود ہیں، نام نہاد لاپتہ افراد دہی ہیں جو فتنہ الہندوستان کے آلہ کار بن کر کرتے ہیں اور معصوم پاکستانیوں پر حملوں میں ملوث ہیں، سکیورٹی ذرائع کے مطابق 21 جولائی 2025 کو قلات آپریشن کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد وصیب لانگو ہلاک ہوا، فتنہ الہندوستان کا دہشتگرد وصیب لانگو عرف عامر بخش کی ہلاکت اور خود سے وابستگی کو تسلیم کیا، فتنہ الہندوستان سے منسلک میڈیا پلیٹ فارم پانک اور بھام نے دہشتگرد وصیب لانگو کو 25 جولائی 2025 کو لاپتہ قرار دیا تھا، بھام نے دعویٰ کیا تھا دہشتگرد وصیب لانگو کو 24 جولائی 2024 کو کلی سریاب روڈ کوئٹہ سے جبری گمشدہ کیا گیا، مستند شواہد سے واضح ہے بلوچ یکجہتی کمیٹی دراصل فتنہ الہندوستان کی پراکسی ہے، بلوچ یکجہتی کمیٹی کے مظاہروں میں منہ چھپائے لوگ اصل میں دہشتگردوں کے آلہ کار و سہولت کار ہیں۔

بقیہ 36 عمر قید اور پھانسی

سنائی گئیں، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں گھر میں گھس کر فائرنگ سے ایک ہی خاندان کے چھ افراد کو قتل کیس کی سماعت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج تحری محمد اشرف بازئی نے کی عدالت میں الزام ثابت ہونے پر 4 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر سزائیں سنا دی گئیں، عدالت نے قتل میں ملوث صدام اور ولی خان کو موت کی سزا سنائی، قتل میں ملوث دیگر ملزمان سلطان اور گلاب شاہ کو عمر قید کی سزائیں سنائی گئیں۔تمام ملزمان کو چار مختلف مقدمات میں عمر قید اور بھاری جرمانے کی بھی سزائے گئے۔

بقیہ 37 لائسنس لازمی

دائرہ صوبوں تک پھیلایا جائے گا، ذرائع کے مطابق ملک بھر کے کال سینٹرز کو قانون کے دائرے میں لایا جائے گا، کال سینٹر کے قیام کیلئے لائسنس لازمی قرار دیا جائے گا، کال سینٹرز کو لائسنس 3 وفاقی اداروں کی منظوری سے جاری ہوگا۔

بقیہ 38 ہالینڈ

حکومت نے انتہائی دائیں بازو کے 2 اسرائیلی وزرا اتمار بن گویر اور بیزلیل سموٹریچ پر ملک میں داخلے پر پابندی لگائی، نیدرلینڈز نے دونوں اسرائیلی وزرا پر فلسطینیوں کیخلاف بار بار تشدد پر اکسانے، غزہ کی پٹی میں نسل کشی کی حمایت کرنے کا الزام لگایا۔

بقیہ 39 امریکہ چلے گئے

میں شرکت کی جس کے بعد ہدایت دی گئی واشنگٹن روانہ ہوں تاکہ ممکنہ ڈیڈ لائن سے قبل امریکہ کیساتھ تجارتی معاہدہ طے پا سکے، واضح رہے امریکہ کیساتھ تجارتی معاہدہ کرنے کی ڈیڈ لائن ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے دی گئی۔

بقیہ 40 عوام کو کیا پیغام

مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز کا گھروں میں خواتین کو گالم گلوچ اور گھروں کی بغیر اجازت تلاشی قومی روایات کی پامالی ہے۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ پولیو ورکرز کی عوام کے ساتھ نازیبا رویہ اور نازیبا الفاظ کا نوٹس لے کر انہیں فوری طور پر برطرف کرے اس نازیبا رویہ سے عوام میں مزید نفرت بڑھے گی انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز کے نازیبا رویہ سے والدین بچوں کو پولیو ویکسین لگوانے سے انکاری ہیں اور گھروں میں بلا اجازت داخل ہونے سے عوام کو کیا پیغام مل رہا ہے۔

بقیہ 41 منصفانہ تقسیم

ہوئے کہی میر صادق عمرانی نے کہا کہ محکمہ اریگیشن میں شفافیت لانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی استعمال کی جا رہی ہے، جس میں نہری پانی کی تقسیم کی مانیٹرنگ، غیر قانونی کنکشنز کا خاتمہ، اور ڈیجیٹل سطح پر شکایت سیل کا قیام شامل ہے انہوں نے مزید کہا کہ نہری پانی کی غیر منصفانہ تقسیم اب برداشت نہیں کی جائے گی ہر کسان کو اس کا جائز حق دلانا ہماری ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے چھوٹے ڈیموں، واٹر چینلز اور ری چارج ویلز کے منصوبوں پر کام تیز کر دیا ہے ہم نے گوادر، خضدار، مستونگ، نوشکی اور چاغی میں نئے آبی منصوبوں کی منظوری دیدی ہے تاکہ قحط زدہ علاقوں میں بھی زراعت کو فروغ دیا جا سکے

بقیہ 42 گرفتار کرلیا

آرورج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔لیویز حکام کا کہنا ہے کہ جعلی کرنسی کا استعمال ایک سنگین جرم ہے، جس کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی تاکہ عوام کو مالی نقصان سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 43 دو کروڑ روپے

58 افراد کو شراب کی فروخت کا لائسنس دیا گیا ہے 2023-24 کے دوران وائن شاپ سے 28 لاکھ لیٹر بیئر اور چار لاکھ گیلن شراب فروخت ہوئی سب سے زیادہ 178867 گیلن شراب اور 729167 لیٹر بیئر کوئٹہ میں فروخت ہوئی جب میں 106400 گیلن شراب اور 805400 لیٹر بیئر فروخت کی گئی ڈیرہ اللہ یار میں 35800 گیلن شراب اور 105500 لیٹر بیئر بیچی گئی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے مطابق ایک گیلن شراب پر محکمہ ایکسائز 2160 روپے ٹیکس وصول کرتا ہے 2023-24 کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو شراب کی فروخت پر عائد ٹیکس سے ایک ارب دو کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی۔

بقیہ 44 پشتونخوا وطن

تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت دہشتگردوں ان کے سہولت کاروں اور ٹھکانوں کے خلاف موثر اور جامع کارروائی کرے، تاکہ دہشت گردی کا خاتمہ ممکن ہو اور پشتونخوا وطن میں امن وسکون میسر آسکے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ نصف صدی سے پشتونخوا وطن اور افغانستان کو جنگ و خونریزی میں جھونکا جا رہا ہے، اور اس کی اصل وجہ ریاستی استعماری اداروں کی پالیسیاں ہیں اس طرز عمل کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 45 فائرنگ

اطلاع ملتے ہی لیویز کے جوانوں نے ڈاکوؤں کا گھیرا تنگ کیا شدید فائرنگ میں ایک ڈاکو ہلاک ایک زخمی ہوگیا جبکہ ڈاکوؤں کا تیسرا ساتھی فرار ہوا لیویز فورس کی پیشہ ورانہ و دلیرانہ کارروائی پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اظہار مسرت" عوام کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 46 حق میں نہیں

ہے۔جس نے امن اور صرف امن کے قیام کیلئے آواز اٹھایا تھا اور اسی پاداش میں جان قربان کر دی صوبائی حکومت کی جانب سے اجازت نامہ دیکر مکرنا دوغلی پالیسی کی انتہا ہے باجوڑ کی طرح ضلع خیبر کے وادی تیراہ میں بھی اسی طرح کے عملیات شروع کیے گئے ہیں اس سے پہلے بھی پی ٹی آئی کے دور حکومت میں قبائلی اضلاع میں ایکشن ان سول ایڈ آرمڈ فورسز آرڈیننس کا اجرا ہو چکا عوامی نیشنل پارٹی شروع دن سے پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ اور اچھے دہشت گردوں کی ملی بھگت کو واضح کر چکا جس کا آج باجوڑ میں بھرپور مظاہرہ ہو رہا ہے صبح 5 بجے سے شام 5 بجے تک کرفیو نافذ کر کے سویلین آبادی کو بری طرح نشانہ بنانا بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے قبائلی اضلاع کو آج دن کیلئے ہی دوبارہ وفاق کے حوالے کیا جا رہا ہے

بقیہ 47 عمر ایوب خط

ہوگا، انصاف نظر آنا چاہیے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے چیف جسٹس سے 6 نکاتی اصلاحاتی اقدامات پر فوری عملدرآمد کی اپیل کرتے ہوئے کہا موجودہ عدالتی طرز عمل پاکستان کے جمہوری نظام کیلئے خطرہ ہے، 9 مئی مقدمات میں انصاف کا خون ہو رہا ہے، انسداد دہشت گردی عدالتوں کی رات گئے کارروائیاں منصفانہ ٹرائل کی نفی ہیں، ملزموں کو وکیل صفائی کے حق سے محروم کرنا آئینی خلاف ورزی ہے، میڈیا کو مقدمات تک رسائی نہ دینا شفافیت کے تقاضوں کی خلاف ورزی ہے، عدلیہ کا کام قلم کا انصاف نہیں بلکہ انصاف کی بحالی ہے، پولیس، پراسیکیوشن کی بے ضابطگیوں کی عدالتی تحقیقات کرائی جائیں، سیاسی وابستگی سے قطع نظر تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے، عدالتیں تاریخ کے کٹہرے میں ہیں، فیصلہ قوم کی آنکھوں کے سامنے ہوگا، انصاف کا صرف ہونا نہیں، نظر آنا بھی ضروری ہے۔

بقیہ 48 ٹریفک حادثے

قتل کا واقعہ رشتے کا تنازعہ بتایا گیا ہے جبکہ تحصیل سوئی میں ڈوڈوائی پل کے قریب ٹریفک حادثے میں گھاس سے بھری ٹریکٹر ٹرالی قریب سے گزرنے والی آلٹو کار الٹ جانے کے باعث کار موٹر مکمل تباہ جبکہ ٹریکٹر ٹرالی اور کار پر سوار سات افراد زخمی ہوگئے زخمیوں میں پانچ کی حالت نازک بتائی گئی حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ عطاء الرحمان ترین کی ہدایت پر ڈی ایس پی خالد بزدار اور ان کی پولیس ٹیم موقع پر پہنچ زخمیوں کو تباہ شدہ گاڑی سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا زخمیوں کو سوئی کے مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد شدید زخمیوں کو ضلع سے باہر ریفر کر دیا گیا واقعے کی مزید تحقیقات پولیس نے شروع کر دی۔

بقیہ 49 ٹریفک پولیس

نیب الرحمان ملاخیل مولانا جان محمد مولانا حزب اللہ ملنگ یار حافظ رحمان گل مولانا محمد اسلم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ کوئٹہ میں ٹریفک پولیس کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف بڑے پیمانے پر جاری غیر معمولی کارروائیوں پر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شدید تحفظات اور احتجاج کا اظہار کرتی ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انتظامیہ نے بغیر کسی ٹھوس بنیاد کے یہ مفروضہ قائم کر لیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں رونما ہونے والے تمام جرائم، دہشت گردی کے واقعات اور قانون شکنی میں ملوث عناصر کا تعلق صرف اور صرف موٹر سائیکل سے ہے اس بے بنیاد سوچ کے تحت شروع کی گئی یہ مہم عام شہریوں کیلئے شدید پریشانی کا باعث بن رہی ہے

بقیہ 50 جعلی انتقالات

سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ یہ بل چھوٹے کسانوں کو مکمل ریلیف دیتا ہے، اور بڑے زمینداروں کو ریاستی ذمہ داری کا احساس دلاتا ہے ہم بلوچستان میں منصفانہ محصولات کا نیا باب شروع کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری شاہراہیں اور دیہی علاقے کسی صورت جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑے جاسکتے حکومت کی پالیسی واضح ہے عوام کی حفاظت اولین ترجیح ہے میر عاصم کرد گیلو کا کہنا تھا کہ اراضی کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کیا جا رہا ہے تاکہ جعلی انتقالات کا خاتمہ ہو عوام کو کرپشن سے نجات ملے اور ہر فرد کو آسانی سے اپنی زمین کی ملکیت کی تصدیق میسر آئے۔انہوں نے کہا کہ عوام ہماری طاقت ہیں ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کا ہر فرد ٹیکس نظام میں اعتماد محسوس کرے شفافیت، سہولت اور انصاف یہی ہماری پالیسی کا مرکز ہے۔

بقیہ 51 3 ملزمان گرفتار

دی کی جس پر چیکی بیگ تھانے کے ایس ایچ او مجید اور اینگل اسکواڈ کے عملے نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی اور نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کو کہا جس پر انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے تینوں ملزمان بابر، حامد اور عامر کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے میں چھینی گئی موٹر سائیکل 3 پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر کے قبضے میں لیکر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔مذکورہ شہری نے پولیس کی جانب سے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل برآمد اور ملزمان کو گرفتار کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی جانب سے فوری رسپانس نے ملزمان کے عزائم کو ناکام بنا دیا ہے۔

بقیہ 52 تجاویز اور رپورٹ

ان واٹر ریسورسز کے دفتر میں قلت آب سے نمٹنے اور مستقبل کے اقدامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کے موقع پر کیا اس موقع پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد محکمہ پی اینڈ ڈی، واسا، کیوسپ، اریگیشن، ریجنل ڈائریکٹر ڈبلیو آر جی یو اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں کمشنر نے ہدایت دی کہ شہر میں موجود ری چارج پوائنٹس کی نشاندہی کی جائے اور بارشوں کے پانی کو محفوظ بنا کر زیر زمین پانی کی سطح میں اضافہ کیا جائے انہوں نے واسا حکام کو ہدایت دی کہ شہر بھر میں قائم کار واش سینٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا جائے اور ان کے کنکشن اور پانی کے استعمال کا تفصیلی جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ بارش کے پانی اور مساجد میں استعمال ہونے والے پانی کو محفوظ بنانے کے انتظامات کیے جائیں تاکہ اسے دوبارہ قابل استعمال بنایا جا سکے کمشنر نے ہدایت دی کہ کوئٹہ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں چیک ڈیمز اور چھوٹے ڈیموں کی تعمیر کیلئے فوری منصوبہ بندی کی جائے تاکہ پانی کے ذخائر کو محفوظ کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹینکرز اور ٹیوب ویلز کی بھرمار زیر زمین پانی کی سطح میں کمی کا سبب بن رہی ہے، جس پر قابو پانے کے لیے مضافاتی علاقوں میں ری چارج پوائنٹس بنا کر قدرتی کاریزات کو فعال کیا جائے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ استعمال شدہ پانی کو جدید طریقوں سے صاف کر کے اسے زراعت، صفائی اور دیگر مقاصد کے لئے استعمال میں لایا جائے تاکہ میٹھے پانی کا ضیاع کم سے کم ہو انہوں نے کہا کہ پانی کے تحفظ اور اس کی موثر تقسیم کے لئے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ جامع حکمت عملی ترتیب دیں تاکہ شہر کو آئندہ شدید قلت آب کے خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ واسا، پی ایچ ای، اریگیشن اور انجینئرز کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو کہ پانی کی قلت سے نمٹنے کے حوالے سے مختلف تجاویز اور رپورٹ پیش کریں

بقیہ 53 ہدایات پر عمل

میں سکیورٹی ناکے قائم کیے گئے ہیں، جہاں موٹر سائیکل سواروں کی سخت چیکنگ جاری ہے بغیر نمبر پلیٹ یا نقاب میں ملبوس افراد کو موقع پر ہی حراست میں لیا جائے گا سکیورٹی اداروں کا کہنا ہے کہ یہ اقدامات شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن قائم رکھنے کیلئے ضروری ہیں پولیس اور دیگر سکیورٹی اہلکار مستونگ بھر میں گشت کر رہے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جا رہی ہے عوام سے اپیل ہے کہ وہ زحمت اور قانونی کارروائی سے بچنے کے لئے ان ہدایات پر مکمل عملدرآمد کریں۔

بقیہ 54 مشاورت اور رابطہ

حال پر روشنی ڈالتے ہوئے ایوان بالا کے کردار کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ وفاق پاکستان کی تمام اکائیوں کی یکساں نمائندگی کا ضامن ہے اور ایوان بالا میں تمام صوبوں کی آواز کو موثر انداز میں بلند کیا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایوان بالا ملک میں موثر اور جامع قانون سازی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کر رہا ہے تاکہ تمام شہریوں کو مساوی حقوق اور مواقع حاصل ہوں اور ملک کی ترقی، استحکام اور جمہوری اداروں کی مضبوطی کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مسلسل مشاورت اور رابطہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 55 والا شوہر گرفتار

لیا، ملزم نے اپنی بیوی کو گلا دبا کر قتل کر دیا تھا۔ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد قانون کی بالادستی اور قتل جیسے سنگین جرائم کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

بقیہ 56 کارروائیوں کی حمایت

اور میر جمال خان رئیسانی اور میر فرید جان رئیسانی ودیگر نے شرکت کی قرآن خوانی کے اختتام پر شہید حق نوابزادہ میر سراج رئیسانی کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی سمیت تمام شہداء، وطن کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ آج میرے بڑے بھائی، شہید میر شمل رئیسانی کی برسی ہے انہیں مستونگ کے نوجوانوں کے ساتھ فٹبال کھیلتے ہوئے شہید کیا گیا ایک مسکراتا ہوا لالہ، جو دشمن کی نفرت کی نذر ہو گیا فتنہ ہندوستان کے دہشتگردوں نے سوچا تھا کہ وہ میرے والد کو ڈرا دیں گے، جھکا دیں گے، مگر ہمارے حوصلے چٹان کی طرح مضبوط تھے ہیں اور رہیں گے اسی دن میرے والد، شہید نوابزادہ سراج خان رئیسانی نے سب کے سامنے کہا"آج میں نے شمل کو ملک پر قربان کیا، کل میرے وطن کو جمال کی ضرورت پڑی تو میں اسے بھی قربان کر دوں گا۔"یہ صرف الفاظ نہیں تھے، ایک باپ کا صبر، ایک محب وطن کا عہد، اور ایک عظیم قربانی کی گواہی تھی آج میں اپنے شہید بھائی اور شہید والد کے نقش قدم پر چلنے کیلئے پہلے سے زیادہ مضبوط اور پرعزم ہوں بلوچستان کے حقوق کی یہ جدوجہد ہمارے خون میں ہے، اور ہم اسے مکمل کرنے تک پیچھے نہیں ہٹیں گے۔میرے لئے بلوچستان کا ہر نوجوان شہید شمل رئیسانی کا عکس ہے اور ان شاء اللہ، میں انہیں بھی مایوس نہیں ہونے دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں سے پاک کرنے کیلئے پاکستان کی سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کی حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ 57 ہیومن رائٹس کمیشن

و گرام میں ایچ آر سی پی کے رہنماؤں ودیگر مقررین نے کہا، یہ پروگرام میں زندہ رہنے کیلئے اجرت کا حق کے موضوع پر دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی، اپنی تقاریر میں ایچ آر سی پی کے نمائندوں نے موجودہ کم از کم تنخواہ کو ناکافی قرار دیتے ہوئے کہا اجرت کو بڑھا کر 75 ہزار روپے ماہانہ کیا جائے، 5 رکنی خاندان کیلئے موجودہ رقم میں خوراک، تعلیم اور صحت کے اخراجات پورے کرنا ممکن نہیں، ایچ آر سی پی کے حیدر آباد کوآرڈینیٹر غفران آرائیں نے کہا کہ 75 ہزار روپے کم از کم تنخواہ کا نوٹیفکیشن تمام شعبوں میں لاگو ہونا چاہیے، مہنگائی روز بروز بڑھ رہی ہے، حکمران اپنی تنخواہوں اور مراعات میں 600 فیصد اضافہ کر چکے، مزدوروں کو جینے کیلئے بنیادی اجرت کا حق بھی نہیں دیا جا رہا۔

بقیہ 58 بجلی کی لوڈشیڈنگ

کے درمیان زرعی معاہدے کو بلوچستان کے زمینداروں نے مسترد کر دیا، زمیندار ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری سید عبدالقہار آغا اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بڑی مقدار میں سیب، انار، انگور اور ٹماٹر کی پیداوار ہوتی ہے، افغانستان سے کم ٹیرف پر ان پھلوں اور سبزیوں کی درآمد سے معاشی طور پر نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے زراعت شدید متاثر ہے

بقیہ 59 جانی خیل پل

مطابق تخریب کاروں کی تلاش کا عمل تیز کر دیا، دہشتگردوں کیخلاف مسلسل آپریشنز جاری ہیں اور علاقے میں مشتبہ افراد کی نگرانی بڑھا دی۔

بقیہ 60 انوکھی سکیم

لے کے تحت رشوت کو بے نقاب کرنے والے اہلکار کو پیش کی گئی رقم کے برابر رقم انعام کے طور پر دی جائے گی، منصوبے کا مقصد پولیس فورس میں دیانت داری اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کو فروغ دینا ہے، حکام کے مطابق اگر کوئی شہری کسی پولیس اہلکار کو رشوت کی پیشکش کرے اور اہلکار پیشکش کو رد کر کے اطلاع دے تو متعلقہ افسر کو وہی رقم بطور انعام دی جائے گی۔

بقیہ 61 دفاع سے نہیں

اور عوام کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں فارم 47 اور زور زبردستی حکومت اکٹھی کرنے کے قیام کا مقصد دراصل عوامی حقوق کو غصب کرنا اور کرپشن، کمیشن، پرسنٹ لینا اور غیر آئینی، غیر جمہوری، غیر قانونی ترامیم و قوانین کرنا ہے غیر عوام اپنے حقوق کے سوداگروں کا موازنہ کرتے ہوئے اپنا قومی سیاسی جمہوری فیصلہ کرے اور عوام کے حقوق کے حصول اور دفاع میں کٹھری سیاسی جمہوری پارٹیوں، رہنماؤں، کارکنوں اور ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کی حمایت جاری رکھیں سیاسی پارٹیوں کو بھی اپنا موقف واضح کرنا ہوگا اگر وہ اپنے وطن، قوم اور وسائل کا تحفظ اور عوام کا ساتھ دینا چاہتی ہیں تو فوری طور پر تمام الاٹمنٹس منسوخ کئے جائیں جنگلات ہمارا اور اس پر ہمارے لوگ ملازم رہے ہیں، آج جنہوں نے جنگلات کی الاٹمنٹ اور انتقال کئے ہیں یہ عناصر ہمارے عوام کو جوابدہ ہوں گے زیارت ضلع میں دفعہ 144 نافذ کر کے عوام کو جمہوری احتجاج اور اپنے حقوق کے دفاع سے نہیں روکا جاسکتا

بقیہ 62 نئی وارننگ

وزانہ کی بنیاد پر کئی بچے، بڑے موت کا شکار ہو رہے ہیں، اقوام متحدہ اور فلسطینیوں نے کہا صورتحال میں کوئی خاص فرق نظر نہیں آیا اور بھوک سے بلکتے لوگوں کا ہجوم امدادی سامان کی ترسیل سے قبل ہی ٹرکوں کو لوٹ رہا ہے۔

بقیہ 63 بے ضابطگیاں

مالی سال 14-2013 میں 7 ارب 50 کروڑ، 16-2015 میں 7 ارب 5 کروڑ 20 کروڑ کی بے ضابطگیاں سامنے آئیں، حکومت نے احتساب کے نظام میں اصلاحات نہ کیں تو آڈٹ اعتراضات بڑھتے رہیں گے جبکہ محکمہ بلدیات نے کہا کوئی آڈٹ رپورٹ نہیں ملی، بے ضابطگیوں کے برقرار رہنے کی بڑی وجہ کوئی موثر، فعال اور موثر نظام کی عدم موجودگی ہے جو آڈٹ اعتراضات کو باضابطہ طور پر نمٹا سکے، ماہرین کے مطابق تحریک انصاف کی حکومت تحصیل اکاؤنٹس کمیٹیوں کو فعال کر سکی نہ ہی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو مقامی حکومتوں کے مالی معاملات پر اختیار دینے کیلئے کوئی سنجیدہ قانون سازی کی گئی۔

بقیہ 64 نیویارک فائرنگ

ہے میں پیش آیا، عینی شاہدین کے مطابق ایک شخص لمبی بندوق لے کر عمارت میں داخل ہوا اور لابی میں موجود افراد پر فائرنگ شروع کر دی، پولیس افسر اور شہری زخمی بھی ہوگئے جنہیں کمر میں گولیاں لگیں تاہم حالت خطرے سے باہر ہے، حکام نے حملہ آور کی شناخت شین تامورا کے طور پر کی جو 27 سالہ نوجوان اور لاس ویگاس کا رہائشی تھا، این بی سی کے مطابق مرنے والے دیدار اسلام بنگلہ دیشی نژاد امیگریشن کے حامل پولیس افسر تھے، نیویارک کے مقامی حکام نے"ہیرو" قرار دیدیا۔

بقیہ 65 ایم ڈبلیو ایم

ج کریں گے، زائرین کو روکنے کیلئے کسی سٹیک ہولڈر سے مشاورت نہیں کی گئی، زائرین نے ٹکٹ، ہوٹلز، ویزوں کی مد میں 50 ارب روپے انویسٹ کیے، مذہبی آزادی کو پامال کیا گیا، آئین میں تمام پاکستانیوں کے حقوق کے واضح ہیں، حکومت کی ذمہ داری ہے عوام کے حقوق کا تحفظ کرے، سربراہ ایم ڈبلیو ایم نے کہا پہلے حکومتی نااہلی کی وجہ سے 67 ہزار لوگ حج سے محروم رہ گئے تھے، آئین مذہبی آزادی دیتا ہے، زمینی راستہ روک کر آئینی، مذہبی حق سے محروم کر رہے ہیں، حکومت اگر زمینی راستہ روک رہی ہے تو متبادل راستہ دینا چاہیے، حکومت کا کام عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنا ہے۔

بقیہ 66 وجیہہ قمر

میں ہزاروں طلبا کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کیے جائیں گے، حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم و تربیت سے لیس کرنے کے لئے خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے جس کے غیر معمولی نتائج برآمد ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز کوئٹہ میں میڈیا سے بات چیت اور بوائے سکاؤٹس ہال میں نیوٹیک کے اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کمیشن (نیوٹیک) بلوچستان حسین بخش کلسی نے وزیر مملکت کو بریفنگ دی۔ وزیر مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ وجیہہ قمر کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق جہاں معیشت کی بحالی کے لیے سرگرم عمل ہے۔ وہاں موجودہ حکومت تعلیمی پسماندگی دور کرنے کے لیے بھی خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی کا 64 حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ جو اس ملک کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان نے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور ملکی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کیلئے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں چار دانش اسکول بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اسکول ضلع ژوب، ڈیرہ بگٹی، ضلع موسیٰ خیل ضلع قلعہ سیف اللہ اور ضلع سبی میں قائم کیے جائیں گے۔ اسی طرح وزیراعظم لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت بلوچستان کے تمام یونیورسٹیوں میں ہزاروں طلباؤں کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 67 کاروباری طبقہ

ہم کر کے کاروباری برادری کا اعتماد بحال کیا جاسکتا ہے کاروباری طبقے کے مسائل حل کرنے سے ہی ملک میں معاشی سرگرمیوں میں خاطر خواہ بہتری لائی جاسکتی ہے قانون کے تحت تجارتی سرگرمیوں کو بڑھایا جا سکے۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے مستقبل میں بلوچستان میں ہونے والی تجارتی سرگرمیوں کا پاکستان کی مجموعی ترقی پر گہرا اثر ہوگا تجارتی سرگرمیوں کو قانونی تحفظ فراہم کرنے سے کاروباری طبقہ کے مسائل حل ہونگے

بقیہ 68 استفادہ حاصل

دسہولیات اور اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ابتدائی دنوں میں ٹرانسپورٹرز اور عوام کو اگر چہ کچھ مسائل تکالیف اور مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا لیکن آئندہ چند مہینوں میں عوام ماسٹر پلان پر کام شروع ہونے کے بعد عوام ماسٹر پلان سے بہت زیادہ مستفید ہوں گے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ ہمیں عوام اور ٹرانسپورٹرز کی تکالیف اور مشکلات کا ادراک ہے لیکن چمن شہر کی خوبصورتی صفائی ستھرائی اور شہر میں کاروبار کو وسعت دینے کیلئے اس طرح کی مواقعوں سے عوام کو ضرور استفادہ حاصل کرنا چاہئے

بقیہ 69 یہ قومی مجرم ہیں

نے انتخابات کے نتیجے میں بلوچستان کو اپنی ذاتی جاگیر میں تبدیل کر کے قانون سازیوں کے ذریعے بلوچستان کی محکومیت کو غلامی میں تبدیل کر کے صوبے کے لوگوں کو قومی اجتماعی غلامی کے قانون میں باندھ رکھا ہے اگر اب بھی پرامن سیاسی مزاحمت کے ذریعے جعلی قانون سازی کا راستہ نہ روکا گیا تو دہائیوں تک ہماری آئندہ نسلیں بھی عدالتوں کے چکر کاٹتی رہیں گی اور ہماری آئندہ نسلیں آج کے لوگوں کو معاف نہیں کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں بیٹھے لوگوں نے قوم کیساتھ ظلم کیا ہے یہ قومی مجرم ہیں

بقیہ 70 علی امین گنڈاپور

2016 سے چل رہا ہے، مقدمے میں کچھ بھی نہیں، میرے اوپر اسلحہ، بوتلیں ڈالی گئیں، یہ کیس بنایا گیا میں موجود تھا نہ ہی گاڑی میری تھی حق کی جنگ چھیڑی ہے، اپنے صوبے میں احتجاج کو لیڈ کروں گا، قبل ازیں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں شراب و اسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے سرنڈر کرنے پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیے، جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے کیس پر سماعت کی، علی امین گنڈاپور اپنے وکیل راجہ ظہور الحسن کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے، بعد ازاں عدالت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو جانے کی اجازت دیدی۔

بقیہ 71 ٹیکنیکل ایجوکیشن

کا راز میرٹ میں مضمر ہے اور اس کو ہر شعبے میں بروئے کار لانے کی ضرورت ہے نیشنل پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں جسٹس کوہلی کی بحیثیت چیئرمین پبلک سروس کمیشن تعیناتی عمل میں لا کر میرٹ کو ترجیح دی جس سے غریب عام نوجوان مختلف شعبوں میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوئے نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ سریاب سیاسی حوالے سے بلوچ قومی سیاست کا اہم مقام ہے سریاب نے قومی جدوجہد میں قربانیاں دی ہے اور تاریخ میں سریاب سیاسی طور پر بلند ہے سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ سریاب میں کوالٹی ٹیکنیکل ایجوکیشن کی ضرورت ہے

بقیہ 72 آواز اٹھائیں

لوگوں کو بڑا نقصان ہو رہا ہے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے لیکن اس آڑ میں بڑی گاڑیوں کو روکنا سمجھ سے بالاتر ہے اس صورتحال کا آئی جی پنجاب پولیس فوری نوٹس لیں بصورت دیگر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے رابطہ کریں گے قومی اسمبلی میں بھی آواز اٹھائیں گے ہم عوام کے نمائندے ہیں

بقیہ 73 رجوع کا فیصلہ

حماد اظہر کی درخواست ضمانت کیلئے پٹیشن کی تیاری شروع کر دی، ذرائع کے مطابق پشاور ہائی کورٹ سے تمام مقدمات میں ضمانت حاصل کی جائے گی، ضمانت کے بعد تمام مقدمات کیخلاف متعلقہ عدالت سے رجوع کیا جائے گا، حماد اظہر نے کہا عدلیہ سے مشکلات کے باوجود انصاف کی امید ہے، کسی پرتشدد احتجاج کا حصہ نہیں رہا۔

بقیہ 74 اظہار تعزیت

صادق زہری و دیگر نے اپنے مشترکہ تعزیتی پیغام میں زہری لوٹانی قبیلے کے معتبر و بزرگ شخصیت حاجی حضور بخش لوٹانی زہری کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ حاجی حضور بخش لوٹانی کی وفات علاقہ زہری کیلئے ایک عظیم سانحہ سے کم نہیں ہے۔

بقیہ 75 عدم شواہد بری

میں صولت مرزا کو اے ٹی سی نے 1999 میں سزائے موت سنائی، صولت مرزا کو 2015 میں پھانسی دی گئی تھی۔

بقیہ 76 بیج غیر معیاری

بیج بھی معیاری تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہے، سینٹرل ڈرگز لیبارٹری کراچی کی رپورٹ میں سرنجز کے نمونوں کو غیر معیاری قرار دیا گیا جس کے بعد فوری طور پر سرنجز کو مارکیٹ سے ہٹانے کی ہدایات جاری کر دی گئیں، اتھارٹی نے متعلقہ اداروں، ہسپتالوں اور فارمیسیز کو ہدایت دی کہ بیچ نمبرز کی نشاندہی کر کے فوری کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو ممکنہ صحت کے خطرات سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 77 مارچ میں ہزاروں

کہا کہ ہم بلوچستان کے عوام کیلئے جائز حقوق مانگتے ہیں اسلام آباد جائے کیلئے ہم پاسپورٹ بنا کر ویزہ کے ذریعے جانا نہیں چاہتے بلوچستان کے بارڈر کھول کر عوام کو قانونی تجارت کے دروازے کھول دیئے جائیں جمہوریت کے نام نہاد چیمپئن نے ہمیں اسلام آباد سے رکھوا کر میر جعفر کا کردار ادا کیا یہ حکمران جب خود اپوزیشن میں ہوتے ہیں تو لانگ مارچ حق سمجھتے ہیں جب حکومت میں آ جاتے ہیں تو پھر لانگ مارچ جمہوری احتجاج کا حق نہیں دیتے 5 دن سے لانگ مارچ جاری ہے رکاوٹوں کے باوجود صوبے کے حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی اسلام آباد ضرور پہنچیں گے لانگ مارچ کو لاہور میں لاہوریوں کیساتھ جماعت اسلامی کے قائدین نائب امیر لیاقت بلوچ، سیکرٹری جنرل امیر العظیم و دیگر قائدین نے کارکنوں کے شرکا کو خوش آمدید کہا جماعت اسلامی لاہور کی قیادت اور کارکنان کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔قائدین جماعت نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا پنجاب حکومت کی جانب سے حقوق بلوچستان لانگ مارچ کے راستے میں رکاوٹوں کے باوجود لانگ مارچ اپنی منزل اسلام آباد ضرور پہنچے گا پنجاب کے عوام بلوچستان کے عوام کے ساتھ ہیں۔ جب پرامن آوازیں دبائی جائیں گی تو اس کا مطلب یہ لیا جائیگا کہ حکمران خود انتہا پسندی کو ہوا دے رہے ہیں لانگ مارچ میں ہزاروں افراد شریک ہیں

بلوچستان کے 4 اضلاع میں دانش سکول قائم، ہزاروں طلباء کو مفت لیپ ٹاپ دیئے گئے، وجیہہ قمر

حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم وتربیت سے لیس کرنے کے لئے خصوصی اقدامات اٹھارہی ہے

وزیراعظم سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت اگلے دوسال میں 3لاکھ نوجوانوں کو فنی ٹریننگ دی جائے گی

نیوٹیک کے تحت بلوچستان میں 3895 نوجوانوں کو مہارت فراہم کی گئی، وزیر مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

کوئٹہ (پ ر) وزیر مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت محترمہ وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ وزیراعظم سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت اگلے دوسال میں 3لاکھ نوجوانوں کو فنی ٹریننگ دی جائے گی ۔وزیراعظم کے اعلان کے مطابق بلوچستان کے چار اضلاع ڈیرہ بگٹی، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ اور ... میں دانش سکول قائم کئے جائیں گے وزیراعظم لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت بلوچستان کے تمام یونیورسٹیوں...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی سے بی ایس او کے سابق چیئرمین سعید فیض ملاقات کررہے ہیں

تاجروں کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے گا' محمد عبدالقادر

فنانس وکامرس قائمہ کمیٹیوں کے دورے کے دوران حائل رکاوٹیں ختم اور اہم فیصلے متوقع ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ فنانس اور کامرس کی قائمہ کمیٹیوں کے دورہ بلوچستان کے دوران تاجر برادری کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے گا دورے کے دوران تجارتی سرگرمیوں کے راستے میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے متوقع ہیں وفاقی حکومت صوبہ بلوچستان میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتی ہے حکومت چاہتی ہے کہ تجارتی ماحول کو فا...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا دورہ چمن ماسٹر پلان کا معائنہ

چمن کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہرفورم پر آواز اٹھائیں گے' کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی

چمن (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی نے چمن ماسٹر پلان کا تفصیلی دورہ کیا اس دوران ان کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ کے افسران اور دیگر اعلیٰ عہدیداران اور ٹرانسپورٹرز بھی موجود تھے انہوں نے چمن شہر سے ٹرانسپورٹ اڈوں کی منتقلی کے بعد چمن ماسٹر پلان میں کوچ بس ویگن ٹیکسی دیگر اڈوں اور ماسٹر پلان میں موجو...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے لوگ قومی وقار کیلئے یکجا ہوکر جدوجہد کریں، حاجی لشکری رئیسانی

اسمبلی میں بیٹھے لوگوں نے قوم کیساتھ ظلم کیا یہ قومی مجرم ہیں

شفاف انتخابات ہوں تو ان کی اکثریت صدیوں تک اقتدار میں نہ آسکے' وفود سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جعلی قانون سازیوں کے ذریعے بلوچستان کی حکومت کو غلامی میں تبدیل کرنے والوں کا راستہ سیاسی مزاحمت سے روکنا ہوگا، بلوچستان کے لوگ سنجیدگی کیساتھ اپنے قومی وقار، سیاسی آزادی کیلئے یکجا ہوکر جدوجہد کریں۔ یہ بات نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی نے منگل کے روز سراوان ہاؤس میں مختلف وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ جعلی سیاسی جماعتوں...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی گراؤنڈ واٹر لیول بڑھانے اور رین واٹر کو محفوظ کرنے کے حوالے سے پراجیکٹ کا معائنہ کررہے ہیں

چیلنج ہے سیاسی وجمہوری طریقے سے حکومت گرا کر دکھاؤ' علی امین گنڈاپور

حق کی جنگ جیتیں گے، 5اگست کو ملک بھر سے لوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے، بانی کو رہائی ملے گی، وزیراعلیٰ کے پی

عدالت نے سرنڈر کرنے پر شراب واسلحہ برآمدگی کیس وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کردیئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے چیلنج ہے سیاسی و جمہوری طریقے سے حکومت گرا کر دکھاؤ، ڈسٹرکٹ کورٹس اسلام آباد میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے، 5اگست کو ملک بھر سے لوگ احتجاج کیلئے نکلیں گے، بانی رہا ہوں گے، مقدمات سے گھبرانے والے نہیں، میرے اوپر جھوٹے و من گھڑت مقدمات بنائے گئے ، ہمیشہ سے اپنے آپ کو قانون کے سامنے پیش کرتے ہیں، میرے خلاف کیس...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، ملک عمر کاکڑ، معلم سعید کاکڑ و دیگر کچلاک تحصیل کے زیر اہتمام علاقائی کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ملک کی تعمیر ترقی وخوشحالی کا راز میرٹ میں مضمر ہے' ڈاکٹر مالک بلوچ

سریاب میں کوالٹی وٹیکنیکل ایجوکیشن کی ضرورت' چیلنجز زیادہ اور مقابلہ کرنے کیلئے معیار پر سمجھوتہ نہ ہو' سربراہ نیشنل پارٹی

فارم 47 کے ذریعے نیشنل پارٹی کو عوام کے دلوں سے نہیں نکالا جاسکتا' نومنتخب آفیسر عبدالرحمان بنگلزئی سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کلی دیبہ کے زیراہتمام برف کارخانے سے سترہ گریڈ کا سفر طے کرنے والے نوجوان عبدالرحمان بنگلزئی کے اعزاز میں تقریب سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ عبدالرحمان بنگلزئی نے ثابت کیا کہ محنت ولگن سے منزل کو حاصل کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اداروں میں میرٹ ہو نیشنل پارٹی کے سربراہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ موجودہ چیئرمین پبلک سروس کمیشن کی مدت ختم ہوچکی ہے لہذا نئے چیئرمین کی تقرری ایماندار و قابل اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائے انہوں نے کہا کہ قوم کی تعمیر وترقی...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

مسافروں وٹرانسپورٹرز کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، یعقوب ناصر

پنجاب جانیوالی گاڑیوں کو بوانہ، رکھنی اور سخی سرور کے مقام پر گھنٹوں روکنا قابل مذمت ہے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی سابق وفاقی وزیر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ سیکورٹی کے نام پر ٹرانسپورٹ کو بوانہ، رکھنی اور سخی سرور کے علاقوں میں پنجاب جانے کی اجازت نہ دینے کی شدید مذمت کرتا ہوں بلوچستان کے معدنیات فروٹ اور سبزیاں بروقت منڈیوں تک نہ پہنچنے سے ہمارے...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

حماد اظہر کا 9 مئی کے مقدمات میں عدالت سے رجوع کا فیصلہ

پی ٹی آئی رہنما کی سلمان اکرم راجہ سے مشاورت، درخواست ضمانت کی تیاری شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما وسابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے 9 مئی کے مقدمات پر عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا، پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری وسینئر قانون دان سلمان اکرم راجہ سے حماد اظہر نے مشاورت کی ، وکلا نے بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

سابق ایم ڈی کے ای ایس سی شاہد حامد قتل کیس کے ملزم عدم شواہد پر بری

منہاج قاضی، محبوب غفران شامل، انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے فیصلہ سنایا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے سابق مینیجنگ ڈائریکٹر (ایم ڈی) کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی (کے ای ایس سی) شاہد حامد قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے عدم شواہد پر منہاج قاضی و محبوب غفران کو بری کردیا، ملزموں پر شاہد حامد کو 1997 میں قتل کرنے کا الزام تھا، پراسیکیوشن کے مطابق شاہد حامد قتل کیس...... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

3 اور 5 ملی لیٹر کی آٹو ڈسپوزیبل سرنجز کا ایک ایک بیچ غیر معیاری

ڈریپ نے سرنجز کو فوری طور پر مارکیٹ سے ہٹانے کی ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے اہم الرٹ جاری کرتے ہوئے 3 اور 5 ملی لیٹر کی آٹو ڈسپوزیبل سرنجز کے ایک ایک بیچ کو غیر معیاری قرار دیدیا، الرٹ کے مطابق الشفاء کی ایس ایم ڈی پین کیس 5 اور 3 ملی لیٹر سرنجز کے ایک ایک...... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے پارلیمانی سیکرٹری آئی ٹی صمد خان گورگیج اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

رکاوٹوں کے باوجود اسلام آباد میں داخل ہوکر رہیں گے' مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے عوام کے جائز حقوق مانگ رہے ہیں' ہم اسلام آباد پاسپورٹ بنا کر جانا نہیں چاہتے' صوبائی امیر جماعت اسلامی بلوچستان

جمہوریت کے نام نہاد چمپیئن نے ہمیں اسلام آباد جانے سے روک کر میر جعفر کا کردار ادا کیا' لاہور میں استقبالیہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ ،لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ پنجاب کے عوام نے لانگ مارچ کو عزت دی خدمت کیا جبکہ مریم نواز اور اس کے بچانے کوئی عزت نہیں دی انتظامیہ نے ایک پرامن مارچ کا راستہ روک کر اس کو پرتشدد بنانے کی گھٹیا حرکت کی ہے قافلے کا راستہ روکنا امن کا راستہ روکنے کے مترادف ہے مارچ تو ہوکر رہے گا اسلام آباد جانے کا راستہ کیوں بند کیا گیا؟ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے...... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم گرفتار

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین بدنام زمانہ چور گرفتار، پولیس پر فائرنگ کا واقعہ، تحقیقات جاری دالبندین میں ایس پی چاغی محمد عثمان سدوزئی کی ہدایت پر پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک بدنام زمانہ چور ثاقب شاہ کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ ملزم دالبندین پولیس کو طویل عرصے سے مختلف مقدمات میں مطلوب تھا۔ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزم کو حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا، جہاں اس سے مزید تفتیش جاری ہے دوسری جانب دالبندین کے مشرقی بائی پاس پر ایک کار سوار کو روکنے کی کوشش پر پولیس پر اچانک فائرنگ کردی گئی۔

عبداللہ کرد ایڈووکیٹ پر بدعنوانی کے ارتکاب پر عدالت عالیہ وماتحت ضلعی عدالتوں میں داخلے پر پابندی

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس روزی خان بڑیچ کی ہدایت پر عبداللہ کرد (ایڈووکیٹ) پر بدعنوانی کے ارتکاب پر عدالت عالیہ وماتحت ضلعی عدالتوں میں داخلے پر پابندی عائد کردی ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی' مسلح ڈاکو پی سی اوز مالکان اور دکاندار کو لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ڈاکو راج برقرار سٹی پولیس تھانہ سے چندفٹ فاصلے پر سات مسلح ڈاکو دو پی سی اوز اور ایک دکاندار سے مجموعی پر 16 لاکھ نقدی اور 15 لاکھ مالیت کے قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار جبکہ مزاحمت پر فائرنگ کرکے 2 افراد کو زخمی کردیا۔ واقعہ کے خلاف تاجر برادری اور مشتعل شہریوں نے ٹائر جلا کر قومی شاہراہ کو بلاک کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی مین بازار سٹی پولیس تھانے سے چندفٹ کے فاصلے پر سات مسلح ڈاکو جوکہ جدید اسلحے سے لیس اور موٹر سائیکلوں پر سوار تھے

پولیو ورکرز کا عوام کے ساتھ ناروا رویہ قابل مذمت ہے، قاری مہراللہ

خواتین کیساتھ گالم گلوچ روایات کی پامالی ہے' رہنماء جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ' جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی' مولانا خدائے نظر حاجی عبیداللہ حقانی آغا ابراہیم شاہ مولانا عبدالرحمن مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی محمد نور اخونزادہ اور مولانا عبدالصمد نے مشرقی بائی پاس میں پولیو ورکرز کی عوام کے ساتھ ناروا رویہ اور نازیبا الفاظ کی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

لیویز نے جعلی کرنسی استعمال کرنے والے دو افراد کو گرفتار کرلیا

ملزمان کے قبضے سے چھ لاکھ اڑتیس ہزار روپے کے جعلی کرنسی نوٹ برآمد

کوئٹہ (یو این اے) لیویز تھانہ کان مہترزئی کے عملے نے رسالدار عبداللہ کی نگرانی میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے جعلی کرنسی استعمال کرنے والے دو افراد کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی میں عبدالعزیز حوالدار اور محمد قاسم حوالدار نے حصہ لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزمان کے قبضے سے چھ لاکھ اڑتیس ہزار روپے کی جعلی کرنسی برآمد کی گئی۔ لیویز نے موقع پر ایف آئی...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے شرابی ایک سال میں 4 لاکھ گیلن شراب پی گئے

ایک سال میں 28 لاکھ لیٹر بیئر پی گئی اعداد و شمار اسمبلی میں پیش

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو شراب کی فروخت پر عائد ٹیکس سے 1 ارب 2 کروڑ کی آمدنی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں شراب کے رسیا ایک سال کے دوران اربوں روپے کی 28 لاکھ لیٹر بیئر اور چار لاکھ گیلن شراب پی گئے 2023-24ء کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کو شراب کی فروخت پر عائد ٹیکس سے ایک ارب دو کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی رپورٹ کے مطابق محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے بلوچستان اسمبلی میں پیش کئے گئے اعداد و شمار کے مطابق محکمے کی جانب سے بلوچستان کے دس شہروں میں...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب کا چیف جسٹس کو خط، 9 مئی مقدمات میں عدلیہ کے کردار پر سوالات اٹھادیئے

9 مئی مقدمات میں انصاف کا خون ہورہا ہے، انصاف کی فوری فراہمی یقینی بنائی جائے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

ملک میں آئین، عالمی قوانین پامال ، عدالتی کارروائیاں بدنیتی، جلد بازی اور دباؤ کے تحت کی جارہی ہیں، خط کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو خط لکھ کر فوری انصاف فراہم کرنے کی درخواست کردی، عمر ایوب نے چیف جسٹس کے نام اپنے خط میں کہا 9 مئی مقدمات انصاف کی بجائے سیاسی انتقام کا شکار ہو چکے، عدالتی کارروائیاں بدنیتی، جلد بازی اور دباؤ کے تحت کی جارہی ہیں، ملک میں آئین، عالمی قوانین پامال ہورہے ہیں، جھوٹے مقدمات، زبردستی اعتراف و سیاسی انتقام کی فضا عدلیہ کی ساکھ کو تباہ کررہی ہے، عدلیہ کو ظلم کیخلاف ڈھال بننا...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی' رشتے کے تنازعہ پر 1 شخص قتل' ٹریفک حادثے میں 7 افراد زخمی

پیش آنے والے واقعات کی مزید تحقیقات پولیس نے شروع کردی ہے

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) ڈیرہ بگٹی میں رشتے کے تنازع پر ایک شخص قتل جبکہ ٹریفک حادثے میں سات افراد زخمی ہوگئے ذرائع کے مطابق ڈیرہ بگٹی میں دو مختلف واقعات میں ایک شخص قتل جبکہ سات افراد زخمی ہوگئے قتل کا واقعہ تحصیل پھیلاوغ کے علاقے شم میں پیش آیا جہاں علی دوست ولد پٹھی قوم مسوری بگٹی کو قتل کردیا گیا حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی ناگزیر ہے' حافظ حسین شرودی

موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائیوں پر جمعیت کو تحفظات ہیں' رہنماء

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی ناظم مالیات حاجی قاسم خان خلجی معاون ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ مولانا مفتی روزی خان بادیزئی مولانا حاجی عبدالمالک بڑیچ اختر جان مری مولانا مفتی رحمت اللہ سالار مولانا علی جان ڈپٹی سالار حافظ ع...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ایسا ٹیکس سسٹم نافذ کررہے ہیں جو عوامی فلاح پر مبنی ہو' عاصم کردگیلو

حکومت محصولات سے متعلق نظام کو مکمل شفاف بنانے کیلئے پرعزم ہے' صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر محمد عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان زرعی آمدنی، اراضی ریکارڈ، اور دیگر محصولات سے متعلق نظام کو مکمل ڈیجیٹلائز اور شفاف بنانے کے لئے پرعزم ہے ہم ایک ایسا ٹیکس سسٹم نافذ کررہے ہیں جو نہ صرف عوامی فلاح پر مبنی ہو بلکہ بدعنوانی اور غیر ضروری دباؤ سے پاک ہو یہ بات انہوں نے مختلف وفود...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ ، موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام، 3 ملزمان گرفتار

پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزمان زخمی، چھینی گئی موٹر سائیکل 3 پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایگل اسکواڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 ملزمان کو گرفتار کرکے چھینی گئی موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم راہزنوں نے ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین لی جس کی اطلاع فوری طور پر پولیس کنٹرول کو...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نہری پانی کی غیر منصفانہ تقسیم برداشت نہیں ہر کسان کو حق ملے گا' صادق عمرانی

حکومت صوبے میں پانی بحران پر قابو پانے اور زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھارہی ہے' صوبائی وزیر آبپاشی

چھوٹے ڈیموں، واٹر چینلز اور ری چارج ویلز کے منصوبوں پر کام تیز گوادر، خضدار، مستونگ، نوشکی' چاغی میں منصوبوں کی منظوری دیدی

محکمے کو عوامی خدمت کا ادارہ بنائیں گے، سیاسی اثر و رسوخ نہیں صرف میرٹ کو فوقیت دی جائے گی' وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں پانی کے بحران پر قابو پانے اور زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کررہی ہے بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ پانی کی قلت ہے ہم نہری نظام کو فعال بنا کر زراعت کی بحالی کیلئے عملی اقدامات کررہے ہیں یہ بات انہوں نے ملنے والے وفود سے بات چیت کرتے...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

کراچی، سی ٹی ڈی مقابلے میں ہلاک فتنہ الخوارج کے تیسرے دہشتگرد کی شناخت

کراچی (بیورو رپورٹ) سی ٹی ڈی کیساتھ مقابلے میں ہلاک ہونے والے فتنہ الخوارج کے تیسرے دہشتگرد کی شناخت مطیع عرف ابوناصر کے نام سے کرلی گئی، سی ٹی ڈی کے سینئر افسر راجہ عمر خطاب کے مطابق ہلاک دہشتگرد مطیع خودکش حملہ آور، کراچی اور اندرون سندھ میں فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ، بم حملوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملوں میں ملوث تھا،اپنی شناخت چھپانے کیلئے دہشتگردوں نے مختلف ناموں اور تصاویر والے شناختی کارڈ بنوار کھے تھے۔

حکومت دہشتگردوں کیخلاف موثر اور جامع کارروائی کرے' پشتونخوا نیپ

حکومتی پالیسیوں کا مقصد پشتونخوا وطن کے قیمتی وسائل کو لوٹنا ہے' مختار خان یوسفزئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے پشتونخوا وطن، بالخصوص خیبر میں بے گناہ، معصوم اور عام شہریوں پر اندھا دھند فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں پانچ سے زائد شہری جاں بحق اور پندرہ سے زائد زخمی ہوئے اسی طرح ٹانک، باجوڑ اور دیگر علاقوں میں پیش آنے والے حالیہ واقعات پر بھی شدید ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

تحصیل اورناچ میں فائرنگ کے تبادلے میں 1 ڈاکو ہلاک

1 زخمی' ڈاکو ناکہ لگاکر گاڑیوں کو لوٹ رہے تھے' ضلعی انتظامیہ

خضدار (آن لائن) تحصیل اورناچ میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو ہلاک، ایک زخمی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع خضدار کے تحصیل اورناچ میں ڈاکو ناکہ لگا کر گاڑیوں کو لوٹ رہے تھے ضلعی انتظامیہ کو اطلاع ملتے ہی کوئیک رسپانس کا مظاہرہ کیا گیا جہاں پر فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک ڈاکو ہلاک اور دوسرا زخمی ہوگیا، ڈی سی خضدار نے بتایا کہ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی نیشنل پارٹی کسی آپریشن کے حق میں نہیں

عوام دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو پہچان چکے ہیں، صوبائی بیان

بیرونی معاہدوں کو روبہ عمل لانے کیلئے پشتونوں کا مزید خون نہ بہایا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع باجوڑ کے علاقے لوئی ماموند کے 16 یونین کونسلوں میں آپریشن سربکف کا آغاز اولس کی منشاء اور رائے کے برخلاف شروع کیا گیا شہید مولانا خان زیب کی مسکن باجوڑ کی در و دیوار خون آلود...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

تحصیل لوئی ماموند کے متعدد علاقوں میں نقل وحرکت پر پابندی عائد

باجوڑ (بیورو رپورٹ) ضلعی انتظامیہ باجوڑ نے تحصیل لوئی ماموند کے مختلف علاقوں میں نقل و حرکت پر پابندی عائد کردی، اعلامیہ بھی جاری کردیا گیا، اعلامیے کے مطابق پابندی 29 سے 31 جولائی تک نافذ العمل رہے گی

پاکستان اور عالمی مارکیٹ میں سونا مزید سستا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان اور عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں مزید کمی ، فی تولہ سونا 1600 روپے اور فی اونس 16 ڈالر سستا ہوگیا، آل پاکستان صراف اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن سے جاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں سونے کی فی تولہ قیمت 1600 روپے کمی سے 3 لاکھ 54 ہزار 700 روپے اور 10 گرام 1372 روپے سستا

کوئٹہ: وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر دیگر نیشنل ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کی پرنسپل شمیم ناز کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہی ہیں

کوئٹہ میں پانی کا بحران سنگین، چیک ڈیمز کیلئے منصوبہ بندی کی جائے' کمشنر

زیرزمین پانی کی سطح تیزی سے گررہی ہے بروقت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو آئندہ نسلیں شدید قلت آب کا شکار ہوں گی' شاہ زیب خان کاکڑ

کارواش سینٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع اور ان کے کنکشن اور پانی کے استعمال کا تفصیلی جائزہ لیا جائے' زیر صدارت اجلاس سے خطاب

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے شہر کے تمام پرانے سگنلز کی مرمت اور فعال کرنے کے حوالے سے عملی اقدامات اٹھائے جائیں' افسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پانی کا مسئلہ نہایت سنگین نوعیت اختیار کرچکا ہے، جس کے حل کے لئے فوری اور سنجیدہ اقدامات کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ زیرزمین پانی کی سطح تیزی سے گر رہی ہے اور اگر بروقت اقدامات نہ کئے گئے تو آئندہ نسلیں شدید قلت آب کا شکار ہوں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان آف کونسل ریسرچ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ سے بلوچستان بار کونسل، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا نمائندہ وفد ملاقات کررہا ہے

بلوچستان کے حقوق کی جدوجہد ہمارے خون میں ہے' نوابزادہ جمال رئیسانی

آج میں اپنے شہید بھائی وشہید بابا کے نقش قدم پر چلنے کیلئے پہلے سے زیادہ مضبوط اور پرعزم ہوں' رکن قومی اسمبلی

فتنہ الہند کیخلاف پاکستانی فورسز کی کارروائیوں کی حمایت کرتے ہیں' سراوان ہاؤس میں شہید شمل رئیسانی کی برسی کے موقع پر قرآن خوانی

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ میر شمل رئیسانی کو نوجوانوں کیساتھ فٹبال کھیلتے ہوئے شہید کیا گیا ایک مسکراتا لمحہ جو دشمن کی نفرت کی نذر ہوگیا میرے لئے بلوچستان کا ہر نوجوان شہید شمل رئیسانی کا عکس ہے اور میں انہیں کبھی مایوس نہیں ہونے دوں گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید نوابزادہ میر شمل خان رئیسانی کی 14 ویں برسی کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا سراوان ہاؤس کوئٹہ میں برسی کی مناسبت سے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں رکن قومی اسمبلی نوابز...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ ڈبل سواری، بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل ونقاب پوش سواروں پر پابندی

...ناکے قائم موٹر سائیکل سواروں کی سخت چیکنگ جاری ہے' سیکورٹی ادارے

مستونگ (یو این اے) مستونگ شہر میں امن و امان کی فضا بہتر بنانے اور جرائم کی روک تھام کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ڈبل سواری، بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل اور نقاب پوش سواروں پر مکمل پابندی عائد کردی ذرائع کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

سیدال خان کی رانا ثناء اللہ سے ان کے دفتر میں ملاقات

ایوان بالا ملک میں جامع قانون سازی کے عمل میں کردار ادا کررہا ہے' قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے گزشتہ روز وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی، اقتصادی اور پارلیمانی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے خیبر پختونخوا میں حالیہ سینیٹ انتخابات کے بعد کی پارلیمانی صورت...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، مبینہ طور پر بیوی کا قتل کرنے والا شوہر گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس جرائم کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی، حکام

اوستہ محمد (آن لائن) ایس پی اوستہ محمد کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد عبدالغنی پٹھان کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر اوستہ محمد سکندر علی لہڑی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم شیر دل ولد حاکم علی لہڑی ساکن گوٹھ حاجی کرم علی لہڑی کو گرفتار کر...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بی این پی (عوامی) کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری، مرکزی سیکرٹری جنرل سابق سینیٹر سید اکبر شاہ، مرکزی سینئر نائب صدر نذیر مینگل، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی عبدالوہاب موسیانی، مرکزی انسانی حقوق سیکرٹری نوابزادہ میر ضیاء اللہ خان زہری، مرکزی نائب صدر ڈاکٹر مراد مینگل، مرکزی لیبر سیکرٹری میر ادریس زہری ضلعی آرگنائزر خضدار منیر احمد زہری ضلعی ڈپٹی آرگنائزر شمس الدین میروانی، تحصیل آرگنائزر حافظ...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار پولیس کی کارروائیاں جاری پسٹل برآمد، 2 ملزمان اور 2 مفرور گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار ایس ایچ او سٹی اور اسپیشل گشت کی مشترکہ کارروائی، پسٹل برآمد، 2 ملزمان اور 2 مفرور گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کی ہدایات پر ڈی ایس پی سٹی محمد زمان چندرانی کی زیر نگرانی ایس ایچ او سٹی عبداللہ چندرانی نے دوران سنیپ چیکنگ ڈکیتی کی نیت سے دو مشکوک افراد سلمان اور حسنین کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے 9mm پسٹل اور موٹر سائیکل برآمد کرکے دو الگ الگ مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی، یاد رہے ملزم سلمان میں بھی مفرور تھا دوسری کارروائی میں ایس ایچ او سٹی نے مفرور ملزم شبیر احمد کو گرفتار کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

افغانستان سے کم ٹیرف پر زرعی اجناس کی درآمد مسترد کرتے ہیں' عبدالقہار آغا

اس معاہدے سے زمینداروں کا معاشی نقصان ہوگا' رہنماء ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری سید عبدالقہار آغا نے کہا ہے کہ بلوچستان کے زمینداروں نے افغانستان اور پاکستان کے درمیان کم ٹیرف پر زرعی اجناس کی درآمد کے معاہدے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدے سے زمینداروں کا معاشی نقصان ہوگا ، معاہدہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے افغانستان اور پاکستان...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ اسمبلی نے نیپرا کے فیصلے کیخلاف متفقہ قرارداد منظور کرلی

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ اسمبلی میں نیپرا کے فیصلے کیخلاف اپوزیشن کی قرارداد اور بحث کے بعد متفقہ طور پر منظور کرلی سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا سندھ بھر میں 18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، کے الیکٹرک، حیسکو اور سیپکو خاموش تماشائی بنے ہیں اب نیپرا کراچی کے شہریوں سے 50 ارب وصول کرنا چاہتا ہے

کم از کم اجرت 75 ہزار روپے مقرر کی جائے، ہیومن رائٹس کمیشن

5 رکنی خاندان کیلئے موجودہ رقم میں خوراک، تعلیم وصحت کے اخراجات پورے کرنا ممکن نہیں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (ایچ آر سی پی) نے تنخواہ دار طبقے اور دیہاڑی دار مزدوروں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کم از کم اجرت 75 ہزار روپے مقرر کرنے، لیبر قوانین پر مؤثر عملدرآمد کا مطالبہ کردیا، مطالبہ حیدرآباد میں منعقدہ پر...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

منصورہ لاہور میں لانگ مارچ کے شرکاء سے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ مشاورت وخطاب کررہے ہیں

بنوں میں جانی خیل پل کو دھماکے سے اڑانے کی کوشش ناکام

سیکورٹی اداروں نے علاقے کو سیل کرکے دہشتگردوں کی تلاش شروع کردی

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں جانی خیل پل کو دھماکے سے اڑانے کی کوشش ناکام بنادی گئی، پولیس کے مطابق تخریب کاروں نے جانی خیل پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش کی تاہم پل کو صرف جزوی نقصان پہنچا، پل کو ٹارگٹ کیے جانے کے بعد سیکورٹی اداروں نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور علاقہ سیل کردیا، پشاور پولیس ترجمان کے...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

روس میں رشوت لینے سے انکار پر انعام دینے کی انوکھی سکیم متعارف

جنوبی علاقے کرسنوڈار کرائی میں پولیس اہلکاروں کیلئے تجرباتی منصوبہ شروع

ماسکو (بیورو رپورٹ) روس میں رشوت لینے سے انکار پر انعام دینے کی انوکھی سکیم متعارف کرادی گئی، رشوت ستانی جیسے سنگین مسئلے سے نمٹنے کیلئے روس کے جنوبی علاقے کراسنوڈار کرائی میں پولیس اہلکاروں کیلئے انوکھا تجرباتی منصوبہ شروع ہوگیا، منصو...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

آباؤ اجداد نے قربانی دی اب میراث سنبھالنے کی ذمہ داری ہماری ہے' پشتونخوا میپ

فارم 47 کی حکومتوں کے قیام کا مقصد دراصل عوامی حقوق غصب' کرپشن وکمیشن اور پرسنٹ پروان چڑھانا ہے' عبدالرحیم زیارتوال

یہ عناصر جوابدہ ہوں گے' زیارت میں 144 نافذ کرکے عوام کو جمہوری احتجاج سے نہیں روکا جاسکتا' علاقائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے ضلع کوئٹہ کچلاک تحصیل کے زیر اہتمام علاقائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے عوام کے زمین، پہاڑ اور وسائل کی الاٹمنٹ جاری ہے ، مالکان ہونے کے باوجود ہمارے عوام اپنے وسائل پر اختیار سے محروم اور کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں فارم 47 کی حکومت بے دریغ الاٹمنٹس اور نیلامی میں مصروف ہے عوامی جائیدادوں کی الاٹمنٹس اور قبضوں میں مصروف سیاسی جماعتوں ان کے نمائندوں کا احتساب ان کے پارٹی کارکنان...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں شدید غذائی قلت پر عالمی اداروں کی نئی وارننگ

فوری اقدامات نہ کرنے سے بڑے پیمانے پر اموات ہوسکتی ہیں، انتباہ

غزہ (بیورو رپورٹ) غزہ میں شدید غذائی قلت پر عالمی اداروں کی جانب سے نیا انتباہ جاری کردیا گیا، انتباہ میں کہا گیا فوری اقدامات نہ کرنے سے بڑے پیمانے پر اموات ہوسکتی ہیں، برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق خوراک کی کمی کے باعث ر...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی، مقامی حکومتوں کے 20 سالہ ریکارڈ میں اربوں بے ضابطگیاں

اب تک صرف 3 ارب 23 کروڑ 20 لاکھ روپے کی معمولی ریکوری کی جاسکی، آڈیٹر جنرل

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کی مقامی حکومتوں کے 20 سالہ آڈٹ ریکارڈ میں اربوں کی سنگین مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، آڈیٹر جنرل کے دفتر کی جانب سے اب تک صرف 3 ارب 23 کروڑ 20 لاکھ روپے کی معمولی ریکوری کی جاسکی...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

نیویارک میں فائرنگ سے مسلم پولیس افسر سمیت 5 افراد قتل

2 زخمیوں کی حالت نازک، فائرنگ کے بعد حملہ آور نے خود کو گولی مار کر خودکشی کرلی

نیویارک (بیورو رپورٹ) امریکی شہر نیویارک کے علاقے مڈٹاؤن مین ہٹن میں مسلح شخص کی فائرنگ سے پولیس افسر دیدار الاسلام سمیت 5 افراد ہلاک ہوگئے، فائرنگ کے بعد حملہ آور نے خود کو گولی مار کر خودکشی کرلی، رپورٹ کے مطابق واقعہ 634 فٹ بلند عمار...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان محمد نور کھیتران (کے پی آئیز) کیز پرفارمنس انڈیکیٹر اور محکمانہ امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایم ڈبلیو ایم کا زائرین کیلئے زمینی راستوں پر پابندی کیخلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان

مذہبی آزادی پر قدغن لگانا آئین کے آرٹیکل 20 کی خلاف ورزی، غیر آئینی، غیر اخلاقی اقدام کو قبول نہیں کریں گے

گلگت بلتستان سے کراچی تک پورے ملک میں دھرنے اور پرامن احتجاج کریں گے، علامہ راجہ ناصر عباس کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مجلس وحدت مسلمین (ایم ڈبلیو ایم) نے زائرین کیلئے زمینی راستوں پر پابندی کیخلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان کردیا، سربراہ ایم ڈبلیو ایم سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہرگز غیر قانونی، غیر آئینی اور غیر اخلاقی اقدام کو قبول نہیں کریں گے، مذہبی آزادی پر قدغن لگانا آئین کے آرٹیکل 20 کی خلاف ورزی ہے، زائرین کی گمشدگی کے بیان پر وزارت مذہبی امور کو معافی مانگنی چاہیے، علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا گلگت بلتستان سے کراچی تک پورے ملک میں دھرنے اور پرامن احتجا...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر